جواب: سردیوں کے موسم میں بچے زیادہ سردی لگنے سے مختلف قسم کی بیماریوں کا شکار ہونے لگتے ہیں۔ بچوں کا مدافعتی نظام اتنا مضبوط نہیں ہوتا اس لئے وہ تھوڑی بداحتیاطی سے بیماری کا شکار ہو جاتے ہیں۔ سردیوں میں ناک بہنا، زکام، کھانسی بخار، سانس کا تیز چلنا، بچوں میں ہونے والی عام علامت ہے۔ ان سب پر مناسب توجہ سے آسانی سے قابو پایا جا سکتا ہے۔ ان حالتوں میں زیادہ تر سانس کے نظام کا اوپر والا حصہ متاثر ہوتا ہے یہ عموماً وائرس کی وجہ سے ہوتا ہے۔ لیکن کوئی بیکٹر یا بھی انفیکشن کر سکتا ہے اور مناسب توجہ نہ دینے کی وجہ سے نمونیا اور ٹی بی جیسے موذی مرض بھی ہو سکتے ہیں جس سے بچنے کے لئے بہت زیادہ مشکلات پیدا ہو سکتی ہے۔ نظام تنفس کے اوپر کی بیماریاں جنہیں UTRI بھی کہتے ہیں یا تو وائرس کی وجہ سے ہوتی ہے۔ یا پھر بیکٹریا کی وجہ سے ان میں بچہ بے چین ہوتا ہے۔ بخار کی وجہ سے جسم گرم محسوس ہوتا ہے۔ ٹانسل اور نظام تنفس کے اوپر والے حصے سوجے اور پھولے نظر آتے ہیں۔ سانس لینے میں دشواری ہوتی ہے۔ ان سب حالات میں ماں کی ذمہ داری بہت بڑھ جاتی ہے اس کا کام ہے کہ تسلی سے بچے کی حرکات وسکنات اور رویے میں تبدیلی کو دیکھے ان حالات میں بچے کو ایک صاف ستھرا اور ہوادار کمرے میں رکھا جائے۔ دوسرے صحت مند بچوں کو اس سے دور رکھا جائے۔ بخار وغیرہ کی صورت میں بچے کو کچھ نہ کچھ کھلاتے رہنا چاہئے۔ عموماً دیکھا گیا ہے کہ مائیں اس صورت میں بچے کو کھلانے پلانے سے احتراز کرتی ہیں۔ ماں کو بدستور اپنا دودھ پلاتے رہنا چاہئے۔ اور زیادہ ر پینے والی اشیاء دینا چاہئیں۔ بچے کی نیند اور آرام کا مکمل خیال رکھنا چاہئے۔ اگر ٹمپریچر زیادہ ہو تو پھر ٹھنڈی پٹیاں کر کے اس کو کنٹرول کرنا چاہئے۔ بخار کو کم کرنے کے لئے کوئی بخار کم کرنے والی دوا استعمال کریں لیکن ۱۲ سال سے کم عمر بچوں میں اسپرین یا ڈسپرین کبھی استعمال نہ کی جائے کیوں کہ اس سے جگر اور دماغ کی بیماری ہو سکتی ہے۔ مچھلی کا تیل یا شہد بچوں کے لئے اچھی غذا ہے۔ اور یہ نظام تنفس کے امراض کو روکنے میں مدد کر سکتے ہیں۔ بہت ایسے امراض ہیں جن میں اینٹی بائیوٹیکس دواؤں کے استعمال کا کوئی فائدہ نہیں کیوں کہ ان کی ضرورت وائرس سے ہونے والی انفیکشن میں بالکل نہیں ہوتی۔ اگر اوپر دی گئی ہدایت پر عمل کرنے سے بچے کا بخار کم نہ ہوا اور وائرس لیٹے میں رکاوٹ بدستور برقرار ہے تو پھر ڈاکٹر سے مشورہ کر کے بچے کا باقاعدہ علاج شروع کروانا چاہئے۔ تاکہ باقاعدہ تشخیص کر کے صحیح علاج کیا جا سکے۔ سردیوں کے موسم میں بچوں کی طرح بڑے بھی مختلف بیماریوں اور چیسٹ انفیکشن کا شکار ہو جاتے ہیں۔ جان لیوا خشک کھانسی اور بلغمی کھانسی پیچھا نہیں چھوڑتی، گلے میں سوجن کی وجہ سے آواز نہیں نکلتی۔ زکام کی وجہ سے ہر وقت ناک بہتا رہتا ہے۔ دمہ کے مریضوں میں انفیکشن کی وجہ سے دمہ کے جتن میں شدت آجاتی ہے۔ انسانی جسم کا مدافعتی نظام بہت مضبوط ہے۔ جب بھی جسم پر کوئی حملہ ہوتا ہے تو سب سے پہلے جسم کی کوشش ہوتی ہے اس کا مقابلہ کیا جائے۔ کھانسی کا آنا بھی اسی مدافعتی نظام کا ایک حصہ ہے۔ کھانسی کے ذریعہ سانس کی نالی کے اوپر والے حصے میں جمی ہوئی بلغم باہر نکلتی ہے۔ جس سے سانس لینا آسان ہو جاتا ہے۔ کھانستے رہنے سے سانس کی نالی صاف ہوتی رہتی ہے۔ اس بلغم کا اخراج نہ ہو تو سانس کی نالیاں تنگ ہو جاتی ہیں اور یوں سانس پھولنے اور دمہ کی بیماری کے حملے ہونے لگتے ہیں۔ اس لئے اس طرح کی کھانسی کو روکنے کے لئے دوا کی ضرورت نہیں رہتی۔ اصل میں کھانسی کی دوا صرف اور صرف اس وقت استعمال کرنا چاہئے جب اس کے ساتھ ساتھ دوسری تکالیف ہوں یعنی بخار یا کوئی اور انفیکشن جن کا علاج بہت ضروری ہے۔ بعض اوقات گرم پانی اور نمک کے غرارے کرنے یا پھر بھاپ لینے سے کھانسی دور ہو جاتی ہے۔ مختلف قسم کی نت نئی کھانسی دوائیں حقیقتاً کھانسی روکنے میں ذرا بھی مدد نہیں کرتیں۔ ان کا بے جا استعمال صرف اور صرف پیسے کا ضیاع ہے۔ اس لئے ان کے استعمال کرنے سے پرہیز کرنا بہتر ہے۔ بعض نام نہاد حکیم اور جعلی ڈاکٹر ذرا سے زکام میں مختلف دواؤں کی کاک ٹیل بنا کر دیتے ہیں جن میں درد کرنے والی دوا، الرجی کے لئے دوا اینٹی بائیوٹیک دوا اور سٹرائیڈ شامل ہوتے ہیں اگرچہ اس سے فوری افاقہ ہو جاتا ہے لیکن ان دواؤں کی مضر اثرات کی وجہ سے بعد میں خاصے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں، زکام یا فلو ایک وائرس کی وجہ سے ہوتا ہے جس پر مختلف قسم کی ادویات کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔ اس کا سب سے بہتر علاج بھاپ لینا ہے۔ بھاپ لینے وائرس کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ زکام کے دوران وٹامن سی کا استعمال بھی فائدہ مند ہے وٹامن سی کے لئے اور رنج جوس کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔ گلے کی مختلف تکالیف کے لئے دواؤں کا استعمال کرتے وقت اس بات کا تعین کرنا بہت ضروری ہے کہ کون سی دوا دی جائے۔ معمولی گلا خراب ہونے یا گلے میں خارش ہونا کوئی بڑا مسئلہ نہیں، کھانے پینے میں احتیاط برتنے اور بہت زیادہ گرم اشیاء کھانے سے بھی گلا خراب ہو جاتا ہے جو ایک آدھ دن بعد خود بخود ٹھیک ہو جاتا ہے۔ دمہ بچوں اور بڑوں کے لئے ایک تکلیف دہ بیماری ہے اس میں بار بار سانس اکھڑتا ہے جو بعض حالتوں میں خطرناک بھی ہو سکتا ہے۔ دمہ بعض اوقات الرجی کرنے والی اشیاء مثلاً گرد، ہاؤس مائٹ، پولن گر میں یا کھانے پینے کی چیزوں سے ہوتا ہے یا پھر انفیکشن کی وجہ سے ہوتا ہے۔ سانس کی نالیوں میں بلغم جمع ہو جاتا ہے۔ ان حالتوں میں سب سے بہتر علاج الرجی کرنے والے عناصر سے پرہیز اور انفیکشن کو کنٹرول کرنا ہے۔ سردی کی آمد سے قبل ہی والدین کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ چھوٹے چھوٹے معصوم بچوں کی دیکھ بھال کے انتظامات شروع کر دیں۔ خصوصاً کھانے پینے اور پوشاک پر خیال رکھنا نہایت ضروری ہے۔ سردی کے اس موسم میں Aconite 30 اور Arsenic Iod 30 روزانہ چھ بار دیں۔

سوال: ڈاکٹر صاحب! مٹیابرج کے چیمبر میں سنیچر کے دن اتنی بھیڑ تھی کہ میں بہت دیر کھڑا رہ کر بھی واپس آ گیا، ان شاء اللہ اگلی بار مرلی ہومیو میں ملنے کی کوشش کرتا ہوں اس سے پہلے نیند کے تعلق سے ایک اہم سوال لے کر حاضر ہوں کہ پانچ گھنٹے یا اس سے کم سونا کس قدر خطرناک ہے؟ اس سوال کا جواب اور ملیریا بخار کی ہومیو پیتھی دوا تحریر فرمائیں گے۔ ابرار عالم صمدانی، آسنسول

جواب: محققین کا کہنا ہے کہ ۵۰ سال سے زیادہ عمر کے لوگوں میں متعدد طبی مسائل کا امکان کم از کم پانچ گھنٹے سونے سے کم ہو سکتا ہے۔ صحت کے مسائل سے نیند متاثر ہوتی ہے۔ مگر خواب نیند خود بھی طبی مسائل کی پیشگی علامت ہو سکتی ہے۔ اس حوالے سے ثبوت موجود ہیں کہ نیند جسم اور دماغ کے تروتازہ ہونے کے ساتھ ساتھ خود کی مرمت کرنے اور بحال کرنے میں بھی مدد دیتی ہے۔ مگر یہ اب بھی واضح نہیں کہ کسی خاص دورانیے کے لئے سونا کیوں اہم ہو سکتا ہے۔ پبلک لائبریری آف سائنس میڈیسن جرنل میں شائع ہونے والی اس تحقیق میں برطانیہ کے سرکاری اہل کاروں کی صحت اور نیند کا جائزہ لیا گیا تقریباً تمام آٹھ ہزار شرکاء سے پوچھا گیا کہ وہ روز رات کو تقریباً کتنا سوتے ہیں۔ کچھ لوگوں نے اپنی کلائیوں میں سلیپ ٹریکر کی حامل گھڑیاں بھی پہن رکھی تھیں اس کے بعد ان سے گزشتہ دو دہائیوں کے دوران سنگین بیماریوں اور عارضوں مثلاً ذیابیطس، سرطان اور امراض قلب کے متعلق پوچھا گیا وہ لوگ جو تقریباً ۵۰ برس کے تھے اور پانچ گھنٹے یا اس سے کم سو رہے تھے۔ ان میں سات گھنٹے سونے والوں کی بہ نسبت متعدد امراض کا خطرہ ۳۰ فیصد زیادہ تھا ۵۰ کی عمر میں کم نیند کا تعلق موت کے بلند خطرے سے بھی پایا گیا۔ جس کا بنیادی طور پر تعلق سنگین بیماریوں کے خطرے میں اضافے سے ہے۔ چنانچہ یونیورسٹی کالج لندن اور پیرس سیٹے یونیورسٹی کے محققین کے مطلق ماہرین اسی لئے عموماً سات سے آٹھ گھنٹے کی نیند کی تجویز دیتے ہیں۔ سائنسداں اب بھی واضح طور پر یہ بات نہیں جانتے مگر یہ واضح ہے کہ نیند دماغ کو یادداشت مضبوط بنانے میں مدد دیتی ہے اور مزاج، توجہ اور اندرونی نظام کی بہتری کے لئے ضروری ہے۔ اس کے علاوہ نیند دماغ کو اپنے آپ صاف کرنے کا موقع بھی فراہم کرتی ہے۔

خود کو دن میں مصروف اور متحرک رکھ کر تھکائیں مگر جیسے جیسے سونے کا وقت قریب آنے لگے تو سرگرمیاں سست کر لیں رات کے وقت کا اچھا معمول بنائیں اور یہ یقینی بنائیں کہ آپ کا بیڈروم آرام دہ اور نیند کے لئے سازگار رہے۔ موٹے پردے یا سیاہ بلائنڈر کمرے کا آرام دہ ٹمپریچر اور بستر ضروری ہیں۔ جب کہ بستر میں اسمارٹ فون وغیرہ کے استعمال سے گریز کریں نیند کے وقت سے پہلے کیفین یا الکوحل کا استعمال بند کر دیں۔ اگر آپ نہ سو پائیں تو زبردستی نہ کریں اور نہ ہی پریشان ہوں بلکہ اٹھ جائیں اور کتاب پڑھنے جیسے کوئی سکون آور کام کریں اور جب نیند کا غلبہ محسوس ہو تو واپس بستر پر لوٹ آئیں۔ اگر آپ رات کی شفٹوں میں کام کرتے ہیں تو نائٹ شفٹ شروع ہونے سے پہلے ایک مختصر نیند لے لیں، اگر آپ رات کی شفٹوں میں سے پٹ رہے ہیں تو دن میں تھوڑا سا آرام کر لیں تا کہ دن گزر جائے اور پھر جلدی سونے چلے جائیں۔ سرے سلیپ سنٹر کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈرک پان ڈائک نے کہا کہ اس کام سے اعادہ ہوتا ہے کہ نہ صرف کم نیند ہمارے لئے بری ہے بلکہ یہ عام طور پر صحت مند بھی نہیں، لیکن کچھ لوگوں کے لئے یہ ٹھیک ہو سکتی ہے۔ بڑا سوال یہ ہے کہ کیوں کچھ لوگ کم سوتے ہیں۔ اس کی وجہ کیا ہے اور کیا ہم اس حوالے سے کچھ کر سکتے ہیں اس کی وجہ کیا ہے؟ طویل مدت تک خراب نیند ذہنی اور جسمانی صحت پر منفی اثرات مرتب کر سکتی ہے۔ ڈاکٹر اب نیند کی گولیاں کم تجویز کرتے ہیں کیوں کہ ان کے سنگین منفی نتائج برآمد ہوتے ہیں اور ان کی لت پڑ سکتی ہے۔ نیند کے مسائل کے حل کے لئے قدرتی طریقے ہی استعمال کریں۔ بہت ضروری ہے کہ آپ رات کے وقت کو بیجا برباد نہیں کریں۔ اگر کسی طرح کی مصروفیت، کام ہے یا عبادت کر رہے ہیں تو ٹھیک ہے لیکن اگر آپ بلاوجہ رات کا وقت برباد کر رہے ہیں تو اس سے بہتر ہے کہ جتنی جلد ہو سکے آپ سو جائیں اور بھرپور نیند حاصل کریں۔ بھرپور نیند کے بعد جب آپ صبح بیدار ہوں گے تو ایک الگ انداز میں حساس بشاش نظر آئیں گے Cocculus Indica 200 کی چھ خوراک صبح وشام لیں۔

☆☆☆

DR. IRSHAAD ALI BARKAATI
(Multi Specialist)
9007186315 (phone number)
8013477572 (Whats number)
Email.. Drirshadali. b @gmail.com

Cure and Care
BF-19, Saltlake, Sector-1
Kwality More, C.A.P. Camp More, Kol-64
By Appointment
Tuesday & Thursday
5:30 p.m.to 6.30 p.m.

Murli Homoeo
A/2D Kyed Street, Room No. D&E
Kolkata - 700016

Visiting Hours :
Monday - 1:30 p.m. to 3:30 p.m.
Wednesday - 1:30 p.m. to 5:30 p.m.
Saturday - 12.30 p.m. to 3:30 p.m.
Ph & Whatsapp: 9836526600/9123670020

Aroma Medicos
119/A, Mahatma Gandhi Road, Kolkata - 700 007
Central Avenue & M. G. Road Crossing after 3 Buildings from crossing towards Sealdah
Phone: 033 22410653 / 033 22413309 / 8902117290
Every Sunday : 2 p.m. to 5 p.m.

Murli Homoeo Chemist
P-257/A, (C.I.T. Scheme-Vi.M),
Kankurgachi,
Kolkata -700 054
Visiting Hours :
Every Saturday -5.30 p.m. to 7.30 p.m.
Ph. : 033 40069460 / 9903835244

Barkaati Raza Clinic
155, G.J.Khan Road, Kolkata - 700 039
Block -A, Nafis Apartment (Near Moon Star Hotel, Topsia)
Visiting Hours : Tues: 7 p.m. to 8 p.m.
Fri -9 p.m. to 11 p.m.
Sun -6.30 p.m. to 7.30 p.m.
Mob.: 9830572839 / 7278412064

The Homoeo International
H-43, Paharpur Road, Bharat Market, 1st Floor
Kolkata - 700 024, Visiting Hours
(Mond, Tues, Wed, Thurs, Sat & Sun)
8.30 p.m. to 10.30 p.m.

بقیہ صفحہ اول کی

میسی کی ایک جھلک پانے کے لیے اکٹھا ہوئے تھے۔" انھوں نے کہا کہ میں اس بدانتظامی سے کافی پریشان ہوں اور میسی کے ساتھ سبھی اسپورٹس شائقین سے دل کی گہرائیوں کیس اتھ معافی مانگتی ہوں۔ ممتا بنرجی کا کہنا ہے کہ انھوں نے جسٹس (ریٹائرڈ) آشم کمار رے کی صدارت میں ایک جانچ کمیٹی بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کمیٹی میں چیف سکریٹری اور ایڈیشنل چیف سکریٹری، ہوم اینڈ ہل افیئرس ڈپارٹمنٹ کے رکن ہوں گے۔ کمیٹی پورے واقعہ کی تفصیلی جانچ کرے گی اور ذمہ داری طے کرے گی۔ یہ کمیٹی مستقبل میں ایسے واقعات کو روکنے کے لیے ترکیب بھی بتائے گی۔ واضح رہے کہ ہفتہ کے روز 11.30 بجے میسی کی کار سالٹ لیک اسٹیڈیم کے مدیان میں داخل ہوئی۔ ان کے ساتھ لوئس سواریز اور روڈریگو ڈی پال بھی تھے۔ فٹ بال شائقین کا جوش دیکھ کر میسی انتہائی پُرجوش دکھائی دیے۔ حالانکہ جیسے ہی وہ کار سے اترے، کئی لوگوں وی آئی پی لوگوں نے انھیں گھیر لیا۔ اس وجہ سے گیلری سے نہ صرف میسی، بلکہ لوئس سواریز اور روڈریگو ڈی پال بھی نظر نہیں آ رہے تھے۔ میسی کو نہ دیکھ پانے سے ناراض فٹ بال شیدائی 'وی وانٹ میسی' کا نعرہ بھی بلند کرنے لگے۔ سوشل میڈیا پر ڈالی گئی ایک ویڈیو میں فٹ بال شائقین یہ کہتے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں کہ 10 سے 12 ہزار روپے کا ٹکٹ انھوں نے خریدا، لیکن میسی کو نہیں دیکھ پائے۔ ایک شخص کہتا ہے کہ کئی سیاسی لیڈران اور فلمی ہستیوں نے میسی کو گھیر رکھا تھا، ایسے میں اسٹیڈیم کے لوگ اپنے اسٹار فٹبال کو کیسے دیکھ پاتے!

بتایا جاتا ہے کہ جیسے ہی میسی اسٹیڈیم پہنچے، کم از کم 75 لوگوں کی بھیڑ نے انھیں گھیر لیا تھا۔ ان میں بیشتر وزراء اور افسران شامل تھے۔ کچھ تو میسی کو ٹھیک سے چلنے کے لیے بھی جگہ نہیں دے رہے تھے۔ وہ کیمروں اور موبائل فون سے تصویریں لینے میں مصروف تھے۔ ایسے میں سیکورٹی گارڈس نے بھی میسی کو گھیر لیا۔ انھوں نے آرگنائزر سے بھیڑ ہٹانے کی گزارش بھی کی۔ اس درمیان میسی کو دیکھنے کے لیے ٹکٹ خریدنے والے فٹ بال شیدائی اسٹیڈیم میں لگی 3 بڑی اسکرین پر ہی منحصر تھے۔ موہن باغان اور ڈائمنڈ ہار بر کے فٹ بالروں سے ملوانے کے بعد بھی وی آئی پی لوگوں کی بھیڑ نے میسی کو گھیر لیا۔ حالات کو کنٹرول میں لانے کے لیے وزیر برائے کھیل اروپ بسواس اور چیف آرگنائزر شترو گھن دتہ کو مائیکروفون پر اناؤنسمنٹ کرنی پڑی۔ اس کے بعد بھی حالات معمول پر نہیں آئے۔ میدان پر میسی 16-17 منٹ رہے، لیکن ایک بار بھی وہ گیلری سے نظر نہیں آئے۔ یہی وجہ ہے کہ لوگوں میں شدید ناراضگی دیکھنے کو ملی۔ جب میسی اسٹیڈیم سے باہر نکلے، تو ناراض لوگوں کا غصہ پھوٹ پڑا اور اسٹیڈیم میں پوری طرح سے بدانتظامی پھیل گئی۔ بدانتظامی والے حالات کو دیکھ کر ہی میسی 11.52 بجے اسٹیڈیم سے باہر نکل گئے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی، شاہ رخ خان اور سوروگانگولی میدان تک پہنچ بھی نہیں پائے۔ ممتا بنرجی تو راستے کے درمیان سے ہی واپس لوٹ گئیں۔

بقیہ: امریکی درخواست پر

مطالبے پر اسرائیلی اخبار نے کہا ہے کہ تل ابیب نے اس پر آمادگی ظاہر کر دی ہے۔ العربیہ کے مطابق اسرائیلی ویب سائٹ یدیعوت آحرونوت نے رپورٹ کیا ہے کہ تل ابیب نے غزہ کی پٹی سے ملبہ ہٹانے کے اخراجات ادا کرنے اور بھاری انجینئر نگ آپریشن کی مکمل ذمہ داری قبول کرنے پر آمادگی ظاہر کر دی ہے۔ واشنگٹن نے تل ابیب سے مطالبہ کیا تھا کہ وہ غزہ کی پٹی سے ملبہ ہٹانے کے اخراجات برداشت کرے، کیوں کہ دو سالہ جنگ نے اس علاقے کو تقریباً پوری طرح تباہ کر دیا ہے۔ اسرائیل نے اس مطالبے سے اصولی اتفاق کیا، تل ابیب غزہ کی پٹی کے جنوب میں واقع رفح کے ایک علاقے کو خالی کرنے کا عمل شروع کرے گا تاکہ اس کی از سرِ نو تعمیر کی جا سکے، پورے غزہ کی پٹی کا ملبہ صاف کرنے کا عمل کئی برس تک جاری رہے گا اور اس پر مجموعی طور پر ایک ارب ڈالر سے زیادہ لاگت آئے گی۔ امریکی اخبار وال اسٹریٹ جرنل کی ایک حالیہ رپورٹ کے مطابق غزہ میں تقریباً 6 کروڑ 80 لاکھ ٹن ملبہ موجود ہے، علاقے کی زیادہ تر عمارتیں مکمل یا جزوی طور پر تباہ ہو چکی ہیں۔ اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام کے تخمینے کی بنیاد پر کیے گئے حساب کے مطابق یہ وزن نیویارک کی ایمپائر اسٹیٹ عمارت جیسے تقریباً 186 ٹاوروں کے برابر ہے۔ واضح رہے کہ واشنگٹن کی سرپرستی میں طے پانے والے فائر بندی معاہدے کے دوسرے مرحلے کے تحت، غزہ کی پٹی کی تعمیر نو شروع کرنے کی بنیادی شرط یہ قرار دی گئی ہے کہ ملبہ ہٹایا جائے گا۔ امریکہ چاہتا ہے کہ رفح کی تعمیر نو سب سے پہلے شروع ہو۔

بقیہ: انڈیگو مسافر طیارہ

میں سوار مسافروں کے درمیان کچھ دیر کے لیے افراتفری کا ماحول بھی بن گیا، حالانکہ عملہ کے اہلکاروں نے فوراً حالات کو سنبھال لیا۔ رانچی ایئرپورٹ کے ڈائریکٹر ونود کمار نے بتایا کہ 'ٹیل اسٹرائیک' کے بعد طیارہ کی تکنیکی جانچ کی گئی۔ جانچ میں طیارہ کو پرواز بھرنے کے لیے تکنیکی طور سے نااہل پایا گیا، جس کے بعد اسے فوراً گراؤنڈ کر دیا گیا۔ سیکورٹی پیمانوں کو توجہ میں رکھتے ہوئے طیارہ کو آگے کی پروازوں کے لیے اجازت نہیں دی گئی۔

اس واقعہ کی وجہ سے رانچی سے بھونیشور جانے والی انڈیگو کی اگلی پرواز کو رد کرنا پڑا۔ اس سے مسافروں کو کافی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑا۔ ایئرپورٹ افسران کے مطابق کچھ مسافروں نے اپنا سفر منسوخ کر دیا، جبکہ کچھ نے اپنی پرواز کو ری شیڈیول کرایا۔ کچھ مسافروں کو متبادل انتظام کے تحت سڑک کے راستے سے بھونیشور بھیجا گیا۔ ہوابازی شعبہ کے ماہرین کا کہنا ہے کہ 'ٹیل اسٹرائیک' ایک سنگین تکنیکی حادثہ مانا جاتا ہے، جس میں طیارہ کا پچھلا حصہ رَنوے سے ٹکرا جاتا ہے۔ ایسی حالت میں طیارہ کی وسیع جانچ ضروری ہوتی ہے، تاکہ مستقبل میں کسی بھی طرح کی سیکورٹی لاپروائی سے بچا جا سکے۔ انڈیگو ایئرلائن اور ایئرپورٹ انتظامیہ کی طرف سے حادثہ کی وجہ جاننے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ یہ بھی دیکھا جا رہا ہے کہ لینڈنگ کے وقت موسم اور رَنوے کے حالات کیسے تھے۔

بقیہ: انسانیت اور بھائی چارے

ان کے اس فیصلے کی گاؤں اور آس پاس کے علاقوں میں خوب تعریف ہو رہی ہے۔ یہ واقعہ بکسر کے چوسا بلاک کے دیوی ڈیہرا گاؤں کا ہے جہاں جناردن سنگھ کے اکلوتے بیٹے شیوم کمار (25 سال) کی 18 نومبر کو دہرادون میں ایک سڑک حادثے میں موت ہو گئی تھی۔ آئی ٹی سے بی ٹیک اور ایم بی اے کر چکے شیوم دہرادون میں تین فیکٹریاں چلا رہے تھے۔ موجودہ وقت میں خاندان ان کی شادی کی تیاریوں میں مصروف تھا۔ بیٹے کی موت سے نڈھال ہو چکے جناردن سنگھ کہتے ہیں کہ میرا بیٹا بڑا سمجھدار فطرت کا تھا، ہم نے اس کی تعلیم وتربیت دہرادون میں ہی پوری کرائی تھی۔ میرے بیٹے کی آخری رسومات مانیکا گھاٹ میں کی گئیں۔ وہاں جو کچھ ہوا اسے دیکھ کر ان کا دل بھر آیا۔ جناردن سنگھ بتاتے ہیں کہ آخری رسومات کے لئے گاؤں کے مسلمانوں کو کافی پریشانی ہوتی، یہ دیکھ کر میرا دل پگھل جاتا تھا۔ اس کے بعد میں نے گاو؟ں میں ہی اپنی ایک بیگھہ زمین کو وہاں کے مسلمانوں کو قبرستان کے لیعطیہ کر دی۔ جناردن سنگھ کا دہرادون میں آیورویدک ادویات کے خام مال کا کاروبار ہے۔ جناردن سنگھ کے فیصلے میں ان کا مشترکہ خاندان بھی شامل ہے۔ جناردن کے چھوٹے بھائی اور متوفی کے چچا برج نندن سنگھ کہتے ہیں کہ قبرستان کے لیے ایک کمیٹی بنائی جائے گی۔ اس کمیٹی میں ہندو اور مسلمان دونوں شامل رہیں گے۔ یہ کمیٹی قبرستان کی دیکھ بھال کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ قبرستان کے لیے جو زمین عطیہ کی گئی ہے اس پر ابھی فصل لگی ہوئی ہے۔ فصل کٹنے پر اس کا پیسہ بھی قبرستان کی کمیٹی میں رکھا جائے گا۔ اب اس زمین پر ہمارے خاندان کا کوئی حق نہیں ہے۔ واضح رہے کہ دیوی ڈیرہ گاؤں میں برسوں پہلے ایک قبرستان تھا لیکن اس جگہ پر اسکول بنا دیا گیا۔ اس سے دو مسائل پیدا ہوئے۔ ایک، گاؤں کے مسلمانوں کی قبروں کا کوئی نشان نہیں بچا، دوسرا، مرنے کے بعد لاشوں کو کہاں دفن کیا جائے؟ دیوی ڈیہرا گاؤں میں تقریباً 50 مسلمان خاندان رہتے ہیں، لیکن اب تک ان کے پاس میت دفن کرنے کے لیے کوئی مخصوص جگہ نہیں تھی۔ کسی کی موت ہونے پر لاش کو پانچ کلومیٹر دور دوسرے گاؤں لے جانا پڑتا تھا جس سے اکثر تنازعات بھی ہوتے تھے۔ مجبوراً کچھ لاشوں کو ندی۔ نالے کے کنارے دفن کرنا پڑتا تھا۔ اب زمین ملنے پر گاو؟ں کے مسلمانوں کی ایک بڑی پریشانی دور ہو گئی ہے۔

☆☆☆

الہ آباد میں نئی ادبی تنظیم کی تشکیل پہ خواجہ احمد حسین نے دی مبارکباد

الہ آباد جو صدیوں سے گنگا جمنی تہذیب کا گہوارہ رہا ہے اس سرزمین پہ بہت سارے ادبی ادارے جہاں فروغ زبان اردو و ادب کی خدمت میں سرگرداں رہے ہیں۔ وہیں 12 / دسمبر 2025 کو ملک کی معروف اسکالر و ادیبہ ڈاکٹر صالح رشید کے رہائش گاہ پہ ایک نئی ادبی تنظیم کی تشکیل عمل میں آئی جس کا نام "الہ آباد ادبی فورم" رکھا گیا جس کے گواہ ملک کے معروف ناول و افسانہ نگار سابق پرنسپل احمد حسنین اور مغربی بنگال اردو اکاڈمی کے سابق ممبر خواجہ احمد حسین بنے، متفقہ طور پر ادارہ کے صدر کے لئے ڈاکٹر صالح رشید صاحبہ 'نائب صدر معروف ملی وسماجی رہنما اسرار نیازی اور جنرل سکریٹری معروف ادیب وشاعر اور ماہر قانون ایڈوکیٹ بختیار یوسف کا انتخاب عمل میں آیا ادارہ کا مقصد نئی نسلوں کو اپنی مادری زبان وادب کی جانب متوجہ کرانا ہوگا ہماری نئی نسل اپنے اکابرین اور بزرگ شعراء وادباء سے نابلد ہوتے جا رہے ہیں۔ ان کو اپنی ادبی محفلوں میں شرکت کروانا ادارہ کا اولین مقصد ہوگا اس موقع پہ مغربی بنگال سے تشریف لائے۔ سابق ممبر مغربی بنگال اردو اکاڈمی کلکتہ خواجہ احمد حسین کو شال پیش کر استقبال کیا گیا ادارہ کی تشکیل کے بعد شرکاء کی فرمائش پہ پہلی مختصر ادبی نشست ڈاکٹر صالح رشید صاحبہ کی صدارت اور ایڈوکیٹ بختیار یوسف کی نظامت میں منعقد ہوئی آٹھ کتابوں کے مصنف پرنسپل احمد حسنین صاحب نے اپنی کہانی" کشمیر فائل "پیش کیا جسے شرکاء نے بیحد پسند کیا اور کہانی پہ مبارکباد پیش کی، شعری دور میں خواجہ احمد حسین اور بختیار یوسف نے اپنے منتخب اشعار پیش کر خوب داد وصول کئے شرکاء میں ایڈوکیٹ ایم ایم چشتی' اسکالر ظفر عباس اور ایڈوکیٹ ایم شعیب نے خصوصی طور پہ شرکت کی آخر میں مہمان خصوصی خواجہ احمد حسین اظہار تشکر کے دوران یہ کہا کہ اردو ادب میں آلہ آباد کی پہچان وشان مقبول شاعر اکبر الہ آبادی رحمہ ہیں۔ آج ان کے قبر پہ بعد نماز جمعہ حاضری دی اور فاتحہ پڑھا اور الہ آباد کی یکجہتی کیلئے دعا کی نئی ادبی تنظیم قائم ہونے پر خواجہ احمد خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اپنے ملت کے بچوں کو اپنے گھروں میں قرآن کے ساتھ ساتھ اردو کی بھی تعلیم ضرور دلوائیں تاکہ وہ اپنی تشخص سے نابلد نہ رہ جائیں۔

یک روزہ اردو ریسرچ اسکالر قومی سمینار اور طلبہ کا مشاعرہ

کولکاتا: 13 دسمبر (پریس ریلیز) مغربی بنگال کا تاریخی اور بے حد متحرک ادارہ دی مسلم انسٹیٹیوٹ کے تحت یک روزہ ریسرچ اسکالر قومی سمینار گزشتہ دس سال سے منعقد ہوتا آ رہا ہے اور مغربی بنگال میں پہلی بار طلبہ کے مشاعرے کا انعقاد کیا گیا۔

اس پروگرام کا افتتاح مذکورہ ادارے کے جنرل سکریٹری ڈاکٹر نعیم انیس صاحب کی استقبالیہ تقریر سے ہوا جس میں موصوف نے دی مسلم انسٹیٹیوٹ کی تاریخ اور اس کی کارکردگی کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے اردو زبان وادب کے متعلق عمدہ نکات پیش کیے اور کہا کہ: "خاص کر مغربی بنگال میں اردو کا مستقبل بہت روشن ہے، مایوس ہونے کی بلکل ضرورت نہیں"

نظامت کے فرائض ڈاکٹر جاوید اختر، اعزازی لٹریری سکریٹری، دی مسلم انسٹیٹیوٹ نے انجام دیے۔ اجلاس کی صدارت ڈاکٹر سعید، اسسٹنٹ پروفیسر، عالیہ یونیورسٹی اور ڈاکٹر ابوبکر جیلانی، سابق صدر شعبہ اردو، خضرپور کالج نے فرمائی۔

اس اجلاس میں ہندوستان کی بیشتر جامعات سے آنے والے ریسرچ اسکالر نے مختلف موضوعات پر مقالات پیش کیے۔

محمد سجاد انصاری، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے "ارشاد آرزو کے شعری اسلوب کا اجمالی جائزہ" کے عنوان سے اپنا مقالہ پیش کیا۔ انور سلیمان، علیگڑھ مسلم یونیورسٹی نے "چوگان ہستی اور چنا لہو کا تقابلی مطالعہ" کے عنوان سے مقالہ پیش کیا۔ شبانہ پروین، قاضی نذرل یونیورسٹی نے بعنوان شموئل احمد کے افسانہ "چھگمانس" کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیا۔ محمد رضوان، دہلی یونیورسٹی، دہلی نے بعنوان "اردو فلمی نغموں میں حیات انسانی کا تصور" اور محمد افسر، کلکتہ یونیورسٹی نے "عرفان صدیقی کی غزلوں کی معنویت" کے عنوان سے اپنا مقالہ پیش کیا۔

محمد عرفان رضا، ممبئی یونیورسٹی نے بعنوان "مولانا احمد رضا خان کی نعتیہ شاعری کا اجمالی جائزہ" اور طلعت جہاں، ویسٹ بنگال اسٹیٹ یونیورسٹی نے بعنوان ناولٹ کا فن اور سعید پریمی کے ناولٹ "میری بستی، میرے لوگ" کا تجزیاتی مطالعہ اور حذیفہ شکیل پاٹلی پتر یونیورسٹی، پٹنہ نے بعنوان" کلیم عاجز کے نثری جہان کا اجمالی جائزہ " پیش کیا شگفتہ نازنین، عالیہ یونیورسٹی نے بعنوان "علقمہ شبلی کی نظم نگاری "دھوپ دھوپ سفر " کے آئینے میں" پیش کیا۔ محمد ارمان علی، جامعہ ملیہ اسلامیہ بعنوان "اوپندر ناتھ اشک کی ناول نگاری کا اجمالی جائزہ"

چاندنی رحمان، دی یونیورسٹی آف بردوان نے "اردو ادب میں ماحولیاتی مطالعے کی اہمیت " کے عنوان سے اپنا مقالہ پیش کیا۔ اجلاس کے اختتام پر شعبہ تاریخ کے استاذ ڈاکٹر عنایت صاحب نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ "ایسا نہیں کہ اردو کا دامن ماحولیات اور سائنسی فکر سے خالی ہے لیکن مزید اردو میں سائنسی مضامین لکھے جانے چاہیے"

مشہور شاعر ارشاد آرزو صاحب نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ "وہ کوئی بڑا ادیب یا شاعر نہیں ہے جو اپنے بعد آنے والی نسل کو تیار نہ کرے"

ڈاکٹر عمر غزالی صاحب نے بھی چند کلمات اور اجلاس سے متعلق عمدہ مشوروں سے نوازا۔ صدارتی خطبہ پیش کرتے ہوئے ڈاکٹر سعید احمد صاحب، عالیہ یونیورسٹی نے کہا "جس میں جنون کا غلبہ نہیں ہے وہ صحیح معنی میں تحقیق کا حق ادا نہیں کر سکتا" آخر میں بحیثیت صدر ڈاکٹر ابوبکر جیلانی صاحب نے بھی بہت مختصر اور کارآمد گفتگو کی۔ ظہرانے کے بعد طلبہ کے مشاعرے کا انعقاد کیا گیا اور مغربی بنگال کی مختلف درسگاہوں سے تعلق رکھنے والے طلبہ نے اپنا اپنا کلام پیش کیا۔ مشاعرے کی صدارت ارشاد آرزو صاحب نے فرمائی اور اپنا کلام بھی پیش کیا، فرزانہ پروین صاحبہ نے نظامت کے فرائض انجام دیے اور کلام بھی پیش کیا۔ وجدان مصطفیٰ، عمران رضا قادری، حذیفہ شکیل، بلال صابر، مدثر حسن، مصفر زبیر، صوفیہ معین، احسن کمال مانوی، حفیظ اشرف نے اپنا کلام پیش کیا۔ مشاعرے کے آخر میں احمد کمال حشمی نے نہایت پُرمغز گفتگو کی، انہوں نے نوجوان طلبہ کی شاعری سننے کے بعد کہا کہ " مستقبل میں مغربی بنگال کی شاعری میں دم خم ہے" اور مشاعرے کی صدارت کرتے ہوئے ارشاد آرزو صاحب نے بڑے ہی ایجاز واختصار کے ساتھ اپنے تجربات اور چند نکات پیش کئے۔

پروگرام کے بلکل آخر میں اظہر تشکر دی مسلم انسٹیٹیوٹ کے ڈیبیٹ سکریٹری ساجد پرویز صاحب نے بخوبی ادا کیا۔

مظفرپور: فائنانس کمپنی کے ملازم سے 17 لاکھ کی لوٹ

موتیہاری میں بھی ڈکیتی کی بڑی واردات، پولس محکمہ میں کھلبلی

مظفرپور: مظفرپور میں جرائم پیشہ افراد نے ایک بار پھر ایک بڑی ڈکیتی کو انجام دے کر امن و امان کو کھلا چیلنج کیا ہے۔ اسپائس فائنانس کمپنی کا ملازم وکرم کمار، جمال آباد سے تقریباً 17 لاکھ روپے لے کر آہیاپور تھانہ علاقے میں مختلف خوردہ فروشوں کو ادائیگی کرنے کے لیے نکلا تھا۔ تاہم جرائم پیشہ پہلے سے ہی انتظار میں تھے، ان کی محنت کی کمائی پر ہاتھ صاف کر دیا۔ یہ واقعہ کانتی تھانہ علاقہ کے کپارپورہ نیو فلائی اوور پر پیش آیا۔ رپورٹس کے مطابق وکرم کمار جیسے ہی فلائی اوور پر پہنچے تو موٹر سائیکل پر سوار دو مسلح جرائم پیشہ نے انہیں روک لیا۔ انہوں نے اسے پستول سے جان سے مارنے کی دھمکی دی اور اس کے بیگ میں موجود پورے 17 لاکھ روپے لے کر فرار ہو گئے۔ واقعہ اس قدر تیزی سے پیش آیا کہ متاثرہ کچھ سمجھ پاتا، اس سے پہلے ہی جرائم پیشہ فرار ہو چکے تھے۔ ڈکیتی کی اطلاع ملتے ہی علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا۔ کانتی اور اہیاپور تھانوں کی پولیس فوراً جائے وقوعہ پر پہنچی۔ صورتحال کی سنگینی کو دیکھتے ہوئے سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس سشیل کمار بھی جائے وقوعہ پر پہنچے اور آس پاس کے علاقے کا معائنہ کیا۔ پولیس نے جرائم پیشہ کی شناخت اور ان کے فرار کے راستے کا پتہ لگانے کے لیے فلائی اوور پر اور اس کے آس پاس نصب سی سی ٹی وی کیمروں کی جانچ شروع کر دی ہے۔ کیس کے بارے میں، ڈی ایس پی ویسٹ سچترا کماری نے بتایا کہ اسپائس فائنانس کمپنی کے ملازم سے بندوق کی نوک پر 17 لاکھ روپے لوٹ لیے گئے۔ پولیس مکمل تفتیش کر رہی ہے اور مجرموں کو جلد گرفتار کرنے کا دعویٰ کر رہی ہے۔ ممکنہ ٹھکانوں پر بھی چھاپے مارے گئے ہیں۔ دن دیہاڑے اتنی بڑی رقم کی ڈکیتی نے مظفرپور میں بڑھتے جرائم اور سیکورٹی کی صورتحال پر ایک بار پھر سوال کھڑے کر دیے ہیں۔ فنانس کمپنی کے ملازمین کے تحفظ کے بارے میں بھی خدشات بڑھ رہے ہیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ پولیس کتنی جلدی اس واردات کا انکشاف کر جرائم پیشوں کو سلاخوں کے پیچھے پہنچاتی ہے۔

ادھر موتیہاری میں ایک بار پھر جرائم پیشوں کے حوصلے بلند ہوئے، جہاں مسلح موٹر سائیکل سوار حملہ آوروں نے دن دیہاڑے ایک بڑی ڈکیتی کی، جس سے علاقے میں دہشت پھیل گئی۔ جمعہ کی دیر رات، مہوا پولس اسٹیشن کے علاقے کے کنکیتوا چوک پر، تین مجرموں نے بندوق کی نوک پر سی ایس پی آپریٹر وجے کمار سے تقریباً 000,278 روپے لوٹ لیے۔ جرم کے بعد فرار ہونے کے دوران، مجرموں نے، ان کا پیچھا کیا جا رہا تھا، دو راہگیروں کو گولی مار کر زخمی کر دیا۔

تبلیغی اجتماع کی دعائیہ مجلس میں پپو یادو کی شرکت

پورنیہ (محمد عرفان کامل) رکن پارلیمنٹ راجیش رنجن جنہیں پپو یادو کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، نے پورنیہ لوک سبھا حلقہ کے حصہ شوبھا گنج ہردا میں منعقدہ پورنیہ ضلعی اجتماع میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے مختلف ریاستوں اور اضلاع سے آئے ہوئے اعلیٰ حضرت سے ملاقات کی اور ریاست اور ملک میں امن، ہم آہنگی کے لیے دعاؤں کی اپیل کی۔ مذہبی پلیٹ فارم سے انہوں نے معاشرے میں بھائی چارے اور باہمی ہم آہنگی کو مضبوط کرنے کا پیغام دیا۔ اجتماع کے دوران رکن پارلیمنٹ پپو یادو نے کہا کہ اس طرح کے مذہبی اور سماجی تقریبات لوگوں کو متحد کرتے ہیں اور باہمی محبت، رواداری اور انسانیت کو فروغ دیتے ہیں۔ انہوں نے پورنیہ سمیت پورے کوسی-سیمانچل خطہ کی ترقی، خوشحالی اور امن کے لیے خصوصی دعا کی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ باہمی احترام اور تعاون متنوع معاشرے میں ترقی کی اصل بنیاد ہے۔ اجتماع میں عزاداروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، جہاں معاشرے کو مثبت سمت دینے کے لیے مذہبی گفتگو اور دعائیں کی گئیں۔ رکن پارلیمنٹ نے منتظمین کی ستائش کی اور کہا کہ اس طرح کی تقریبات سماجی اتحاد اور قومی سالمیت کو تقویت دیتی ہیں۔ انہوں نے نوجوانوں پر بھی زور دیا کہ وہ نفرت اور تقسیم سے دور رہیں اور تعلیم، روزگار اور سماجی خدمت کی راہ پر گامزن رہیں۔ رکن پارلیمنٹ پپو یادو نے کہا کہ امن اور بھائی چارے کا ماحول کسی بھی خطے کی مجموعی ترقی کی بنیاد ہے۔ اس مذہبی اجتماع نے نہ صرف ایمان کے مرکز کا کام کیا بلکہ سماجی ہم آہنگی، اتحاد اور انسانیت کے پیغام کو بھی مضبوطی سے فروغ دیا۔ اس موقع پر ایم پی کے نمائندے افروز عالم، ممبر ضلع کونسل وویکا یادو، ممتاز کمیٹی، سابق مکھیا ضیاء الرحمن، سابق مکھیا پون یادو، مو آزاد، استما کمیٹی مو پرویز، پروین یادو مونیر، مو سمشیر، مو فاروق، محمد محافظ، ایم پی ترجمان، راجیش اور دیگر موجود تھے۔

جنوری میں منعقد ہوگا
فروغ اردو سیمینار و مشاعرہ

چھپرہ: اردو زبان و ادب کی ترویج و ترقی کے لیے بہار حکومت کے اردو ڈائریکٹوریٹ کے زیر اہتمام سالانہ فروغ اردو سیمینار اور مشاعرہ جنوری میں منعقد کیا جائے گا۔ مذکور فیصلہ ضلع اردو زبان سیل کی انچارج افسر زیبا عرشی کی زیر صدارت منعقد میٹنگ میں کیا گیا۔ ایس ڈی سی زیبا نے بتایا کہ ڈائریکٹوریٹ کے حکم کی روشنی میں ایک پینل تشکیل دیا گیا ہے اور اس کی پہلی میٹنگ آج ہوئی۔ پینل میں اردو کے فعال اسکالرز شامل ہیں۔ جن میں یونیورسٹی اور کالج کے شعبہ جات کے سربراہ کو رکھا گیا ہے۔ انہوں نے پینل میں اضافی نام شامل کرنے کی تجویز بھی دی۔ میٹنگ میں تقریب کو کامیاب اور شاندار بنانے پر غور وخوض کیا گیا۔ سینئر مقالہ نگار، مندوبین اور جونیئر مقالہ نگار کے ناموں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مضامین کے موضوع پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ موضوع زبان و ادب کی ترقی میں مقامی شراکت کی عکاسی کرے۔ اس موقع پر منعقد ہونے والے مشاعرہ کو شاندار بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔ کل 10 شعراء کو مدعو کیا جانا ہے جس میں مقامی شاعروں اور باہر کے شعراء دونوں کو شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

پورنیہ میں ٹریفک اور سائبر بیداری مہم

پورنیہ (اے این بی) ضلع پورنیہ کے مختلف تھانہ علاقوں کے اسکولوں میں طلباء کو ٹریفک اور

سائبر بیداری کے بارے میں تعلیم دی گئی۔ اس مہم کا مقصد طلباء کو روڈ سیفٹی کے قوانین اور سائبر کرائم کو روکنے کے طریقوں سے آگاہ کرنا تھا۔ اس مہم کے ایک حصے کے طور پر پولیس ٹیموں نے طلباء کو روڈ سیفٹی کے قوانین، جیسے ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ پہننے کے بارے میں تعلیم دی انہوں نے سائبر کرائمز جیسے کہ آن لائن فراڈ اور سوشل میڈیا پر محتاط رہنے کے بارے میں بھی معلومات فراہم کیں۔ اس مہم کا اہتمام پورنیہ کی پولیس سپرنٹنڈنٹ محترمہ سویٹی سہراوت کی ہدایت پر کیا گیا تھا اس مہم کا مقصد طلباء کو ٹریفک اور سائبر کرائم کے بارے میں آگاہی دینا اور انہیں محفوظ اور ذمہ دار شہریوں کے طور پر تیار کرنا تھا۔

کامریڈ محمد تسلیم الدین کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے تعزیتی نشست

بہارشریف (اے این بی) شہر کے میرداد محلہ کے رہائشی کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا (ایم) ڈسٹرکٹ کمیٹی نالندہ نے کامریڈ محمد تسلیم الدین کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے محلے میں ایک تعزیتی اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس کی صدارت کامریڈ محمد نیاز نے کی۔ ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی اور پھولوں کی چادر انکے تصویر پر چڑھائی گئی۔ ان کا انتقال جمعرات 27 نومبر 2025 کو اپنی رہائش گاہ پر ہو گیا تھا۔ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ کامریڈ تسلیم الدین ایسے وقت میں ہم سے رخصت ہوئے جب ملک میں فرقہ وارانہ طاقتیں سر اٹھا رہی تھیں۔ کامریڈ تسلیم سرخ پرچم کے مضبوط سپاہی تھے۔ وہ ہمیشہ پارٹی کے اصولوں پر کاربند رہے۔ انہوں نے سماجی قوتوں سے کبھی سمجھوتہ نہیں کیا وہ سیکولرازم کے سخت حامی تھے۔ بہار اسٹیٹ ٹیچرس ایسوسی ایشن کے سکریٹری کے طور پر خدمات انجام دیتے ہوئے انہوں نے ہمیشہ ذات، مذہب یا زبان سے بالاتر ہو کر اساتذہ کے مسائل کو حل کرنے کے لیے کام کیا۔ مقررین کامریڈ تسلیم الدین کی سیکولر حامی پالیسیوں کو آگے بڑھانے کے لیے کام کریں گے۔ میٹنگ کو C.P.I(M) ڈسٹرکٹ کمیٹی نالندہ کے سکریٹری کامریڈ رویندر سنگھ، لوکل کمیٹی ہلسا کے سکریٹری کامریڈ وجیندر پرساد، ڈسٹرکٹ کمیٹی کے ممبر کامریڈ جنارھدن پرساد، کامریڈ راجیشور پانڈے، کامریڈ جتیندر کمار، کامریڈ سریندر پرساد یادو، کامریڈ رامدین راجونشی، کامریڈ کملیش کمار، کامریڈ کمار نے خطاب کیا۔ پسماندہ/ دلت/ اقلیتی جدوجہد فرنٹ رام دیو چودھری، کامریڈ کپل پرساد، کامریڈ امیش پرساد، محمد شاہد حسین کے علاوہ درجنوں افراد موجود تھے۔

خالی عہدوں پر بحالی کے لئے کارروائی تیز کریں: ڈی ایم

بہارشریف (مرشد دسنوی) سکریٹری، جنرل ایڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ، پٹنہ نے ریاستی حکومت کو ہدایت دی ہے کہ وہ جلد از جلد سرکاری ملازمت کی آسامیوں کو پُر کرنے کے لیے کارروائی کرے، تاکہ ریاست میں زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کو بروقت روزگار فراہم کیا جا سکے۔ اس تناظر میں کندن کمار ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ، نالندہ نے تمام دفتری سربراہوں (ضلع سطح/کام ڈویژن کی سطح)، نالندہ کو ہدایت دی ہے کہ وہ نالندہ ضلع کے اندر تمام محکموں میں منظور شدہ طاقت کے مطابق، مقررہ مدت کے اندر مطلوبہ افرادی قوت کی بھرتی کے مقصد کو حاصل کرنے کے لیے درج ذیل نکات پر فوری کارروائی کو یقینی بنائیں۔ نالندہ ضلع کے تحت تمام دفتری سربراہان (ضلع سطح/کام ڈویژن کی سطح (اپنے متعلقہ محکمہ/ دفتر کے تحت 31.03.2026 تک ممکنہ خالی آسامیوں کی بنیاد پر روسٹر کلیئرنس کے حوالے سے قواعد کے مطابق کارروائی کرنا یقینی بنائیں گے۔ نالندہ ضلع کے تحت ان دفاتر کے دفتری سربراہوں کو جن کے لیے ضلع افسر کو روسٹر کلیئرنس کے لیے مجاز اتھارٹی کے طور پر نامزد کیا گیا ہے، کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ تمام متعلقہ فائلوں/ رجسٹروں کے ساتھ ممکنہ خالی آسامیوں کے لیے روسٹر کلیئرنس کے لیے تجویز کو 15 تک ڈسٹرکٹ اسٹیبلشمنٹ برانچ، نالندہ کو فراہم کرنے کو یقینی بنائیں۔ نالندہ ضلع کے تحت ان دفاتر کے دفتری سربراہان جن کے لیے محکمہ کی سطح پر روسٹر کلیئرنس کے لیے مجاز اتھارٹی کو نامزد کیا گیا ہے، کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے متعلقہ دفاتر کے تحت 31.03.2026 تک ممکنہ خالی آسامیوں کے لیے روسٹر کلیئرنس کی تجویز (15.12.2025 پیر) تک تمام متعلقہ دفاتر کو بھیج دیں۔ فائلوں/ رجسٹروں کو مجاز اتھارٹی کے دفتر کے حوالے کرتے ہوئے وہ یقینی طور پر اس کی معلومات ڈسٹرکٹ اسٹیبلشمنٹ برانچ، نالندہ کو فراہم کرنا یقینی بنائیں گے۔ نالندہ ضلع کے تحت تمام ضلعی سطح اور ورک ڈویژن سطح کے دفتر کے سربراہوں کو ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ مندرجہ بالا نکات کی بروقت تعمیل کو یقینی بنائیں اور 31.03.2026 تک خالی آسامیوں کی بنیاد پر اسامیوں کی رپورٹ اور روسٹر تیار کریں اور کل 15.12.2025 سوموار کو تجویز کردہ ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کو یقینی بنائیں۔

کھیل کھیل میں ہنر سیکھ رہے ہیں طلبا

بہارشریف (اے این بی) پرائمری ایجوکیشن اور نپن مشن بہار، پٹنہ کی ہدایت کے مطابق، تعلیمی سیشن 26-2025 کے لیے ضلع کے مختلف کلسٹر ریسورس سینٹرز پر TLM میلے کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں ہفتہ کے روز سی آر سی کاوانے ہائیر سیکنڈری اسکول بدکی گھوشی کے کیمپس میں TLM میلے کا کامیاب انعقاد کیا۔ میلے کا باقاعدہ افتتاح سماجی کارکن ڈاکٹر آشوتوش کمار مناو، کنچن کماری، ستیہوان شرما اور سنجے کمار سنگھ نے چراغ جلا کر کیا۔ تقریب کے دوران اساتذہ نے بچوں کو ہاتھ سے بنے فن پارے دکھائے۔ زبان، ریاضی اور ماحولیاتی سائنس جیسے مضامین پر مبنی ماڈلز کو بھی نوازا گیا۔ سماجی کارکن ڈاکٹر مناو نے کہا کہ اس طرح کی تقریبات سے بچے کھیلتے ہوئے بہت کچھ سیکھتے ہیں۔ اس طرح کے میلوں کا انعقاد ان کی مجموعی ترقی میں بھی معاون ثابت ہوتا ہے۔ انہوں نے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اساتذہ کی حوصلہ افزائی کی۔ پروگرام کی نظامت اوماشنکر پرساد نے کی جبکہ برجو پرساد، سچن کمار، نٹور کمار سنگھ، سنجیت کمار، کملیندر چودھری، نیتو کماری اور دیگر موجود تھے۔

ارریہ ڈی ایم نے جنتا دربار میں کئی معاملے کو نمٹایا

ارریہ: (اے این بی) ضلع مجسٹریٹ ارریہ مسٹر ونود دوہن کی صدارت میں گزشتہ کل کلکٹریٹ ارریہ میں جنتا دربار کا انعقاد ہوا۔ ضلع مجسٹریٹ نے ہر معاملے کو سنجیدگی سے سنا اور متعلقہ حکام کو فوری اور موثر کارروائی کرنے کی ہدایت دی۔ بہت سی شکایات کا موقع پر ہی ازالہ کیا گیا، جس سے شکایت کنندگان کے چہرے خوشی و مسرت سے جھوم اٹھے۔ ہنگامی صورتوں میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے فوری کارروائی کو یقینی بنانے کے لئے متعلقہ پولس اور انتظامی حکام سے موقع پر بات کی، جس پر شکایت کنندگان نے اطمینان کا اظہار کیا۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے جنتا دربار میں جو معاملات فوری طور پر حل نہیں ہو سکے انہیں متعلقہ محکموں کو بھیج دیا اور بروقت اور مستقل حل کی واضح ہدایات دیں۔ ضلع مجسٹریٹ نے کہا کہ عوامی سماعت کا مقصد عام لوگوں کے مسائل کا فوری، شفاف اور موثر حل فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ ہر شکایت کو حساسیت کے ساتھ نمٹائیں۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پبلک ریلیشن آفیسر ارریہ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر، سوشل سیکورٹی سیل ارریہ، اور کئی دیگر عہدیدار موجود تھے۔

سڑک حادثہ میں زخمی خاتون کی علاج کے دوران موت

چھپرہ: سارن ضلع کے گڑکھا تھانہ علاقے میں سڑک حادثے میں زخمی ہونے والی ایک خاتون کی علاج کے دوران موت ہو گئی۔ پولیس ذرائع نے آج یہاں بتایا کہ کچاہا گاؤں کی رہنے والی دلریا دیوی (63) جمعہ کی شام اپنے کھیت سے گھر واپس لوٹ رہی تھی کہ اسے نامعلوم گاڑی نے ٹکر ماردی جس سے وہ زخمی ہو گئی۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی اس کے اہل خانہ اسے علاج کے لیے صدر اسپتال لے گئے جہاں علاج کے دوران اس کی موت ہو گئی۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی پولیس جائے وقوعہ پر پہنچی اور لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے صدر اسپتال منتقل کر دیا۔ پولیس نے نامعلوم ڈرائیور کے خلاف ایف آئی آر درج کر لی ہے اور معاملے کی تحقیقات کر رہی ہے۔

ترقیاتی منصوبوں کے پیش نظر پنچایت سمیتی کی جائزہ میٹنگ

ٹھاکر گنج: ہفتہ کے روز ٹھاکر گنج بلاک ہیڈکوارٹر کے سبھا گار ہال میں بلاک پرمکھ نور جمال انصاری کی صدارت میں پنچایت سمیتی کی ایک اہم جائزہ میٹنگ منعقد ہوئی۔ اس میٹنگ کا مقصد بلاک حلقہ میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لینا، پنچایت سطح پر درپیش مسائل کو سننا اور آئندہ پنچایت انتخابات، مردم شماری اور سرکاری اسکیموں سے متعلق ضروری ہدایات کا تبادلہ کرنا تھا۔ میٹنگ میں بلاک انتظامیہ کے اعلیٰ افسران کے ساتھ ساتھ تمام پنچایتوں کے مکھیا اور پنچایت سمیتی کے اراکین بڑی تعداد میں موجود رہے۔ میٹنگ میں بلاک ڈیولپمنٹ آفیسر احمر ابدالی، انچل آفیسر مرتیونجے کمار، بی پی آر او اجیت کمار، بلاک ایجوکیشن انچارج اودھیش شرما، منریگا پروگرام آفیسر رنجیت کمار، صفائی بی سی راہل کمار سنگھ، مارکیٹنگ آفیسر سمت کمار، بی سی او و بلاک کوآپریٹو آفیسر انجنی کمار، آواس سپروائزر روی کانت، بی ایچ ایم سنیل کمار سمیت مختلف محکموں کے افسران موجود تھے۔ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے بلاک ڈیولپمنٹ آفیسر احمر ابدالی نے سب سے پہلے پندرہویں مالیاتی کمیشن اور ششم ریاستی مالیاتی کمیشن کے تحت نافذ اسکیموں کی تفصیلات ایوان کے سامنے رکھیں۔ انہوں نے آئندہ پنچایت انتخابات 2026 سے متعلق اہم معلومات بھی شیئر کیں۔ انہوں نے بتایا کہ موصولہ معلومات کے مطابق اس بار چھ عہدوں کے لیے انتخاب ملٹی پوسٹ ای وی ایم کے ذریعے کرایا جائے گا۔

ایس ایس پی نے پہلیجا تھانے کی نئی عمارت کا کیا افتتاح

سونپور: سارن پولیس اپنے بنیادی ڈھانچے کو مسلسل جدید اور بہتر بنا رہی ہے۔ اس سے عام لوگوں کو سہولت ملے گی۔ مذکورہ باتیں سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس ڈاکٹر کمار آشیش نے سونپور سب ڈویژن کے پہلیجا میں نو تعمیر شدہ پولیس اسٹیشن کی عمارت کا افتتاح کرتے ہوئے کہیں۔ انہوں نے کہا کہ پہلیجا ایک سرحدی علاقہ ہے۔ نئی عمارت پولیس اہلکاروں کو اپنے فرائض کی انجام دہی میں سہولت فراہم کرے گی اور امن و امان کو برقرار رکھنے میں بھی کردار ادا کرے گی۔ قبل ازیں ایس ایس پی ڈاکٹر آشیش نے فیتہ کاٹ کر عمارت کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر سونپور کے ایس ڈی پی او پریتیش کمار، پہلیجا پولس اسٹیشن انچارج انورادھا کماری، مقامی عوامی نمائندے اور گاؤں کے لوگ موجود تھے۔ موقع پر موجود ایم پی راجیو پرتاپ روڈی کے نمائندہ راکیش کمار سنگھ نے کہا کہ اس عمارت کی تعمیر سے پولیس اہلکاروں کو سہولت اور فوائد حاصل ہوں گے۔ پہلے عمارت نہ ہونے کی وجہ سے کام کرنے میں کافی دشواری ہوتی تھی۔ اس کے لیے مقامی لوگوں نے سارن کے ایس ایس پی ڈاکٹر آشیش کا شکریہ ادا کیا۔

بہارشریف کے ڈی اے وی پبلک اسکول
پی جی سی، اسکاؤٹ ایڈونچر کیمپ کا انعقاد

بہارشریف (اے این بی) شہر کے مقامی اسکول، ڈی اے وی پبلک اسکول، پاور گرڈ کیمپس میں سمٹ اسکاؤٹس ایڈونچر کی جانب سے طلبہ کے لیے ایک انتہائی متوقع دو روزہ ایڈونچر اور تربیتی کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ کیمپ کا مقصد طلباء میں نظم و ضبط، قیادت، خود انحصاری اور زندگی بچانے کی مہارتوں میں مہارت جیسی اہم اقدار کو ابھارنا تھا۔ پروگرام کا افتتاح مہمان خصوصی معاذ عالم، ڈپٹی جنرل منیجر (پاور گرڈ، بہارشریف) اور اسکول کے پرنسپل منوج کمار دوبے نے مشترکہ طور پر شمع روشن کر کیا۔ اسکول کے کشادہ کھیل کے میدان میں منعقدہ اس دو روزہ پروگرام میں طلبہ کی بڑی تعداد نے جوش و خروش سے حصہ لیا۔ تربیت یافتہ اسکاؤٹس ایڈونچر انسٹرکٹرز کی رہنمائی میں شرکاء کو مختلف ایڈونچر اور عملی سرگرمیوں کی تربیت دی گئی۔ طلباء نے دلچسپ، دل لگی اور معلوماتی سرگرمیوں میں جوش و خروش سے حصہ لیا۔ کیمپ میں منعقد کی جانے والی اہم سرگرمیوں میں شامل ہیں۔

مرکزی ٹیم نے لکشیہ سرٹیفیکیشن کیلئے صدر اسپتال کا معائنہ کیا

بہارشریف (مرشد دسنوی) ہفتے کے روز کو ایک مرکزی ٹیم نے محکمہ صحت کے مہتوا کانکشی لکشیہ سرٹیفیکیشن کے لیے صدر ہسپتال کا معائنہ کیا۔ اس ٹیم میں ڈاکٹر معراج علی شیخ اور ڈاکٹر سمترا اہلدار پر مشتمل ٹیم نے ہسپتال کا دورہ کیا اور ڈیلیوری روم، آپریشن تھیٹر اور زچہ و بچہ کی دیکھ بھال کی خدمات کا قریب سے جائزہ لیا۔ ڈاکٹر معراج علی شیخ نے وضاحت کی کہ سرکاری ہسپتالوں میں لکشیا سرٹیفیکیشن کا بنیادی مقصد بچے کی پیدائش کے دوران ماؤں اور نوزائیدہ بچوں کو محفوظ، حفظان صحت اور باعزت خدمات فراہم کرنا ہے۔ ڈیلیوری پوائنٹس کے معیار کو بہتر بنانے، انفیکشن کی روک تھام، بروقت علاج اور مریض کی اطمینان کو ترجیح دی جاتی ہے۔ زچگی اور نوزائیدہ بچوں کی اموات کو کم کرنا اور لکشیا کے ذریعے سرکاری صحت کی خدمات پر عوام کا اعتماد بڑھانا ایک کلیدی ہدف ہے۔ مرکزی ٹیم نے لیبر روم، آپریشن تھیٹر اور قبل از پیدائش اور بعد از پیدائش کی دیکھ بھال کے کمروں کا معائنہ کیا۔ معائنہ کے دوران، صفائی، آلات کی دستیابی اور فعالیت، ادویات کے ذخیرے، ہنگامی خدمات کی تیاری، انفیکشن کنٹرول پروٹوکول اور بائیو میڈیکل ویسٹ مینجمنٹ کا جائزہ لیا گیا۔ مریضوں کی سہولیات، رازداری، باعزت علاج اور مشاورتی خدمات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ٹیم نے ہسپتال کے ریکارڈز، ڈیوٹی روسٹرز، ٹریننگ اسٹیٹس اور معیاری آپریٹنگ طریقہ کار کی پابندی کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے مریضوں اور ان کے اہل خانہ سے ان کے تجربات اور اطمینان کی سطح کا جائزہ لینے کے لیے انٹرویو بھی کیا۔ معائنہ کے اختتام پر ٹیم نے ضروری تجاویز پیش کیں اور اصلاحی اقدامات پر زور دیا۔ ہسپتال انتظامیہ نے یقین دلایا کہ ہدف کے معیار کو پورا کرنے کے لیے تمام ضروری انتظامات کیے جائیں گے۔ اس موقع پر ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر راجیو رنجن، ہاسپٹل منیجر محمد عمران احمد، اکاؤنٹنٹ سرجیت کمار، ڈاکٹر لولی سپرنا ٹاٹ، محمد تبریز اور دیگر ہیلتھ ورکرز موجود تھے۔

قاتل کو عمر قید کی سزا

بیتیا (اے این بی) ضلع میں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج پربھاکر دت مشرا نے ایک قتل کے مقدمے کی سماعت مکمل کرتے ہوئے جمعہ کو ملزم، بلتھر تھانہ علاقہ کے بھورا باشندہ سوگر یو پٹیل کو عمر قید کی سزا سنائی ہے۔ اس معاملے میں سماعت کے بعد جسٹس مشرا نے ملزم سوگریو کو تعزیرات ہند کی دفعہ 302 کے تحت قصوروار پاتے ہوئے عمر قید اور دس ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی۔

ڈوکریل کھیل میدان میں سالانہ کھیل کود مقابلہ

پورنیہ (محمد عرفان کامل) رضا کار تنظیم ساتھی کے زیر اہتمام ہفتہ کو جلال گڑھ بلاک کے ڈوکریل کھیل کے میدان میں اکریتی پروگرام کے تحت سالانہ کھیل میلے کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں کبڈی کے لڑکوں میں مدھیہ ودیالیہ سماریہ نے مدھیہ ودیالیہ چک کو اور لڑکیوں میں مدھیہ ودیالیہ سماریا نے مدھیہ ودیالیہ چک کو شکست دی اور فاتح قرار پائے۔ بندنا کماری نے اونچی چھلانگ، پریتی کماری نے لمبی چھلانگ، انش کمار نے شاٹ پٹ، ریاراج نے جیولین تھرو، ابھیشیک کمار نے رسی جمپ اور یاسین نے چکی تھرو جیتا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی جناب امریش کمار، اسسٹنٹ ڈائرکٹر، ڈسٹرکٹ چائلڈ پروٹیکشن یونٹ، پورنیہ نے کہا کہ بچوں کے لیے پڑھائی کے ساتھ ساتھ کھیل بھی اہم ہیں۔ اس سے وہ صحت مند رہتے ہیں اور بچوں میں خود اعتمادی میں اضافہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہار اسٹیٹ اسپورٹس اتھارٹی بہار میں کھیلوں کو فروغ دینے کے لیے وقف ہے۔ یہ اتھارٹی کھیلوں کی ترقی کے لیے عزت مآب وزیر اعلیٰ جناب نتیش کمار کے وژن اور مقاصد کو پورا کرنے کے لیے قائم کی گئی تھی، جو کھیلوں اور کھلاڑیوں کی مجموعی ترقی میں معاون ہے۔ اسپورٹس اسکالرشپ، اسپورٹس ویلفیئر فنڈ، اور میڈل برنگ، جاب گیٹ جیسی اسکیمیں ریاست بھر میں نافذ کی جاتی ہیں تاکہ کھیلوں میں بہترین کارکردگی دکھانے والے بچوں کو مالی طور پر بااختیار بنایا جا سکے۔ اس لیے بچوں کو تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں کو بھی ترجیح دینی چاہیے۔ اس ایونٹ کے ذریعے بچے معاشرے کو پیغام دے رہے ہیں کہ ہمیں معاشرتی برائیوں کے خلاف لڑنا چاہیے اور اپنے خوابوں کو پورا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ساتھی کی کاوشیں قابل ستائش ہیں۔ چائلڈ پروٹیکشن آفیسر وویک کمار نے کہا کہ بچوں کو اسکول اور کھیلوں سے منسلک رکھنا ان کی حفاظت کی طرف ایک بڑا قدم ہے۔ یہ اقدام مستقبل میں ضلع کے لیے ایک ماڈل کا کام کرے گا۔ ساتھی کے ڈائریکٹر کالیشور منڈل نے کہا کہ ساتھی جلال گڑھ اور قصبہ کے 35 اسکولوں میں بچوں کی تعلیم، صحت اور حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے کام کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں چار روزہ کھیلوں کا ایونٹ ہفتہ کو اختتام پذیر ہوا۔ انہوں نے بچوں سے اپیل کی کہ یہ خاتمہ ضرور ہے لیکن یہ ایک مہم کا آغاز ہے جو بچوں کو ان کے خوابوں کی تعبیر کی طرف لے جائے گی۔ پروگرام میں کامیاب شرکاء کو اسناد، میڈلز اور یادگاری نشانات سے نوازا گیا۔ پروگرام کا اہتمام ڈسٹرکٹ سائیکل ایسوسی ایشن نے کیا تھا۔

'نماز' سب سے بڑی مظہر عبودیت

ترتیب: عبدالعزیز

مومن کا سب سے پہلا کام جس پر ہے کہ کلمۂ شہادت قبول کرنے کے بعد نماز قائم کرے۔ نماز ایک ایسی عبادت ہے جس سے پوری طرح یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ جو آدمی اپنی ذات سے متعلق تمام طاغوتی خداؤں کا انکار کرکے اپنے آپ کو اللہ کے حوالے کرتا ہے اس کا کیا مطلب اور مفہوم ہے؟ آدمی جب نماز کا آغاز کرتا ہے تو سب سے پہلے ہاتھ اٹھاتا ہے اور انہیں کندھوں تک اوپر کانوں کے برابر اٹھا کر حقیقت کا اعلان کرتا ہے کہ اللہ ہی سب سے بڑا ہے اور اس کے علاوہ کوئی بڑا نہیں ہے۔ یہ اللہ کی کبریائی کو تسلیم کرتے ہوئے اللہ کے سوا تمام خداؤں اور تمام بڑائیوں کو اپنی پشت کے پیچھے پھینک دیتا ہے اور "اللہ اکبر" کہتے ہوئے یعنی اللہ کی کبریائی کا اعلان کرتے ہوئے ہاتھ باندھ کر سراپا غلام کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔

زندگی اور دین و دنیا کی جو حاصل جنگ ہے اس کی بنیادی یہی ہے کہ انسانی زندگی اور کائنات کی پوری کائنات میں اللہ ہی اللہ بڑائی کا مستحق ہے۔ دنیا نے اس کبریائی اور عظمت کو تسلیم کرنے کے لئے کسی کو نہیں کہا ہے۔ دنیا کے اس کبریائی سے پہلے اسی بنیادی حقیقت کا اعلان کرتا ہے۔ ایک نماز پڑھنے والا اس سے پہلے اس کی بارگاہ میں کھڑا ہوتا ہے اور بڑی ہیبت کے ساتھ سر جھکاتا ہے۔ رکوع میں سر جھکانے اور ہر قوت کے مظہر کے سامنے جھکنے اور جبروت کے سامنے دست سوال دراز کرنے کا انکار کرتا ہے۔ سیدنا ابراہیم اعلیٰ سے اس کبریائی کا سرچشمہ ہے اور زمین و آسمان میں عظمت و کبریائی صرف اللہ کی ہے۔ اس نے اس کے سوا کسی بھی بات کو تسلیم کرنے سے انکار کیا۔ یہ قول وعمل رکوع میں ہر طرح کی طاقت کے مظاہر اور ہر قسم کی کبریائی کا انکار کرتا ہے۔

آخر میں جب وہ سجدے میں گرتا ہے تو وہ اپنے آپ کو نہایت عاجزی سے اللہ کی خدمت میں پیش کرتا ہے۔ چنانچہ نماز کے آغاز ہی سے اس کا اظہار ہوتا ہے اور پھر اعتراف و اقرار اور بندگی و فداکاری کی جتنی صورتیں اور جتنے مظاہر ہو سکتے ہیں، ایک نمازی ان تمام کا اظہار کرتا ہے۔ وہ زبان سے اللہ کا نام لیتا ہے، پھر بار بار اللہ کی عظمت کا اقرار کرتا ہے۔ سر کو جھکاتا ہے، پیشانی کو زمین پر رکھتا ہے، اور جس طرح دل سے اللہ کی بندگی کا اقرار کرتا ہے اسی طرح جسم کے تمام اعضاء سے بھی اس کا اظہار کرتا ہے۔ اس طرح وہ جسم و جان اور عقل و فکر سب کچھ اللہ کے حوالے کر دیتا ہے۔

تقویٰ کیا ہے؟ مزید فرمایا کہ نماز کو قائم رکھو اور جب تم نے اچھی طرح اللہ سے اپنا تعلق قائم کر لیا تو اس تعلق کو اپنی پوری زندگی میں جاری و ساری کرنے کے لئے ضروری ہے کہ اپنے اندر تقویٰ کی دولت پیدا کرو۔ تقویٰ کیا ہے؟ نہایت اختصار کے ساتھ تقویٰ کا مطلب یہ ہے کہ آدمی اپنے آپ کو ان باتوں سے بچائے جن سے اللہ نے منع کیا ہے اور ان باتوں کو اختیار کرے جن کا اللہ نے حکم دیا ہے۔ نماز سے جو تعلق اللہ سے پیدا ہوتا ہے وہ تقویٰ کی شکل میں زندگی کے ہر شعبے میں جاری و ساری ہو جاتا ہے اور انسان کی ساری زندگی اللہ کی فرماں برداری کی مثال بن جاتی ہے۔

اور اپنی پوری زندگی کو اس کی تصویر بنا دینا ہے۔ یہ ہے تقویٰ جس کا یہاں حکم دیا جا رہا ہے۔ جب آدمی اس تقویٰ کو اپنی زندگی میں جاری و ساری کر لیتا ہے اور اس کی آنکھوں میں اس نور کی شمع روشن ہو جاتی ہے تو اس کا دل و دماغ اس کی چمک دمک سے روشن ہو جاتا ہے اور اس کی شخصیت اسی کے رنگ میں ڈھل جاتی ہے تو پھر وہ ایک ایسا متقی انسان بن جاتا ہے جس کی پوری زندگی اللہ کی بندگی کی علامت ہوتی ہے۔ اللہ کے سامنے خود سپردگی کی کیفیت ہی ہے جس کے باعث اسے رب العالمین کے سپرد کرنا چاہئے ہوتا ہے اور یہی تقویٰ ہے کہ نماز کی پابندی اور تقویٰ کا اہتمام۔

نماز کی پابندی اور تقویٰ کا حصول، آخرت پر یقین

کے بغیر ممکن نہیں: جب بات یہ ہے کہ یہ دونوں ایک دوسرے سے منسلک ہیں اور یہی نماز اور تقویٰ ہی آخرت پر یقین کا سرچشمہ ہیں، تو پھر آدمی سوچتا ہے کہ تقویٰ کا حصول کیسے ممکن ہو؟ یہ دونوں حقیقت کے ساتھ وابستہ ہیں کیونکہ جب تک آدمی اپنی آخرت پر یقین نہ رکھے اس وقت تک نماز اور تقویٰ کے حقیقی اثرات پیدا نہیں ہوتے۔ ان کی اصل حقیقت یہ ہے کہ آدمی آخرت کو یاد رکھے اور اپنی زندگی کو ایک دن ختم ہونے والی سمجھے، پھر اس کے اندر یہ احساس پیدا ہو کہ اللہ کے حضور اسے حاضر ہونا ہے اور اپنے ہر عمل کا حساب دینا ہے۔ اگر یہ دونوں چیزیں ساتھ نہ ہوں تو آدمی کا دل اور دماغ آخرت کے یقین سے خالی ہو جاتا ہے اور پھر نماز اور تقویٰ کا کوئی معنی نہیں رہ جاتا۔ اسی لئے قرآن میں جگہ جگہ نماز اور تقویٰ کا ذکر آخرت کے یقین کے ساتھ کیا گیا ہے۔ دنیا ایک امتحان گاہ ہے اور انسان کو یہاں اپنی زندگی کا ایک ایک لمحہ اللہ کی مرضی کے مطابق گزارنا ہے۔ جو شخص یہ جانتا ہے کہ اسے ایک دن اللہ کے سامنے پیش ہونا ہے وہی نماز اور تقویٰ کی حقیقت کو سمجھ سکتا ہے اور وہی اس کی پابندی بھی کر سکتا ہے۔ یہی وہ بنیاد ہے جس پر ایک مومن کی پوری زندگی کی عمارت کھڑی ہوتی ہے۔

جزا اور سزا ہونا ضرور ہے: جب انسان مر جاتا ہے اور کون ہوگا جو اس کا حساب لے گا؟ یہ سوال اٹھتا ہے کہ آدمی کی پوری زندگی کا حساب کون لے گا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کا جواب خود دیا ہے کہ اللہ ہی اس کا حساب لے گا۔ اللہ کی ذات ہی وہ ذات ہے جو ہر چیز کی خالق اور مالک ہے، جو ہر چیز کو جانتی ہے اور جس سے کوئی چیز چھپی ہوئی نہیں ہے۔ اسی لئے آخرت میں جزا اور سزا کا ہونا ضروری ہے تاکہ ہر انسان کو اس کے اعمال کا پورا پورا بدلہ مل سکے۔ اگر آخرت نہ ہو تو اس دنیا میں نیکی اور بدی کی کوئی قدر و قیمت باقی نہیں رہتی۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم نے تمہیں بے کار پیدا نہیں کیا ہے اور تم ہماری طرف لوٹائے جاؤ گے۔ یہی عقیدہ انسان کو اس دنیا میں ذمہ دار بناتا ہے اور اسے اپنے ہر عمل کا جواب دہ بناتا ہے۔

قیامت اور اس کی تفصیلات کے بارے میں ہمیشہ اہل دنیا کو شبہات رہے ہیں۔ مشرکین کے ذہن میں یہ سوال رہا کہ جب ہم مر کر مٹی ہو جائیں گے تو پھر کیسے زندہ کئے جائیں گے؟ قرآن نے ان کے اس شبہ کو دور کرتے ہوئے فرمایا کہ جس نے پہلی بار پیدا کیا وہی دوبارہ بھی پیدا کرے گا۔ اس کے لئے یہ کوئی مشکل کام نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان کو پیدا کیا، انسان کو پیدا کیا اور پھر ایک دن قیامت قائم کرے گا جس میں ہر انسان کو اس کے اعمال کا بدلہ دیا جائے گا۔ یہ اللہ کا وعدہ ہے اور اللہ کا وعدہ سچا ہے۔ ارشاد فرمایا:

"اور وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے، حقیقت کے ساتھ،

جس دن کہے گا ہو جا تو ہو جائے گا۔ اس کی بات شدنی ہے اور اسی کی بادشاہی ہوگی جس دن صور پھونکا جائے گا۔ وہ غائب و حاضر سب کا علم رکھنے والا اور وہ حکیم و خبیر ہے"۔ (سورہ الانعام: 71)

اللہ نے یہ دنیا بے مقصد نہیں بنائی: اس آیت کریمہ میں حکمت و دانش کے پہلو سے اور فکری کج روی کے علاج کے طور پر اور مشرکین مکہ کی جانب سے اٹھائے جانے والے اعتراضات کے ازالے کے لئے مختلف باتیں ارشاد فرمائی گئی ہیں۔ سب سے پہلی بات یہ کہ آسمان و زمین میں خالق کی قدرت، حکمت اور ربوبیت کے جو آثار و دلائل موجود ہیں، وہ اس حقیقت پر شاہد ہیں کہ یہ کارخانہ کسی کھلنڈرے کا کھیل نہیں جو اس نے محض اپنا جی بہلانے کے لئے بنایا ہو۔ یہ اللہ تعالیٰ کی لیلا نہیں ہے۔ در اصل یہ ایک نہایت سنجیدہ کام ہے جو حکمت کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔ ایک مقصد عظیم اس کے اندر کارفرما ہے اور اس کا ایک دور گزر جانے کے بعد ناگزیر ہے کہ خالق اس پورے کام کا حساب لے جو اس دور میں انجام پایا ہو اور اسی دور کے نتائج پر دوسرے دور کی بنیاد رکھے۔ یہی بات ہے جو دوسرے مقامات پر یوں بیان کی گئی ہے:

"اے ہمارے رب! تو نے یہ سب کچھ فضول پیدا نہیں کیا" (آل عمران 191) اور "ہم نے آسمان و زمین اور ان چیزوں کو جو آسمان و زمین کے درمیان ہیں کھیل کے طور پر پیدا نہیں کیا ہے" (الانبیاء 16) اور "تو کیا تم نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ ہم نے تمہیں یونہی فضول پیدا کیا ہے اور تم ہماری طرف واپس نہ لائے جاؤ گے؟" (المومنون 115)

دنیا میں کوئی معمولی عقل کا آدمی بھی کسی ایسی چیز کے بنانے میں محنت و دولت اور ذہانت صرف نہیں کرتا، جس کا مقصد کوئی نہ ہو اور اگر کوئی شخص ایسا کرے تو دیکھنے والا یقیناً اس کی دماغی صحت کے بارے میں شبہ کرے گا۔ یہ تو ممکن ہے کہ کسی شخص کو بنانے والے اور کسی چیز کو ایجاد کرنے والے کے متعین کردہ مقصد سے اختلاف ہو اور وہ مقصد کو زیادہ اہمیت نہ دیتا ہو، لیکن سرے سے یہ بات کہ کوئی بے مقصد ایجاد کوئی بے مقصد صنعت اور کوئی بے مقصد تخلیق کبھی کسی صاحب فن اور کسی دانشور سے وجود میں آئی ہو ایسا کبھی نہیں ہوتا اور اگر ایسا ہو تو اسے بے عقلی اور حماقت کی بات سمجھا جاتا ہے تو وہ پروردگار جو قدیر، علیم و حکیم اور رحمان و رحیم ہے اور جس کی حکمتوں کو سمجھنے کے لئے بڑے بڑے دانشوروں کی دانش بے مایہ ثابت ہوتی ہیں، اس کے بارے میں یہ گمان کرنا کہ اس نے یہ کارخانۂ قدرت اور یہ طویل و عریض کائنات اور خود اس میں حضرت انسان کو بے مقصد پیدا کیا ہوگا، یہ سراسر ایک ایسی ناقابل قبول بات ہے جسے کبھی انسانی عقل قبول نہیں کر سکتی۔ سورج چمکتا ہے، چاند نکلتا ہے، ستارے جھلملاتے ہیں، پانی بہتا ہے، کلیاں چٹکتی ہیں، بادل گرجتے ہیں، بجلی چمکتی ہے، دریا بہتے ہیں، بہتے دریاؤں کی صورت میں چاندی و ساری ہیں، دریاؤں میں طوفان اٹھتے ہیں، سمندر میں گھنگھور گھٹائیں اٹھ کے آتی ہیں۔ تخلیق کا یہ حیرت انگیز کارخانہ ہے جو ہمارے ہر طرف پھیلا ہوا ہے۔ اس میں ہر مخلوق کے پیدا کئے جانے کا کوئی نہ کوئی مقصد ہے۔ تو یہ حضرت انسان جو اس کائنات کا گل سرسبد ہے اور جسے تمام کائنات میں غیر معمولی صلاحیتوں اور عقل و شعور کی دولت سے نوازا گیا ہے، جس کی دماغی رعنائی کا حال یہ ہے کہ اس نے لوہے میں قوت پرواز پیدا کر دی ہے اور مختلف دھاتوں کو جوڑ کر کمپیوٹر اور روبوٹ کی شکل میں انسانی دماغ کا متبادل پیدا کر دیا ہے۔ خود اس کے اندر کی صلاحیتیں بعض دفعہ انسان کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیتی ہیں۔ اس کے دل کی گہرائیاں، سمندروں کی گہرائیوں کو شرمندہ کرتی ہیں۔ اس کے ارادوں کی بلندیاں، پہاڑوں کی بلندی پر غالب آجاتی ہیں۔ اس کا سوز و گداز سورج کی روشنی اور بجلی کی تیزی کو ماند کر کے رکھ دیتا ہے۔ اس کے احساس کی نرمی، پھول کی پنکھڑی کی نرمی سے زیادہ نازک ہے تو کیا ایک ایسی مخلوق جس کے سر پر پروردگار نے عظمت و تکریم کا تاج سجایا ہے، اس کی زندگی کا کوئی مقصد نہیں؟ (جاری)

E-mail:azizabdul03@gmail.com
Mob:9831439068

50 سالہ مسلم ہاکرز کو زدوکوب کرنے والے تین ہندوؤں کو پر تکلف استقبالیہ

خورشید فرازی

مغربی بنگال اسمبلی کے اپوزیشن لیڈر شوبھیندو ادھیکاری ان تین بہادر ہندوؤں کے تئیں کو زبردست استقبالیہ دیا جنہوں نے ایک غریب ہاکر کو پکڑ کر بری طرح سے پیٹا تھا اور اس کے خوانچے میں جو چکن پیٹیز و چکن سینڈوچ تقریباً تین ہزار روپے کے تھے انہیں اٹھا کر زمین پر پھینک دیا تھا کیونکہ وہ غریب مسلم خوانچے والا چکن سینڈوچ فروخت کر رہا تھا جب کلکتہ کے بریگیڈ پریڈ گراؤنڈ میں گیتا پاٹھ کا پروگرام ہو رہا تھا اور وہ مسلم خوانچہ فروش ہر دنوں کی طرح اس دن بھی چکن سینڈوچ فروخت کرنے آیا تھا اور اسے نہیں علم نہیں تھا کہ گیتا پاٹھ میں حصہ لینے والے اس قدر برہم ہو گئے کہ اس کے تمام اشیاء کو زمین پر پھینک کر اسے بری طرح سے تھپڑ، گھونسے، لاتوں سے مار مار کر ادھ موا کر دیں گے وہ حیران و پریشان تھا کہ یہ لوگ جو اسے جانوروں کی طرح سے پیٹ رہے ہیں کچھ دیر قبل کس خاموشی سے گیتا پاٹھ کر رہے تھے۔ ان تین بہادر، جری ہندوؤں کو شوبھیندو ادھیکاری نے اس وقت استقبالیہ دیا جب وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے ایک غریب مسلم خوانچے والے کو ان بہادر ہندوؤں نے بری طرح سے پیٹنے کی مذمت کی اور کہا کہ یہ بنگال ہے اور یہاں اتر پردیش جیسی سیاست کارگر نہیں ہوگی۔ وہ تینوں جری ہندوؤں کو مسلم خوانچے والے پر حملہ کرنے کے جرم میں گرفتار کیا گیا اور ایک گھنٹے کے اندر اندر ان تینوں کو ضمانت مل گئی۔ شوبھیندو ادھیکاری نے کہا کہ میں کولکاتا میں متعدد سادھو سنتوں کی موجودگی میں ان بہادر اور جری ہندوؤں کو دلی مبارکباد دیتا ہوں جنہوں نے ایک مسلم خوانچے والے کو ادھ موا کر کے بہادری کا وہ مثال پیش کی ہے جو تاریخ میں سنہرے حرفوں میں لکھی جائے گی۔ اس مسلم خوانچے والے کی درگت بنانے والے سوبک بھائی، سوار نیندو بھائی اور ترون بھائی کو میں دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں جنہوں نے اتنی عمدہ کام کیا ہے جس کی نظیر نہیں ملے گی میں ان تین قابل فخر ہندوؤں کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں جنہوں نے اس مسلم خوانچے والے کو پیٹ پیٹ کر ادھ موا کر دیا۔ شوبھیندو ادھیکاری نے اپنی دلی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ اس نے کہا میں ممتا بنرجی سے کہنا چاہتا ہوں کہ وہ پولس کی مدد سے ستا تینوں کی زبان خاموش نہیں کر سکیں گی کیونکہ ستا تینوں اپنے مذہب کے تحفظ کے لئے بدستور لڑتے رہیں گے اور اس لڑائی میں ہندوتوا کے ساتھ ساتھ قدم ملا کر چلنے کو ترجیح دوں گا۔ شوبھیندو ادھیکاری نے ان تین ملک کے قابل فخر ہندوؤں کے ساتھ اپنی تصویر کھنچا کر بڑے فخر اور جوش سے کہا کہ ممتا بنرجی کی پولس نے ان تینوں جری ہندوؤں کو گرفتار کیا تھا لیکن کیا ہوا، عدالت نے ان تینوں کو ایک گھنٹے کے اندر اندر ضمانت دے دی۔ کرشنا نگر میں بعد ازاں ایک عوامی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے ان غریب مسلم ہاکروں کا دفاع کیا جنہیں جری اور بہادر ہندوؤں نے پیٹ ڈالا جس میں 50 سالہ شیخ ریاض الحق شدید زخمی ہوا ہے ان ہندوؤں نے پہلے ان غریب ہاکروں کے نام پوچھے اور نام بتائے جانے پر ان کی تمام اشیاء اٹھا کر زمین پر پھینک دیں اور انہیں بنگلہ دیشی درانداز بتایا۔ بریگیڈ گراؤنڈ میں جب بھی کوئی سیاسی میٹنگ ہوتی ہے یا کوئی نمائش یا میلہ لگتا ہے تو یہ غریب ہاکرس وہاں جاتے ہیں، کوئی سنگھاڑا، کوئی آلو چاپ، کوئی جھال موڑی فروخت کرتا ہے اور ان بیچاروں کو کیا معلوم اس سے کیا لینا دینا کہ کون ہندو بہادر ہے کون بہا ہے اور کون کٹر ہندو، ان کی نظر میں سبھی داتا، ایک بیوپار اور سبھی اس کے خریدار۔ اس دن بھی یہ سب میدان میں گیتا پاٹھ کا پروگرام کا سن کر ڈھیر ساری کھانے پینے کی اشیاء گھر سے تیار کر کے لائے تھے اور ان کا خیال تھا کہ آج وہ تین ہزار روپے خرچ کر کے جو چکن سینڈوچ و پیٹیز تیار کر کے لائے ہیں مگر واپسی کے دوران اس کے پاس کم از کم پانچ روپے کی آمدنی ساتھ ہوگی، لیکن انہیں کیا معلوم تھا کہ گیتا پاٹھ پڑھنے کے نام پر ایسے بہادر اور قابل فخر لوگ تشریف لائے ہیں جو نہ صرف اس کا پورا سامان سڑک پر پھینک دیں گے بلکہ انہیں مار مار کر اسپتال پہنچنے کی راہ ہموار کر دیں گے۔ بی جے پی لیڈر شوبھیندو ادھیکاری نے ان بہادر مذہب کے رکھوالوں کو جنہوں نے غریب مسلم ہاکر کو مار کر ادھ موا کر دیا، زبردست استقبالیہ دیکر ان بہادروں اور دلیر ہندوستانیوں کی پذیرائی کی اور انہیں بہادر ہندو سپاہی قرار دیا۔ شوبھیندو نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ شیخ ریاض الحق نے اپنی پہچان بتانے میں گول مول جواب دیا تھا لیکن ریاض الحق نے کہا کہ وہ کبھی اپنی شناخت چھپانے لگا، اس نے فخر سے کہا تھا کہ میں ایک مسلمان ہوں اور میرا نام شیخ ریاض الحق ہے، اس نے کہا کہ اس جیسے لوگ مجھ سے میری شناخت چھینے کی کوشش کریں، کیا یہ ممکن ہے وہ بیشک میری جان لے سکتے ہیں لیکن ایک مسلمان اپنے مذہب کے نام پر ہر وقت مرمٹنے کے لئے تیار رہتا ہے، پھر ایسے لوگوں کی میری نظر میں کیا اہمیت ہو سکتی ہے۔

روزنامہ عوامی نیوز
کولکاتا | اتوار ۱۴ دسمبر ۲۰۲۵ء

خالدہ ضیاء کی حالت تشویشناک اور..... بنگلہ دیش میں عام انتخابات 12 فروری کو

شدت سے انتظار کرتے کرتے بالآخر بنگلہ دیش میں پارلیمانی الیکشن کے ساتھ ساتھ عام انتخابات کا اعلان کر دیا گیا اور 12 فروری کی تاریخ طے پائی ہے یعنی ٹھیک ڈھائی مہینے بعد بنگلہ دیش کی تاریخ بدل جائے گی اور محمد یونس کی عبوری حکمرانی کا تار بکھر ہو جائے گا ویسے تو محمد یونس اپنی اس سازش میں کامیاب ہوئے ہیں کہ انہوں نے بنگلہ دیش کی سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کی زبان سے یہ حکم نامہ سنا دیا کہ بھگوڑی شیخ حسینہ اور اس کی پارٹی عوامی لیگ کو الیکشن میں حصہ لینے نہیں دیا جائے گا۔ ویسے اگر الیکشن ہوتا ہے تو بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی فرنٹ رنر ہے اگرچہ پارٹی کی سربراہ اور سابق وزیر اعظم خالدہ ضیاء کی حالت اس وقت نازک ہے اور اسپتال میں انہیں وینٹی لیٹر میں ڈال دیا گیا ہے جب شیخ حسینہ حکومت نے اس پر انگنت الٹے سیدھے الزامات عائد کر اسے برسوں جیل میں ڈال کر سڑا دیا تھا اور جیل میں رہتے رہتے ان کی طبیعت بگڑی تھی، اس وقت خالدہ ضیاء نے اپنے بڑے بیٹے رحمٰن کو خود ساختہ جلا وطن بن کر امریکہ چلے جانے کا مشورہ دیا تھا کیونکہ انہیں شک ہو چلا تھا کہ شیخ حسینہ کی ذہنیت دیدہ دلیری اسے بھی طویل مدت کے لئے جیل بھیجنے کا ارادہ کر چکی ہے۔ چونکہ رحمٰن اپنی والدہ خالدہ ضیاء کو جیل میں قید چھوڑ کر امریکہ جانا نہیں چاہتا تھا لیکن وہاں معاملہ تو محلاتی جنگ کا تھا۔ خالدہ ضیاء کے شوہر ضیاء الرحمٰن بنگلہ دیشی فوج کے جنرل تھے اور بعد میں جمہوریت تاراج کے باعث حکومت ڈانوا ڈول ہونے لگی تو ضیاء الرحمٰن نے فوجی بغاوت کے نام پر حکومت پر قبضہ کر لیا اور وہ فوج کے سربراہ ہونے کے ساتھ ساتھ وہ ملک کے صدر بھی بن گئے تھے لیکن پاکستان کی طرح بنگلہ دیش میں بھی فوجی بغاوت وہاں کا معمول بن چکی تھی اور ضیاء الرحمٰن کو بھی کے فوجی دستوں نے بغاوت سے پہلے ہی انہیں گولی مار کر ہلاک کر دیا تھا اور پھر خالدہ ضیاء کو ملک کی باگ ڈور سنبھالنے کا موقع ملا۔ بطور وزیر اعظم خالدہ ضیاء نے اپنی حکمرانی میں خوب شہرت، عزت و منزلت پائی، لیکن 15 سال پہلے جو الیکشن 2009 میں ہوا اس میں عوامی لیگ کو کامیابی ملی اور شیخ حسینہ وزیر اعظم بنیں اور یکے بعد دیگرے ان باغیوں کو پھانسی پر لٹکانے لگیں جنہوں نے بغاوت کر کے پہلے وزیر اعظم اور بانی بنگلہ دیش شیخ حسینہ کے والد شیخ مجیب الرحمٰن کا بھیانک قتل اور ان کے خاندان کے دیگر 11 افراد کا قتل عام کیا تھا۔ لہٰذا اس بغاوت میں حصہ لینے والے جو انتہائی ضعیف ہو چکے تھے اور کئی 80 سال کے ہو چکے تھے لیکن وہ شیخ حسینہ کے انتقام کی آگ سے بچ نہ سکے اور انہیں کھلے عام پھانسی دے دی گئی۔ شیخ حسینہ کا ظلم اس قدر بڑھ گیا تھا کہ بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی نے دو جنرل الیکشن میں حصہ ہی نہیں لیا کیونکہ خالدہ ضیاء سمیت پارٹی کے تمام رہنماؤں کو شیخ حسینہ نے پنجرے کا پنچھی بنا کر رکھ دیا تھا۔ اب جبکہ 12 فروری 2026 کو عام انتخابات کی تاریخ کا اعلان چیف الیکشن کمشنر اے ایم ایم ناصر الدین نے کر دیا ہے کہ 12 فروری کو صبح 7.30 بجے سے 4.30 بجے تک ووٹنگ کے اوقات ہوں گے۔ گزشتہ 5 اگست 2024 کو طلباء تحریک نے شدت پکڑی تھی اور شیخ حسینہ کی حکومت الٹ گئی تھی اور صورتحال کو دیکھتے ہوئے شیخ حسینہ اپنی چھوٹی بہن شیخ ریحانہ کو ساتھ لیکر ایک پرائیویٹ ہیلی کاپٹر کے ذریعہ ہندوستان چلی آئیں اور یہاں جلا وطنی کی زندگی گزارنے کا فیصلہ کیا۔ لیکن کارگزار حکمراں محمد یونس انتہائی کاہل ثابت ہوئے اور وہ الیکشن کرانا ہی نہیں چاہتے تھے بلکہ وہ خود کو ہمیشہ کے لئے نگراں حکمراں کے بجائے مستقل حکومت کی باگ ڈور اپنے ہاتھوں میں رکھنا چاہتے تھے۔ کہاوت مشہور ہے کہ شیر کو جب انسانی خون کی لت پڑ جائے تو وہ کسی بھی جانور کا شکار کرنے کے بجائے ہر لمحہ اسے اس کا اپنا شکار ہی نظر آئے۔ جس دن چیف الیکشن کمشنر اے ایم ایم ناصر الدین نے انتخابی نوٹیفکیشن جاری کرتے ہوئے 12 فروری 2026 کی تاریخ مقرر کی اور اسی کے ساتھ ملک کے موجودہ صدر شہاب الدین جن کی میعاد ختم ہونے میں ابھی ایک سال باقی ہے انہوں نے میعاد ختم ہونے سے پہلے صدارتی عہدہ چھوڑنے کا اعلان کیا اور کہا کہ نگراں مشیر محمد یونس نے میرے ساتھ سخت بدتمیزی کی ہے اور میں اس بے عزتی کو سہتے ہوئے صدر رہنا پسند نہیں کروں گا۔

واضح رہے کہ 5 اگست 2024 کو جب شیخ حسینہ نے ملک چھوڑنے کا فیصلہ کیا تھا اس وقت انہوں نے افراتفری کے عالم میں اپنا استعفیٰ لکھا تھا اور اسے ملک کے صدر شہاب الدین کے ہاتھوں میں دے دیا تھا لیکن نگراں مشیر محمد یونس نے کئی بار اس استعفیٰ نامہ کا مطالبہ کیا مگر شہاب الدین نے ہمیشہ انکار کیا کہ شیخ حسینہ نے اپنے استعفیٰ کے سلسلے میں کوئی تحریر چھوڑی ہے جبکہ اس موقع کی تصویر بھی مل گئی ہے جب وہ استعفیٰ لکھ رہی تھیں، صدر شہاب الدین بغل میں دوسری کرسی میں بیٹھے ہوئے تھے۔ (خ الف)

شفافیت یا دکھاوا؟

ڈاکٹر سید تابش امام

جمہوری نظام کی بنیاد شفافیت، جواب دہی اور عوامی اعتماد پر استوار ہوتی ہے۔ جب کسی ریاست کا فیصلہ ساز نظام ان اصولوں سے انحراف کرتا ہے تو عوامی شرکت محض رسمی عمل بن جاتی ہے اور حکومت و عوام کے درمیان فاصلہ بڑھنے لگتا ہے۔ شفافیت نہ صرف حکمرانی کا اخلاقی اصول ہے بلکہ آئینی ذمہ داری بھی ہے۔ جب فیصلے بند کمروں میں ہوں اور عوامی ادارے محض حکم کی تعمیل کے آلہ کار بن جائیں تو جمہوریت اپنی روح کھو دیتی ہے۔ گزشتہ چند برسوں میں عوامی اداروں کی خودمختاری اور شفافیت کے سوالات غیر معمولی طور پر اہم ہو گئے ہیں، خاص طور پر وہ ادارے جن کا بنیادی کام عوامی حقِ معلومات، احتساب اور نگرانی سے جڑا ہے، ان کے وقار میں نمایاں گراوٹ دیکھی جا رہی ہے۔

تقرریوں کا تنازع

حال ہی میں وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں منعقد ایک اہم میٹنگ میں نئے مرکزی اطلاعاتی کمشنر (CIC)، آٹھ اطلاعاتی کمشنروں اور ایک مرکزی نگراں کمشنر (CVC) کی تقرری پر غور کیا گیا۔ کمیٹی کے تین ارکان میں وزیر اعظم کے علاوہ لوک سبھا میں قائدِ حزبِ اختلاف راہل گاندھی بھی شامل تھے۔ راہل گاندھی نے نشست میں پیش کیے گئے ناموں پر اعتراض کرتے ہوئے کہا کہ تقرریوں میں شفافیت کا فقدان اور سماجی انصاف کے اصولوں سے انحراف صاف دکھائی دیتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تقرریوں کے لیے پیش کی گئی فہرست میں سماجی و اقتصادی طور پر پسماندہ طبقات، دلت، آدی واسی اور اقلیتوں کی نمائندگی نہ کے برابر ہے، حالاں کہ یہی طبقات ملک کی تقریباً نوے فیصد آبادی پر مشتمل ہیں۔ راہل گاندھی نے حکومت سے امیدواروں کی فہرست اجلاس سے کئی ہفتہ قبل طلب کی تھی، مگر یہ فہرست انہیں صرف ایک دن پہلے فراہم کی گئی۔ دستیاب معلومات کے مطابق ایک سو سے زائد ناموں میں صرف سات فیصد امیدوار سماجی طور پر پسماندہ پس منظر سے تعلق رکھتے تھے اور منتخب ہونے والوں میں بھی بمشکل ایک ہی نام اس طبقہ سے تھا۔ یہ صورتِ حال نہ صرف شفافیت بلکہ نمائندگی کے اس بنیادی اصول پر بھی سوال اٹھاتی ہے، جو ہر جمہوری نظام کے لیے ناگزیر سمجھا جاتا ہے۔

شفافیت کی اہمیت

یہ اختلاف محض سیاسی ردِعمل نہیں بلکہ جمہوری اصولوں کی بنیاد سے جڑا ہوا سوال ہے۔ مرکزی اطلاعاتی کمیشن (CIC) کا قیام 2005ء میں اطلاعات کے حق کے قانون (RTI Act 2005) کے تحت اس مقصد سے عمل میں آیا تھا کہ ہر شہری کو حکومت کے فیصلوں، پالیسیوں اور سرکاری دستاویزات تک معقول رسائی حاصل ہو سکے۔ یہ قانون عوام کو دراصل "حکومت کو جاننے کا حق" دیتا ہے، یعنی ریاستی اختیارات عوامی امانت ہیں اور ہر شہری کو یہ جاننے کا حق ہے کہ وہ امانت کس طرح اور کن مقاصد کے لیے استعمال ہو رہی ہے۔ اگر وہی ادارہ جو شفافیت کا نگران اور حقِ معلومات کا محافظ ہے، اپنی اندرونی تقرریوں میں غیر شفاف رویہ اختیار کرے تو یہ پورے انتظامی و جمہوری ڈھانچہ کے وقار کو زک پہنچاتا ہے۔ اطلاعاتی کمیشن کی ویب سائٹ کے مطابق اس وقت تقریباً 33 ہزار اپیلیں زیرِ التوا ہیں اور پورے ملک کے لیے صرف دو کمشنر فعال ہیں، جب کہ آٹھ عہدے عرصۂ دراز سے خالی پڑے ہیں اور سربراہ یعنی چیف انفارمیشن کمشنر کا عہدہ بھی ستمبر سے خالی ہے۔ ایسے میں یہ سوال ناگزیر ہو جاتا ہے کہ جب خود شفافیت کا نگراں ادارہ ہی اس قدر کمزور اور غیر فعال ہو تو عوام کے حقِ معلومات کی حقیقی پاسداری کس طرح ممکن رہے گی؟

تاخیر اور کمزور حکمرانی کا خمیازہ

اداروں میں تاخیر، عمل کی سستی اور غیر فعالیت کا پہلا اور براہِ راست اثر عام شہری پر پڑتا ہے۔ ایک RTI درخواست دہندہ جو کسی سرکاری دفتر سے بنیادی نوعیت کی معلومات طلب کرتا ہے، وہ اکثر برسوں تک جواب کے انتظار میں رہ جاتا ہے۔ جب اس کی اپیل معلوماتی کمیشن تک پہنچتی ہے اور وہاں بھی تاخیر اور خالی عہدوں کی وجہ سے برسوں تک سماعت نہ ہو تو یہ صورتِ حال انصاف کے عملاً انکار کے مترادف ہو جاتی ہے۔ حکومت اگر وقت پر تقرریاں نہیں کرتی، نشستیں خالی رہنے دیتی ہے اور ادارہ جاتی ڈھانچہ کو مضبوط بنانے کے بجائے کمزور پڑنے دیتی ہے تو اسے شفافیت اور جواب دہی کی علمبردار کہنا محض لفظی مبالغہ ہوگا، خواہ بیانات اور تقاریر میں کتنی ہی دفعہ "گڈ گورننس" اور "شفاف نظام" کے دعوے کیوں نہ دہرائے جائیں۔ یہی وہ پس منظر ہے جس میں راہل گاندھی کا اعتراض محض ایک سیاسی مؤقف کے بجائے آئینی اور اخلاقی سوال کی شکل اختیار کر لیتا ہے کہ آیا حکومت حقِ معلومات کے قانون کو اس کی اصل روح کے ساتھ باقی رکھنا چاہتی ہے یا اسے رسمی خانہ پُری تک محدود کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

نگرانی اداروں کی آزادی

گزشتہ چند برسوں میں ملک کے اہم نگرانی اور احتسابی اداروں کی خودمختاری پر مسلسل سوال اٹھ رہے ہیں۔ الیکشن کمیشن ہو، سی بی آئی ہو یا لوک پال ہر جگہ سیاسی مداخلت اور غیر ضروری دباؤ کے آثار نمایاں ہوتے جا رہے ہیں۔ لوک پال، جسے بدعنوانی کے خلاف مضبوط ہتھیار کے طور پر پیش کیا گیا تھا، اس کی جانب سے سات مہنگی بی ایم ڈبلیو گاڑیوں کی خریداری کے لیے جاری کیے گئے ٹینڈر نے عام شہری کے ذہن میں یہ سوال پیدا کر دیا کہ آخر ایک احتسابی ادارے کو اس قدر شاہانہ سہولتوں کی ضرورت کیوں پیش آئی؟ اصل مسئلہ یہ نہیں کہ وہ گاڑیاں بعد میں خریدی گئیں یا نہیں، اصل سوال یہ ہے کہ جب جواب دہی کے ادارے خود ایسے فیصلے کرنے لگیں جنہیں عوام "عیاشی" اور "اسراف" سمجھیں تو پھر ان سے سادگی، دیانت داری اور بے خوف احتساب کی امید کیسے رکھی جا سکتی ہے؟ جب احتسابی ادارے خود احتساب سے آزاد ہو جائیں تو عام شہری کے لیے انصاف اور جواب دہی کا دروازہ بتدریج بند ہونے لگتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حزبِ اختلاف کے ساتھ ساتھ سول سوسائٹی کے حلقے بھی بار بار حکومت سے مطالبہ کر رہے ہیں کہ ان اداروں کو سیاسی دباؤ سے نجات دلائی جائے اور ان کی آئینی خودمختاری کو حقیقی معنوں میں بحال کیا جائے۔

سیاسی اتفاقِ رائے اور آئینی توازن

ہندستانی آئین نے جن تقرری کمیٹیوں میں قائدِ حزبِ اختلاف کو رکن کے طور پر شامل کیا ہے، اس کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ اہم عہدوں پر تعیناتی کے وقت محض حکومتی اکثریت نہیں بلکہ وسیع تر سیاسی اتفاقِ رائے کو سامنے رکھا جائے۔ یہ شمولیت رسمی یا نمائشی نہیں بلکہ اصولی نوعیت کی ہے۔ جب حکومت ایک طرف قائدِ حزبِ اختلاف کو میز پر بٹھائے اور دوسری جانب اختلافی رائے کو نظر انداز کرتے ہوئے پہلے سے طے شدہ فیصلوں کو محض "منظوری" کی رسم تک محدود کر دے تو جمہوری عمل کا وقار شدید طور پر متاثر ہوتا ہے۔ جمہوریت کا حسن اسی وقت برقرار رہ سکتا ہے جب حکومت اور حزبِ اختلاف باہمی احترام، دلیل اور مشاورت کے ذریعہ حساس تقرریاں اور آئینی فیصلے انجام دیں۔ مگر بدقسمتی سے موجودہ سیاسی فضا میں رواداری اور مکالمہ کی جگہ اکثریت کے غرور اور اختلاف کی تحقیر نے لے لی ہے، جس کا نقصان صرف سیاسی جماعتوں کو نہیں بلکہ پورے جمہوری نظام کو پہنچ رہا ہے۔

عوامی فلاح اور RTI کی کمزوری

ملک بھر میں آج لاکھوں RTI درخواستیں مختلف سطحوں پر زیرِ التوا ہیں۔ کئی درخواست دہندگان کی زندگیاں برسوں سے اسی انتظار میں گزر رہی ہیں کہ انہیں متعلقہ محکموں سے مطلوب معلومات مل سکے۔ اطلاعاتی کمیشن کے کمزور اور نامکمل ڈھانچہ نے اس قانون کی افادیت کو عملی سطح پر محدود کر دیا ہے۔ جہاں شفافیت کمزور پڑتی ہے، وہاں بدعنوانی، اقربا پروری اور من مانی فیصلوں کی جڑیں مزید گہری ہو جاتی ہیں۔ جب شہری کو بروقت، مکمل اور قابلِ فہم معلومات نہیں ملتیں تو سرکاری افسران غیر جواب دہانہ رویہ کے عادی ہو جاتے ہیں، فائلیں دبی رہتی ہیں اور فیصلوں میں شفافیت کی جگہ ابہام اور اندھیرے لے لیتے ہیں۔ اس صورتِ حال میں عوام کا اعتماد صرف حکومت پر نہیں بلکہ پورے ریاستی ڈھانچہ پر متزلزل ہو جاتا ہے۔ حکومت کا فرض ہے کہ وہ نہ صرف تقرریاں بروقت کرے بلکہ ان اداروں کو مالی، انتظامی اور عملی سطح پر ایسی آزادی بھی دے کہ وہ حکومتی ناراضی کے خوف کے بغیر آزادانہ فیصلے کر سکیں۔

نقل و عمل کا تضاد

ایک طرف حکومت "سب کا ساتھ، سب کا وکاس" اور "سب کا وشواس" جیسے نعرے لگاتی ہے، دوسری طرف تقرریوں، نمائندگی اور اداروں کی تشکیل کے عمل میں وہی روش اپناتی ہے جس پر خود ماضی میں سابقہ حکومتوں کو تنقید کا نشانہ بناتی رہی ہے۔ اگر اعلیٰ سطح کی تقرریوں میں سماجی اور علاقائی تنوع کی حقیقی جھلک نہ ملے اور تقرریوں کا توازن مسلسل ایک ہی طبقہ یا ایک ہی نظریات کے حق میں جھکتا رہے تو یہ نعرے رفتہ رفتہ بے روح الفاظ بن کر رہ جاتے ہیں۔ جمہوریت کا جمال اسی وقت برقرار رہ سکتا ہے جب سماج کے ہر طبقہ — دلت، آدی واسی، پسماندہ طبقات، اقلیتیں اور کمزور گروہ — خود کو فیصلہ سازی کے حلقے میں کسی نہ کسی درجہ میں شریک محسوس کریں۔ جب نمائندگی محدود، غیر متوازن یا محض رسمی ہو جائے تو احساسِ محرومی بڑھتا ہے، اور یہی محرومی آگے چل کر سیاسی بے اعتمادی، ردِعمل اور جمہوری عمل سے دوری میں تبدیل ہو جاتی ہے۔

تاریخی تناظر

بھارت میں شفافیت اور جواب دہی کے تصورات کی جڑیں دستورِ ہند کے بنیادی ڈھانچے تک جاتی ہیں۔ دستور ساز اسمبلی میں جب بنیادی حقوق، آزادیٔ اظہار اور ریاستی اختیارات پر بحث ہوئی تو متعدد اراکین نے اس بات پر زور دیا کہ جمہوریت کا پہلا زینہ عوام کی معلومات تک رسائی ہے۔ آزادی کے بعد مختلف ادوار میں حکومتوں نے اصلاحات کا اعلان ضرور کیا، مگر حقیقی معنوں میں ادارہ جاتی شفافیت کو مضبوط بنیاد تب ملی جب 2005ء میں اطلاعات کے حق کا قانون نافذ ہوا۔ RTI ایکٹ عوامی تحریکوں، صحافیوں، وکلاء اور سماجی تنظیموں کی برسوں کی جدوجہد کا نتیجہ ہے۔ راجستھان میں "مزدور کسان شکتی سنگٹھن (MKSS)" جیسی تحریکوں نے گاؤں کی سطح پر سرکاری ریکارڈ عوام کے سامنے لانے کا مطالبہ کر کے یہ ثابت کیا کہ جب سرکاری فائلیں عوامی دربار میں کھلتی ہیں تو بدعنوانی بے نقاب ہوتی ہے۔ مگر آج، دو دہائی گزرنے کے بعد، یہی قانون بوجھل بیوروکریسی، تاخیر، خالی عہدوں اور سیاسی بے رغبتی کے شکنجہ میں جکڑا ہوا دکھائی دیتا ہے۔

میڈیا، سول سوسائٹی اور شہری بیداری

جمہوری فلسفہ میں میڈیا کو "چوتھا ستون" اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ اقتدار کے تمام ستونوں — حکومت، مقننہ، عدلیہ اور بیوروکریسی — پر نظر رکھے اور وقتاً فوقتاً سوال اٹھاتا رہے۔ لیکن آج میڈیا کا ایک وسیع حصہ اقتدار کے سرکاری بیانیے کو غیر تنقیدی طور پر دہرانے میں مصروف ہے، جس کی وجہ سے عوام تک مکمل تصویر نہیں پہنچ پاتی۔ حقیقی صحافت کا تقاضہ یہ ہے کہ وہ عوامی اداروں کی ناکامی، غیر شفافیت اور تاخیری طرزِ عمل کو بے نقاب کرے تاکہ رائے عامہ باشعور ہو اور عوام جان سکیں کہ ان کے نام پر فیصلے کس انداز میں لیے جا رہے ہیں۔ شہریوں کے لیے بھی ضروری ہے کہ وہ RTI کو محض ایک قانونی سہولت نہیں بلکہ اپنے بنیادی حق اور شہری طاقت کے اہم آلے کے طور پر سمجھیں۔ یہ قانون عام آدمی کو یہ حق دیتا ہے کہ وہ طاقت کے مراکز سے سوال پوچھ سکے، حساب لے سکے اور سرکاری ریکارڈ کا دیدار کر سکے۔ اگر ادارے اس حق کو کمزور کرنے کی کوشش کریں تو منظم عوامی دباؤ اور اجتماعی آواز کے ذریعے ہی اسے دوبارہ مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔

عوامی اعتماد کی بحالی کا راستہ

اگر حکومت واقعی شفافیت کو اپنا شعار بنانا چاہتی ہے تو پہلا اور فوری قدم یہ ہونا چاہیے کہ تمام اہم تقرریوں کا عمل واضح اور عوامی بنایا جائے۔ امیدواروں کی اہلیت، تجربے، انٹرویو کے معیار اور حتمی انتخاب کی بنیاد کو سرکاری ویب سائٹ پر پیش کیا جائے تاکہ کسی قسم کے شکوک و شبہات کی گنجائش نہ رہے۔ اس سے نہ صرف مناسب امیدواروں کے انتخاب میں آسانی ہوگی بلکہ عوامی اداروں پر لوگوں کا اعتماد بھی بحال ہوگا۔ اسی کے ساتھ یہ بھی ناگزیر ہے کہ اطلاعاتی کمیشن اور دیگر نگرانی و احتسابی اداروں کے فیصلوں کو غیر ضروری عدالتی تاخیر سے بچایا جائے اور ان کے سامنے پیش ہونے والے معاملات کو ترجیحی بنیاد پر نمٹانے کا نظام بنایا جائے۔ جب شہری کو محسوس ہوگا کہ اس کی درخواست اور اپیل معقول مدت میں سنی اور نمٹائی جا رہی ہے تو وہ نہ صرف قانون پر اعتماد کرے گا بلکہ جمہوری ڈھانچے کے ساتھ اس کا رشتہ بھی مضبوط ہوگا۔ بلاشبہ شفافیت کا مطلب صرف کاغذی رپورٹیں جاری کرنا یا رسمی پریس کانفرنسیں منعقد کرنا نہیں، بلکہ ہر اہم فیصلہ عوامی شعور کی روشنی میں، واضح اصولوں اور کھلے مباحثے کے ساتھ لینا ہے۔ جب فیصلہ سازی بند کمروں کے بجائے کھلے فورموں پر ہو، جب سوال پوچھنے والا شہری مشکوک نگاہوں کے بجائے احترام کی نظر سے دیکھا جائے تو اعتماد خود بخود بحال ہوتا ہے۔ اگر حکومت واقعی عوامی خدمت کے اصول پر قائم رہنا چاہتی ہے تو اسے سوالات سے خوف زدہ ہونے کے بجائے انہیں جمہوریت کی صحت مندی کی علامت سمجھنا ہوگا، کیونکہ سوال کرنے والی قوم ہی بیدار اور زندہ قوم کہلاتی ہے۔ وقت آ گیا ہے کہ شفافیت کو محض نعرہ نہیں بلکہ طرزِ حکمرانی کا مستقل اور لازمی اصول بنایا جائے۔ چاہے تقرریاں ہوں یا روزمرہ فیصلے، بجٹ کی تقسیم ہو یا پالیسی سازی — شفافیت ہی وہ بنیاد ہے جس پر جمہوریت کی مضبوط اور دیرپا عمارت کھڑی رہ سکتی ہے۔ ورنہ "شفافیت" کا لفظ سرکاری تقریروں میں تو گونجے گا، مگر عام شہری کی زندگی میں اس کا عکس تلاش کرنا مشکل تر ہوتا جائے گا، اور یہی وہ موڑ ہے جہاں شفافیت ایک آئینی حق کے بجائے محض دکھاوے کا عنوان بن کر رہ جاتی ہے۔

رابطہ: 9934933992

ڈاکٹر ممتاز احمد خان کی کتاب

'متاعِ نقد و نظر' پر تبصرہ

پروفیسر ڈاکٹر محمد توقیر عالم
سابق پرو وائس چانسلر،
مولانا مظہر الحق عربی و فارسی یونیورسٹی، پٹنہ۔

تحقیق و تنقید کی دنیا میں ڈاکٹر ممتاز احمد خان کا نام اردو ادب میں شناسا ہے۔ ان کی کئی کتابیں منظرِ عام پر آ کر داد و تحسین حاصل کر چکی ہیں، جن میں "اردو مرصع نثر کی روایت"، "ادب کا ادبی رویہ"، "اقبال شاعر و دانشور" اور "متاعِ لوح و قلم" شامل ہیں۔ ڈاکٹر ممتاز احمد خان ناقدوں کی بھیڑ میں اپنی جگہ بنانے میں اس لیے بھی کامیاب ہیں کہ ان کے پاس اپنا وژن (Vision) ہے اور فن پاروں اور فن کاروں کا مطالعہ کرتے ہوئے اسے بروئے کار لاتے ہیں۔ وہ گھسی پٹی باتوں کے نہ تو حمایتی ہیں اور نہ منکر۔ پیش نظر کتاب "متاعِ نقد و نظر" موصوف کے تنقیدی مضامین کا مجموعہ ہے جس کو انھوں نے اپنے دو اساتذہ پروفیسر مطیع الرحمن اور ڈاکٹر کلیم احمد عاجز کے نام معنون کیا ہے۔ اس مجموعے میں موصوف کے ۲۲ رمضامین شامل ہیں، جن پر نگاہ ڈالنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ موصوف کا مطالعہ نہایت عمیق و وسیع ہے۔ جہاں وہ اقبال پر قلم اُٹھاتے ہیں، وہیں ناوک حمزہ پوری کی مجموعی اور منور رانا کی نثری خدمات کا جائزہ لیتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ اگر ایک طرف وہ سر سید احمد، خواجہ حسن نظامی اور رشید حسن خاں کی خدمات کا ذکر کرتے ہیں تو دوسری طرف اُبھرتے ہوئے ناقد کوثر مظہری کو بھی فراموش نہیں کرتے۔ وہ اگر ایک طرف قرۃ العین حیدر کی افسانہ نگاری کا ذکر کرتے ہیں تو دوسری طرف شین مظفر پوری کی یاد سے بھی غافل نظر نہیں آتے۔ وہ ایک طرف معیاری نثر کے عناصرِ ترکیبی تلاش کرتے ہیں تو دوسری طرف ڈرامہ اور تھیٹر کی بحث کو بھی موضوعِ گفتگو بنانے سے گریز نہیں کرتے۔ بحیثیت مجموعی یہ کہا جا سکتا ہے کہ ڈاکٹر ممتاز احمد خاں کی نظر زوال تا حال اردو ادب کے فنکاروں اور فن پاروں پر مرکوز نظر آتی ہے۔ اس کتاب میں شامل مضامین کے عنوانات سے بھی اس بات کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے جو بالترتیب اس طرح ہیں: بہار میں اقبال شناسی کی روایت، معیاری نثر کے عناصرِ ترکیبی، مقابلہ بحیثیت صنفِ ادب، ڈراما اور تھیٹر کی بحث، سر سید احمد خاں کا عظیم کارنامہ، خطباتِ احمدیہ، خواجہ حسن نظامی کی روزنامچہ نگاری، سردار جعفری کا اسلوبِ نثر، صالحہ عابد حسین کی خودنوشت 'سلسلۂ روز و شب': ایک مطالعہ، شین مظفر پوری کی یاد داشت، رقصِ بسمل: ایک مطالعہ، قیوم خضر کی خودنوشت سوانح عمری: محاسبہ ایک تجزیاتی مطالعہ، اصلاحِ املا کے باب میں رشید حسن خاں کی خدمات، قرۃ العین حیدر کی افسانہ نگاری، غلام سرور کی ادبی خدمات، پروفیسر شکیل الرحمن کی خودنوشت 'آشرم': ایک تجزیاتی مطالعہ، ناوک حمزہ پوری: ایک نابغۂ عصر ادیب و انشائیہ پرداز، پروفیسر عبدالمغنی کی ادبی خدمات، پروفیسر قمر اعظم ہاشمی کی تنقید کے عناصرِ ترکیبی، صلاح الدین پرویز کا ناول 'دی وار جرنلس': تنقیدی مطالعہ، منور رانا کی انشا پردازی، کوثر مظہری کی تنقید نگاری۔ شمالی بہار کی ایک بولی: بجکا، عصرِ حاضر میں فکرِ اقبال کی معنویت شامل ہیں۔ جیسا کہ شروع میں عرض کیا گیا کہ ڈاکٹر ممتاز احمد خان کی تنقید کا مطمحِ نظر حقیقت پسندی اور صاف گوئی ہے۔ وہ اپنی فکر میں کوئی تامل محسوس نہیں کرتے۔ مثال کے طور پر وہ اپنے مضمون "ناوک حمزہ پوری: ایک نابغۂ عصر ادیب و انشا پرداز" میں انھوں نے راجندر سنگھ بیدی پر ناوک حمزہ پوری کے مقالے کا ذکر خصوصیت کے ساتھ کیا ہے اور راجندر سنگھ بیدی کی مسلم دشمنی کو حقائق اور ثبوت کے ساتھ طشت از بام کرنے کا سہرا ناوک حمزہ پوری کے سر باندھا ہے۔ یہ بات بالکل درست ہے کہ یہ ہمت اس وقت تو کیا آج بھی کوئی نہیں جتا سکتا۔ موصوف نے ان کی انشا پردازی کے تعلق سے گفتگو کرتے ہوئے جو بات لکھی ہے وہ حق بجانب ہے لیکن عام طور پر ناقد اس طرح کی گفتگو سے گریز کرتے ہیں۔ ڈاکٹر ممتاز احمد خاں لکھتے ہیں۔ "ناوک حمزہ پوری بحیثیت انشا پرداز بھی بہت اونچے مقام و منصب پر فائز ہیں۔ ان کی زبان چاہے خط ہو، چاہے مقالات کی، بے حد معیاری ہے اور نثر کی جملہ خوبیوں سے مزین ہوتی ہے۔ وہ واضح اور صاف ستھری، سادہ اور بہت طاقتور نثر لکھتے ہیں۔ ان کی صرف ایک کتاب "محسنِ انسانیت" کو لے لیجیے۔ اس میں انھوں نے بہت عقیدت و محبت سے اور گہرے مطالعے کے بعد حضورِ اکرم کی حیاتِ طیبہ کے نقوش واضح کیے ہیں۔ اس کتاب کی زبان، واقعی کوثر و تسنیم سے دھلی ہوئی ہے۔ جسے ہر عمر کا طالب علم، اساتذہ اور عام قارئین دل چسپی سے پڑھ سکتے ہیں اور اپنے علم میں اضافہ کے ساتھ ایمان میں تازگی پیدا کر سکتے ہیں" (متاعِ نقد و نظر۔ ص ۱۸۷) کہہ سکتے ہیں کہ ڈاکٹر ممتاز احمد خاں کی مذکورہ کتاب میں اردو ادب کے فن کاروں اور فن پاروں کا اچھا تعارف و تجزیہ موجود ہے جو اردو کے عام قارئین اور خصوصاً طلبہ کے لیے یقیناً سودمند ثابت ہوگا۔ ۲۷۲ رصفحات پر مشتمل اس کتاب کی کتابت و طباعت بہت عمدہ ہے اور جس کی قیمت صرف ۳۰۰ رروپے ہے۔ اس کتاب کو ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس نے شائع کیا ہے۔

رابطہ: 9934688876

کلپ، کلام اور کہانی: خان حسنین عاقب کے اشعار کی سوشل میڈیا پر بازگشت

ڈاکٹر محمد عظیم الدین

یہ ایک زندہ حقیقت ہے کہ سچا اور کھرا ادب وقت کی گرد میں دب تو سکتا ہے مگر فنا نہیں ہوتا۔ وہ کسی چنگاری کی مانند راکھ کے نیچے دبا رہتا ہے اور ہوا کا ایک جھونکا اسے دوبارہ شعلہ بنا کر زمانے کے سامنے لا کھڑا کرتا ہے۔ کچھ ایسا ہی معاملہ خان حسنین عاقب کے اُن اشعار کے ساتھ پیش آیا ہے جو آج کل سوشل میڈیا پر ہر خاص و عام کی زبان پر ہیں۔ 10 دسمبر 2025 کو معروف اینکر شبھانکر مشرا اور نغمہ نگار منوج منتشر کے درمیان ہونے والی گفتگو کا ایک پرانا کلپ جب منظرِ عام پر آیا، تو اس نے ادبی حلقوں کے ساتھ ساتھ ڈیجیٹل دنیا میں بھی ہلچل مچا دی۔ اسے تیرہ ملین سے زیادہ لوگ اب تک دیکھ چکے ہیں۔ یہ کلپ مختلف سوشل میڈیا اکاؤنٹس سے بھی پوسٹ کیا جا رہا ہے اور ہر پوسٹ لاکھوں ناظرین تک پہنچ رہی ہے۔ اس کلپ میں شبھانکر مشرا نے منوج منتشر کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر انہیں خان حسنین عاقب کے یہ شہرہ آفاق اشعار سنائے:

پکڑی نہ تھی کتاب کہ استاد ہو گئے
ہاتھ آ گئی غلیل تو صیاد ہو گئے
تعمیر یوں ہوئے تھے کہ حیران تھے محل
اجڑے بھی یوں کہ صورتِ بغداد ہو گئے

یہ اشعار محض شعری حسن کا نمونہ نہیں تھے بلکہ ایک گہری معنوی ضرب بھی تھے۔ تحقیق سے یہ دلچسپ انکشاف ہوا کہ ان اشعار کا انتخاب شبھانکر مشرا نے یونہی نہیں کیا تھا، بلکہ اس کے پیچھے ایک پورا ادبی اور صحافتی تناظر کارفرما تھا۔ دراصل، بالی ووڈ کے مشہور ہدایت کار اور مصنف اویناش داس نے 2021 میں منوج منتشر کے ادبی تنازعات پر لکھے گئے اپنے ایک مضمون کا عنوان ہی پہلے شعر کو بنایا تھا اور اپنے مضمون کا آغاز انہی دو اشعار سے کیا تھا۔ اویناش داس نے ان مصرعوں کے ذریعے منوج منتشر کی ادبی ساکھ پر جو کاری طنز کیا تھا، شبھانکر مشرا نے پوڈکاسٹ کے دوران اسی طنز کو زندہ کرتے ہوئے منوج کو ان کا ماضی اور تنازعات یاد دلائے۔ یہ لمحہ کیمرے کی آنکھ نے محفوظ کیا اور اب یہ لاکھوں لوگوں کے لیے دلچسپی کا سامان بن چکا ہے۔ کمال کی بات یہ ہے کہ اس ویڈیو میں منوج منتشر حسنین عاقب کے ان اشعار پر بے ساختہ داد دیتے ہوئے نظر آ رہے ہیں۔ یہ واقعہ اس پرانی کہاوت کی عملی تفسیر ہے کہ "جادو وہ جو سر چڑھ کر بولے۔" خان حسنین عاقب کے یہ اشعار حالات پر اتنے صادق آتے ہیں اور ان میں موجود طنز کی کاٹ اتنی گہری ہے کہ سالوں پہلے کہے جانے کے باوجود یہ آج کے حالات پر ہو بہو فٹ بیٹھتے ہیں۔ یہ اچھے ادب کی خاصیت ہے کہ وہ زمان و مکان کی قید سے آزاد ہوتا ہے اور جب بھی اسے موزوں سیاق و سباق ملتا ہے، وہ اپنی پوری قوت کے ساتھ اپنا لوہا منوا لیتا ہے۔ منوج منتشر کے روبرو ادا کیے گئے یہ الفاظ صرف شعر نہیں رہے بلکہ ایک ایسی آئینہ سازی بن گئے جس نے دیکھنے والوں کو چونکا دیا۔ دوسری جانب، یہ سارا معاملہ اس بات کا بھی ثبوت ہے کہ سوشل میڈیا ادب اور شاعری کے لیے زحمت نہیں بلکہ ایک غیر معمولی رحمت ثابت ہو رہا ہے۔ وہ اشعار جو شاید کتابوں کے اوراق میں سمٹے رہتے یا ادبی محفلوں تک محدود رہتے، آج ٹویٹر، فیس بک، انسٹاگرام اور یوٹیوب کے ذریعے لاکھوں نوجوانوں کے ذہنوں تک پہنچ رہے ہیں۔ ڈیجیٹل دور نے شاعری کو ایک نئی زندگی اور نئی رفتار عطا کی ہے۔ ایک مختصر ویڈیو کلپ نے نہ صرف ایک منفرد شاعر کے کلام کو عالمی سطح کے ناظرین تک پہنچا دیا بلکہ یہ بھی ثابت کر دیا کہ اگر مواد میں جان ہو تو ٹیکنالوجی اسے پر لگا کر اڑا لے جاتی ہے۔ خان حسنین عاقب کے اشعار کی یہ بازگشت دراصل اس بات کا اعلان ہے کہ الفاظ کی تاثیر کبھی نہیں مرتی، اور سوشل میڈیا وہ جدید ہرکارہ ہے جو اس تاثیر کو دنیا کے کونے کونے تک پہنچانے کا فریضہ بخوبی انجام دے رہا ہے۔

journalisturdu@gmail.com

کیا بنگال کے مسلمان سیاسی بھول کرنے جا رہے ہیں؟



ریاض فردوسی

بہار کے اسمبلی انتخابات میں سیمانچل میں اویسی صاحب کی پارٹی کی شاندار جیت کے بعد مرشد آباد کے ہمایوں کبیر بھی اویسی صاحب کے نقش قدم پر چل پڑے ہیں۔ وہ مذہبی مسائل کو اٹھا کر تمام مسلم ووٹ اپنے حق میں حاصل کرنا چاہتا ہے۔ چنانچہ اس نے مذہبی کارڈ کھیلا اور اعلان کیا کہ وہ مرشد آباد میں بابری مسجد بنائیں گے۔ وہ اچھی طرح جانتے تھے کہ ان کے اس کارروائی کے لیے انہیں ترنمول پارٹی سے معطل کر دیا جائے گا اور انہیں ترنمول پارٹی سے معطل کر بھی دیا گیا۔ وہ اسی کا انتظار کر رہا تھا۔ اس کے بعد انہوں نے ایک نئی سیاسی جماعت بنانے کا اعلان کیا۔ وہ مرشد آباد کے تمام مسلم باشندوں کو متحرک کرنے کی کوشش کریں گے اور انہیں مذہبی مسائل پر اپنے حق میں انہیں ووٹ دینے کے لیے راضی کریں گے تاکہ اویسی کی طرح وہ مسلم کمیونٹی کے لیڈر بن سکیں اور چند اسمبلی سیٹیں جیت سکیں۔ ہمایوں کبیر نے مرشد آباد میں جو بابری مسجد بنانے کا فیصلہ کیا وہ فیصلہ درست نہیں ہے۔ وہ اگر مرشد آباد میں کسی نئی مسجد کا تعمیر کرنا چاہتے ہیں تو وہ کریں یہ اچھی بات ہے، یہ نیکی کا کام ہے لیکن اس مسجد کا نام بابری مسجد رکھنے کی کیا ضرورت ہے؟ مسجد کی سنگ بنیاد رکھنے کی تاریخ اس نے 6 دسمبر رکھا اور مسجد کا نام بابری مسجد رکھا۔ جب سپریم کورٹ نے ایودھیا کے اندر ایک مناسب جگہ پر بابری مسجد کی تعمیر کے لیے اتر پردیش سنی سنٹرل وقف بورڈ کو 5 ایکڑ زمین دیا تو ہم نے وہاں مسجد کی تعمیر کے لیے سپریم کورٹ کے اس فیصلہ کو قبول نہیں کیا تو اب مرشد آباد کے مسلمان بابری مسجد کی تعمیر کے لیے وہاں کیسے تیار ہو گیے؟ ہمایوں کبیر کا یہ فیصلہ دو اور دو چار کے طرح واضح ہے کہ یہ اس نے اپنے سیاسی فائدہ کے لیے کیا۔ بابری مسجد کے نام سے جو مسجد تھی وہ ایودھیا میں تھی اور وہ مسجد شہید کر دی گئی۔ اس نام سے مرشد آباد میں جو مسجد بنے گی وہ بابری مسجد کا متبادل نہیں ہو سکتی ہے۔ بابری مسجد اسی وقت بابری مسجد تھی جب تک وہ ایودھیا میں قائم تھی۔ کسی تاریخی مسجد یا تاریخی عمارت کی حیثیت تاریخی اس وقت تک رہتی ہے جب تک وہ تاریخی عمارت یا مسجد اس تاریخی مقام پر قائم ہو جہاں وہ پہلے قائم تھی، لیکن جب اس تاریخی عمارت یا تاریخی مسجد کو اس کے اصل مقام سے ہٹا کر کسی دوسرے مقام پر قائم کرتے ہیں تو اس کی تاریخی حیثیت ختم ہو جاتی ہے۔ دلی کے لال قلعہ کی حیثیت تاریخی اس وقت تک قائم ہے جب تک وہ لال قلعہ دلی میں واقع ہے۔ آگرہ کا تاج محل کی حیثیت تاریخی اس وقت تک ہے جب تک تاج محل آگرہ میں قائم ہے۔ اس لیے مرشد آباد میں بابری مسجد کے نام سے مسجد تعمیر کرنے سے وہ مسجد بابری مسجد کبھی نہیں کہلائے گی اور نہ ہی اسکی کوئی تاریخی حیثیت حاصل ہوگی۔ اویسی صاحب کی پارٹی کی کامیابی کے بعد مسلم لیڈروں میں ایک نئی سیاسی سوچ نے جنم لیا اور وہ یہ ہے کہ گنجان مسلم آبادی والے علاقوں میں مسلمانوں کو ایک مسلم لیڈر کو اور مسلم پارٹی کو ووٹ کرنا چاہیے اور وہ کسی غیر مسلم لیڈر اور غیر مسلم سیاسی پارٹی کو ووٹ نہیں کرنا چاہیے چاہے وہ سیکولر ہو یا غیر سیکولر۔ اس کی ایک تازہ مثال مرشد آباد میں دیکھنے کو مل رہی ہے جہاں ہمایوں کبیر نے اعلان کیا ہے کہ وہ ایک نئی سیاسی پارٹی شروع کریں گے اور آنے والے اسمبلی انتخابات میں ٹی ایم سی کے خلاف لڑیں گے۔ ہمایوں کبیر نے خود اعلان کیا کہ وہ آسانی سے دو اسمبلی سیٹیں جیت سکتے ہیں ایک مرشد آباد کے ریجی نگر سے اور دوسرا مرشد آباد کے بیلڈانگا سے۔ ریجی نگر سے پیلڈانگا تک تیس کیلومیٹر کے دایرہ میں ہمایوں کبیر کا زبردست اثر اور رسوخ ہے۔ حال ہی میں بابری مسجد کے سنگ بنیاد کی تقریب میں لاکھوں بنگالی مسلمانوں کو مسجد کی تعمیراتی کام میں تعاون کرتے ہوئے دیکھا گیا اور ایسا لگتا ہے کہ وہ بنگالی مسلمان ووٹروں کو ٹی ایم سی سے دور کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے، لیکن اگر ہمایوں کبیرا اپنے سیاسی منصوبے میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو اس سے بی جے پی پارٹی کے اقتدار میں آنے کی راہ ہموار ہو سکتی ہے اور یہ بنگال کے مسلمانوں کے لیے ایک مہلک قدم ہوگا۔ مرشد آباد کے بنگالی مسلمان ان بہار کے عوام کے جیسی غلطی کرنے جا رہے ہیں جنہوں نے دس ہزار روپے لے کر بی جے پی کو ووٹ دیا اور بعد میں پارٹی کے وزیر داخلہ نے ان کے گھر گرانے کا حکم دیا اور اب وہ رو رہے ہیں اور پچھتا رہے ہیں لیکن ایک کہاوت ہے کہ اب پچھتائے سے کیا فائدہ جب چڑیا چگ گئی کھیت۔ آج کے سیاسی مسلم رہنما ہماری قوم کو اسی راستے پر لے جا رہے ہیں جس راستے پر آزادی سے پہلے کے مسلمان محمد علی جناح کی راہ پر چلے تھے جس کا خمیازہ ہندوستان کا مسلمان آج تک بھگت رہا ہے۔ جناح نے برٹش راج سے مسلمانوں کے لیے Separate Electorate کی مانگ کی تھی جس کے مطابق مسلمان صرف مسلمان امیدوار کو ووٹ کریں گے۔ آج کے مسلم سیاسی رہنما تقریباً ایسا ہی کام کر رہے ہیں۔ ایسی ہی غلطی دوبارہ ہم کرنے جا رہے ہیں۔ ہم ہندوستان میں مسلمانوں کی ایک الگ سیاسی پارٹی بنا کر اور الیکشن میں ووٹ دے کر کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے۔ ہمیں قومی سلسلہ کے ساتھ چلنا ہی ہوگا۔ مرشد آباد میں اگر نئی مسجد تعمیر ہو جاتی ہے اور 2026ء میں ممتا کی حکومت برقرار رہتی ہے تو انشاءاللہ ممتا کی حکومت اس مسجد میں نمازیوں کو نماز پڑھنے سے نہیں روکے گی کیونکہ وہ سیکولر مزاج کی ہے اور مسلم دوست وزیر اعلی ہے لیکن اگر بی جے پی کی حکومت آتی ہے تو اس مسجد کی حفاظت کی ذمہ داری مرشد آباد کے مسلمانوں پر ہوگی۔ آیندہ بنگال کے اسمبلی انتخابات میں اگر ترنمول چلی گئی اور بی جے پی آگئی تو ہمارا گھر، مسجد، مدرسہ سلامت نہیں رہے گا۔ جو دوسری ریاستوں میں مسلمانوں کے ساتھ ہو رہا ہے، اندیشہ ہے یہاں بھی مسلمانوں کے ساتھ ویسا ہی ہوگا۔ لوگ آنکھیں کھول کر دیکھ لیں، اتر پردیش، آسام اور مہاراشٹر میں کیا ہوا اور اب بہار میں کیا ہو رہا ہے۔ اویسی صاحب حیدرآباد سے بیٹھ کر مرشد آباد میں ہو رہے ہیں، اس سیاسی تماشہ کو دیکھ رہے ہوں گے اور سوچتے ہوں گے یہ کیا ہو رہا ہے۔ ائندہ سال بنگال کے اسمبلی انتخابات میں مرشد آباد کے بعض مسلمانوں کا ووٹ دو حصوں میں تقسیم ہو جائے گا بعض مسلمان اویسی کو ووٹ کریں گے اور بعض مسلمان ہمایوں کبیر کو ووٹ کریں گے۔ ہمایوں کبیر نے تو اویسی کے ساتھ سیاسی اتحاد کرنے کی بات کہی ہے اب یہ دیکھنا ہے کہ اویسی صاحب اس سیاسی اتحاد کے لیے راضی ہوتے ہیں یا نہیں؟ سیاسی اتحاد ہو یا نہ ہو ہر حال میں مسلمانوں کا ووٹ سیکولر پارٹی کے خلاف پڑنے سے سیاسی فائدہ بی جے پی کو ہی ہوگا۔ یہ بات مسلمانوں کو سمجھ میں نہیں آ رہی ہے۔ بنگال میں 33 سال لیفٹ فرنٹ اور تقریباً 10 سال ٹی ایم سی کی حکومت میں مسلمان امن و امان سے رہتے چلے آ رہے ہیں لیکن آج کے نوجوانوں کو معلوم نہیں کیا ہو گیا ہے کہ جن سیکولر پارٹیوں کے دوران حکومت میں ہم امن و امان سے تھے آج ان ہی سیکولر پارٹیوں کے خلاف ووٹ دینے کا مزاج بنا رہے ہیں۔ یہ سراسر بیوقوفی ہے، ابھی کے لیے یہ اجتماعی خودکشی ہے۔ کیا ہم چند ذلیل لوگوں کی یہ بت سچ کر دکھانا چاہتے ہیں کہ جہاں بھی مسلمان امن سے رہیں گے وہاں فتنہ پھیلائیں گے؟ مسلمانوں کو سکون و اطمینان سے رہنا نہیں آتا ہے؟ مسلمانوں کا مذہب انہیں بدامنی سکھاتا ہے؟ مسلمانوں کے نبی نے معاذ اللہ انہیں کوئی اچھی چیز نہیں سکھائی ہے؟ (توبہ استغفراللہ) آخر میں! ہمایوں کبیر نے مرشد آباد میں بابری مسجد کی سنگ بنیاد کی بات ایک جھوٹ پر کی ہے۔ ہمایوں کبیر نے اعلان کیا تھا کہ سعودی عرب سے مولانا 6 دسمبر کو بابری مسجد کی سنگ بنیاد کی تقریب میں شرکت کریں گے لیکن بعد میں پتہ چلا کہ اس دن جو مولانا صاحب وہاں موجود تھے وہ سعودی عرب کے نہیں تھے بلکہ وہ مغربی بنگال کے مشرقی مدناپور کے رہنے والے تھے۔ مولانا صاحب نے انکشاف کیا کہ ان سے مرشد آباد سے تعلق رکھنے والے ان کے ساتھی مولانا قاری سفیان صاحب نے رابطہ کیا اور انہیں مرشد آباد کے بھرت پور میں ایک مسجد کے سنگ بنیاد کی تقریب میں شرکت کی دعوت دی اور وہ وہاں قرآن کی تلاوت کرنے والے تھے۔ قاری سفیان صاحب سے بھرت پور کے ایک حافظ محمد یوسف صاحب نے رابطہ کیا تھا، لیکن مولانا صاحب کو نا مسجد کا نام بتایا گیا اور نہ ہی منتظم کا نام بتایا گیا اور نا ہی انہوں نے تحقیق کی ضرورت محسوس کی؟ بعد میں انہیں بتایا گیا کہ وہ بابری مسجد کے سنگ بنیاد کے پروگرام میں شرکت کرنے والے ہیں جس کا اہتمام ہمایوں کبیر نے کیا تھا۔ جب وہ مرشد آباد پہنچے اور اسٹیج پر چڑھے تو مولانا صاحب کو محفل سے تعارف کرایا گیا کہ وہ سعودی عرب سے آئے ہیں۔ یہ بات سن کر مولانا صاحب، ہکا بکا رہ گئے۔ مولانا صاحب نے یہ تمام باتیں فیس بک پر ایک وڈیو میں جاری کر کے بتایا۔

رابطہ: 9968012976

منریگا کا نام بدلنے پر پرینکا گاندھی کی تنقید، کہا- 'حکومت کے وسائل اور پیسے ضائع ہوں گے'

13 / دسمبر: مہاتما گاندھی نیشنل رورل ایمپلائمنٹ گارنٹی ایکٹ (منریگا) کا نام تبدیل کیے جانے کی خبروں کے درمیان سیاسی حلقوں میں بحث تیز ہوگئی ہے۔ کانگریس کی رکن پارلیمنٹ پرینکا گاندھی نے اس مجوزہ فیصلے پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ اس طرح کے اقدامات سے حکومت کے وسائل ضائع ہوتے ہیں اور اضافی مالی بوجھ بھی پڑتا ہے۔

پرینکا گاندھی نے کہا کہ وہ یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ آخر نام بدلنے کے پیچھے سوچ کیا ہے، خاص طور پر اس لیے کہ اس اسکیم کا تعلق مہاتما گاندھی کے نام سے جڑا ہوا ہے۔ ان کے مطابق، کسی بھی اسکیم کا نام تبدیل کرنے کا مطلب صرف تختیاں بدلنا نہیں ہوتا بلکہ دفاتر، دستاویزات اور سرکاری ریکارڈ میں بڑے پیمانے پر تبدیلیاں کرنا پڑتی ہیں، جس پر خطیر رقم خرچ ہوتی ہے۔ حالانکہ حکومت کی جانب سے اب تک اس معاملے پر کوئی سرکاری بیان جاری نہیں کیا گیا، تاہم بعض میڈیا رپورٹوں میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ جمعہ کو ہوئی مرکزی کابینہ کی میٹنگ میں منریگا کا نام بدل کر 'پوجیہ باپو گرامین روزگار یوجنا' رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ان ہی رپورٹوں میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اسکیم کے تحت کام کے دنوں کی تعداد 100 سے بڑھا کر 125 کیے جانے کی تجویز کو بھی منظوری دی گئی ہے۔

کانگریس کی ترجمان سپریہ شرینیت نے ایک ویڈیو بیان میں الزام لگایا کہ موجودہ حکومت نے گزشتہ 11 برسوں میں یو پی اے دور کی کم از کم 32 اسکیموں کے نام بدل کر انہیں اپنی کامیابی کے طور پر پیش کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہی منریگا، جسے وزیر اعظم نریندر مودی کبھی کانگریس کی ناکامی قرار دیتے تھے، آج دیہی ہندوستان کے لیے سہارا بنی ہوئی ہے۔

ادھر، شیوسینا (یو بی ٹی) کی رکن پارلیمنٹ پرینکا چترویدی نے کہا کہ نام بدلنے جیسے فیصلے مایوسی اور توجہ ہٹانے کی سیاست کی علامت ہیں۔ ان کے مطابق، اصل مسائل پر بات کرنے کے بجائے حکومت ایسے اقدامات کر رہی ہے جن سے عوام کی توجہ بٹائی جاسکے۔

واضح رہے کہ منریگا کو 2005 میں نیشنل رورل ایمپلائمنٹ گارنٹی ایکٹ کے طور پر نافذ کیا گیا تھا، جسے 2009 میں مہاتما گاندھی کے نام سے منسوب کیا گیا۔ اس اسکیم کا مقصد دیہی علاقوں کے ہر اہل خاندان کو ایک مالی سال میں کم از کم 100 دن کا اجرتی روزگار فراہم کرنا ہے، تاکہ دیہی روزگار اور معاشی تحفظ کو مضبوط بنایا جاسکے۔

چاندی نے تمام ریکارڈ توڑ دیے، تیزی کے پیچھے پانچ بڑی وجوہات

13 / دسمبر: کموڈیٹی بازار میں چاندی نے ایک نئی تاریخ رقم کردی ہے۔ ہندوستان کے ملٹی کموڈیٹی ایکسچینج (ایم سی ایکس) پر چاندی پہلی بار دولاکھ روپے فی کلوگرام کی سطح کو عبور کرگئی۔ جمعہ کے کاروباری سیشن کے دوران زبردست خریداری کے سبب چاندی کا بھاؤ 201615 روپے فی کلو تک پہنچ گیا، جو اب تک کی بلند ترین سطح ہے۔ تاہم، اونچی قیمتوں پر منافع خوری کے باعث بازار بند ہوتے

وقت یہ 192615 روپے فی کلو پر آگئی۔ ماہرین کے مطابق چاندی میں یہ تیزی محض وقتی نہیں بلکہ اس کے پیچھے مضبوط بنیادی عوامل کارفرما ہیں۔ ایکسس ڈائریکٹ کے مطابق، 2024 میں 20 فیصد سے زیادہ منافع دینے کے بعد 2025 میں بھی چاندی کی قیمتوں میں تیزی برقرار ہے۔ سالانہ بنیاد پر قیمتوں میں اضافہ 1979 کے بعد سب سے زیادہ بتایا جارہا ہے، جو اس بات کا اشارہ ہے کہ چاندی طویل عرصے کے بعد ایک مضبوط تیزی کے مرحلے میں داخل ہوچکی ہے۔

چاندی کی قیمتوں میں تیزی کی پانچ بڑی وجوہات: 1۔ صنعتی طلب میں غیر معمولی اضافہ: ایکسس میوچول فنڈ کے مطابق 2025 میں سولر پینلز، الیکٹرک وہیکلز (ای وی) اور 5 جی ٹیکنالوجی میں چاندی کا استعمال تیزی سے بڑھا ہے۔ ان شعبوں میں بڑھتی مانگ کے مقابلے میں سپلائی محدود ہونے سے قیمتوں پر واضح دباؤ آیا ہے۔

2۔ سرمایہ کاروں کی بڑھتی دلچسپی: عالمی سطح پر غیر یقینی معاشی حالات کے درمیان سرمایہ کار اب سونے کے ساتھ ساتھ چاندی کو بھی محفوظ سرمایہ کاری کے طور پر دیکھ رہے ہیں۔ کموڈیٹی مارکیٹ میں مجموعی مضبوطی کا فائدہ چاندی کو بھی ملا ہے۔

3۔ عالمی منڈی میں سپلائی کی کمی: امریکہ کے کومیکس ایکسچینج پر چاندی 65.085 ڈالر فی اونس تک پہنچ گئی، جو کئی برسوں کی بلند ترین سطح ہے۔ عالمی سپلائی میں کمی نے ہندوستانی بازار کو بھی متاثر کیا ہے۔

4۔ ڈالر کے مقابلے روپے کی کمزوری: روپے میں کمزوری کے سبب درآمدی دھاتیں مہنگی ہوجاتی ہیں۔ اس کا براہِ راست اثر چاندی کی قیمتوں پر بھی پڑا ہے۔

5۔ امریکی تجارتی پالیسی سے متعلق خدشات: بازار میں یہ اندیشہ بھی پایا جارہا ہے کہ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ چاندی پر درآمدی ٹیرف عائد کرسکتے ہیں۔ امریکہ اپنی ضرورت کی تقریباً دوتہائی چاندی درآمد کرتا ہے، جس کے باعث وہاں کمپنیوں نے ذخیرہ اندوزی شروع کردی ہے اور عالمی سپلائی مزید دباؤ میں آگئی ہے۔ ماہرین کا ماننا ہے کہ اگر یہ عوامل برقرار رہے تو آنے والے مہینوں میں چاندی کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کے باوجود مجموعی رجحان مضبوط رہ سکتا ہے۔

برلا نے پارلیمنٹ پر ہوئے دہشت گردانہ حملے کے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کیا

نئی دہلی، 13 دسمبر (یو این آئی) لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے سال 2001 میں ہندوستانی پارلیمنٹ پر ہوئے دہشت گردانہ حملے میں جان گنوانے والے سکیورٹی اہلکاروں اور ملازمین کو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔

مسٹر برلا نے پارلیمنٹ پر حملے کی برسی کے موقع پر ہفتہ کے روز سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لکھا کہ "سال 2001 میں ہندوستان کی پارلیمنٹ پر ہوئے بزدلانہ دہشت گردانہ حملے میں شہادت پانے والے ہمارے بہادر سکیورٹی اہلکاروں اور فرض شناس ملازمین کی عظیم قربانی کو کوٹی کوٹی نمن۔ جمہوریت کے اس اعلیٰ ترین ادارے کی حفاظت کرتے ہوئے جنہوں نے اپنی جانیں قربان کیں، ہم ان کے ہمیشہ مشکور رہیں گے۔ ملک کے تئیں ان کی بے مثال وفاداری ہمیں مسلسل حوصلہ اور ترغیب دیتی ہے۔"

انہوں نے کہا کہ "ان امر مجاہدوں نے جس بہادری کے ساتھ دہشت گردوں کا مقابلہ کیا، وہ نہ صرف فرض شناسی بلکہ جمہوری اقدار اور قومی سلامتی کے تئیں ہندوستان کی ناقابل تسخیر قوت ارادی کی علامت ہے۔۔ ہندوستان دہشت گردی کے خلاف ہمیشہ مضبوطی سے ڈٹا رہا ہے۔ ملک کی یکجہتی، سالمیت، سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے ہماری اجتماعی وابستگی محض ایک رسمی اعلان نہیں، بلکہ ایک طاقتور پیغام ہے کہ ہندوستان کسی بھی قسم کے دہشت گردانہ ارادوں کے سامنے کبھی جھکے گا نہیں۔ یہ بے مثال قربانی ہماری آنے والی نسلوں کے لیے شجاعت، ایثار اور فرض شناسی کا مستقل سرچشمہ بنی رہے گی۔"

کانگریس کا مدھیہ پردیش حکومت پر حملہ، 'دو سال میں صرف ناکامی، قرض اور کھوکھلے دعوے'

13 / دسمبر: کانگریس پارٹی نے مدھیہ پردیش میں موہن یادو کے زیر قیادت بی جے پی حکومت پر حملہ کرتے ہوئے الزام لگایا کہ اس کے دو سال کے دور اقتدار میں ناکامیاں، عوام مخالف پالیسیاں، معاشی بدنظمی، قرض میں لگاتار اضافہ اور کھوکھلے دعوے ہی دیکھنے کو ملے ہیں۔ آج یہاں ریاستی کانگریس دفتر میں پریس کانفرنس کے دوران اپوزیشن پارٹی کے ریاستی صدر جیتو پٹواری نے کہا کہ یہ دو سال برباد ہوگئے ہیں، کیونکہ حکومت لوگوں سے متعلق مسائل کو حل کرنے میں پوری طرح ناکام رہی ہے۔ اس موقع پر اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر امنگ سنگھار، کانگریس ورکنگ کمیٹی کے رکن کملیشور پٹیل اور دیگر لیڈران موجود تھے۔

صحافیوں سے بات کرتے ہوئے جیتو پٹواری نے کہا کہ وزیر اعلیٰ موہن یادو ترقی کی بات کرتے ہیں مگر سچائی اس کے بالکل برعکس ہے۔ انہوں نے کہا کہ یادو کے دو سالہ اقتدار میں ریاست کو کچھ بھی حاصل نہیں ہوا ہے۔ کانگریس لیڈر نے کہا کہ مدھیہ پردیش پر اب 4.75 لاکھ کروڑ روپئے کا قرض ہے اور وزیر اعلیٰ کو جواب دینا چاہئے کہ بی جے پی کے 22 سال کے دور اقتدار نے ریاست کو معاشی طور سے کیسے کمزور کیا ہے۔

پٹواری نے سوال کیا کہ ایک طرف 'ماں کے لئے ایک درخت' جیسے جذباتی نعرے لگائے جاتے ہیں وہیں دوسری طرف پورے جنگل صنعت کاروں کو دیئے جارہے ہیں۔ یہ کس طرح کی ترقی کا ماڈل ہے؟ انہوں نے کہا کہ 2013 میں ریاست کے اسکولوں میں 1.59 کروڑ بچے تھے اور ان کے لئے 7 ہزار کروڑ روپئے کا بجٹ الاٹ کیا گیا تھا لیکن آج بچوں کی تعداد کم ہوکر 1.04 لاکھ ہوگئی ہے جب کہ بجٹ بڑھ کر 37 ہزار کروڑ روپئے ہوگیا ہے۔ حکومت پر بدعنوانی اور وعدے سے منحرف ہونے کا الزام لگاتے ہوئے ریاستی کانگریس کے سینئر لیڈر نے کہا کہ موہن یادو حکومت املاک فروخت کرکے اور نئے قرض لے کر قرض ادا کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ 'اقتصادی بدنظمی' کا سب سے بڑا ثبوت ہے۔

کرنال میں نویں جماعت کے طالب علم نے گڑھی اپنے اغوا کی فرضی کہانی، والد سے دو لاکھ روپے تاوان طلب

کرنال: 13 / دسمبر: ہریانہ کے کرنال ضلع کے گھیڑ گاؤں سے ایک چونکا دینے والا معاملہ سامنے آیا ہے، جہاں نویں جماعت کے ایک طالب علم نے اپنے ہی اغوا کی جھوٹی کہانی گھڑلی اور والد سے دولاکھ روپے تاوان طلب کروایا۔ پولیس کی مستعدی کے باعث چند ہی گھنٹوں میں معاملہ حل کر لیا گیا اور نابالغ طالب علم کو بحفاظت برآمد کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق، کرنال کے تھانہ کنج پورہ میں ایک 16 سالہ طالب علم کے لاپتہ ہونے کی شکایت درج کرائی گئی تھی۔ اہلِ خانہ نے بتایا کہ بچہ بدھ کی صبح اسکول جانے کے لیے گھر سے نکلا تھا لیکن دوپہر میں کھانے کے وقت واپس نہیں آیا۔ جب اسکول سے رابطہ کیا گیا تو اساتذہ نے انکشاف کیا کہ طالب علم گزشتہ 15 دنوں سے اسکول نہیں آرہا تھا۔ دوپہر کے بعد جب بچہ گھر نہ پہنچا تو اہلِ خانہ کی تشویش بڑھ گئی اور تلاش شروع کردی گئی لیکن اس کا کوئی سراغ نہ مل سکا۔ اسی دوران شام تقریباً چھ بجے ایک نامعلوم موبائل نمبر سے طالب علم کے والد کو فون آیا، جس میں کہا گیا کہ ان کا بیٹا ان کے قبضے میں ہے اور دولاکھ روپے تاوان کے طور پر تیار رکھے جائیں۔ یہ کہہ کر فون کاٹ دیا گیا، جس کے بعد خاندان نے معاملے کو سنگین سمجھتے ہوئے پولیس سے رجوع کیا۔ تھانہ کنج پورہ کے انچارج وکرانت نے بتایا کہ شکایت ملتے ہی گمشدگی کی ایف آئی آر درج کی گئی اور نامعلوم نمبر کی لوکیشن ٹریس کی گئی۔ کال کی لوکیشن کرنال کے آس پاس ہی پائی گئی، جس کے بعد پولیس ٹیم نے فوری کارروائی کرتے ہوئے چند ہی گھنٹوں میں طالب علم کو تلاش کرلیا۔ پولیس تفتیش کے دوران طالب علم نے اعتراف کیا کہ وہ گزشتہ پندرہ دنوں سے اسکول نہیں جارہا تھا اور اس بات کے انکشاف کے خوف سے اس نے خود اپنی اغوا کی جھوٹی کہانی بنالی۔ اس نے کسی اور کے فون سے والد کو کال کرواکر تاوان کا مطالبہ کروایا تاکہ وقت حاصل کیا جاسکے۔

تاریخ میں آج کا دن

نئی دہلی، 13 دسمبر (یو این آئی) ہندوستان اور عالمی تاریخ میں 14 دسمبر کے چند اہم واقعات درج ذیل ہیں۔

644۔ خلیفہ دوم حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ تیسرے خلیفہ بنائے گئے۔
1287۔ جان ہشتم کو کیتھولک پوپ منتخب کیا گیا۔
1287۔ نیدرلینڈ میں سمندری علاقے کے پاس بنی دیوار منہدم ہونے سے سمندر کا پانی 72 گاؤں میں گھسا۔ اس حادثہ میں 50 ہزار افراد ہلاک ہوئے تھے۔
1600۔ منیلا کی خلیج میں اولیوروان نورٹ جہاز کے ڈوبنے سے 350 افراد کی موت۔
1687۔ ایسٹ انڈیا کمپنی نے مدراس میں میونسپل کارپوریشن قائم کی۔
1799۔ امریکہ کے پہلے صدر جارج واشنگٹن (اول) کا انتقال ہوا۔
1819۔ امریکہ الباما کا 22واں صوبہ بنا۔
1889۔ امریکن اکیڈمی آف پالیٹیکل اینڈ سوشل سائنس کا قیام عمل میں آیا۔
1915۔ جین جانسن عالمی ہیوی ویٹ مکے بازی مقابلہ جیتنے والے پہلے سیاہ فام مکے باز بنے۔
1924۔ معروف اداکار، فلمساز و ہدایت راج کپور کی پیدائش ہوئی۔
1927۔ عراق کو برطانیہ سے آزادی ملی۔
1931۔ پہلی بار دو اسکولی طالبات شانتی گھوش اور سنیتی گھوش نے کمیلا (موجودہ بنگلہ دیش میں) کے مجسٹریٹ اور کلکٹر سی جی بی اسٹیونس کو مارنے کیلئے ریوالور استعمال کی۔
1934۔ نیویارک کے البانی میں بھاپ سے چلنے والا پہلا لوکوموٹیو انجن بننا شروع ہوا۔
1935۔ ٹسٹ کرکٹ میں پہلی بار کسی گیند باز کے بالنگ ایکشن پر شبہ ظاہر کیا گیا۔
1937۔ جاپانی افواج نے نانجنگ پر قبضہ کیا۔
1939 فن لینڈ پر حملہ کرنے کے بعد سابق سوویت یونین کو لیگ آف نیشنس نکالا گیا۔
1946 اقوام متحدہ کا ہیڈکوارٹر نیویارک میں قائم کرنے کیلئے جنرل اسمبلی میں ووٹنگ ہوئی۔
1946۔ ڈاکٹر راجیندر پرساد ہندوستان کی آئین ساز اسمبلی کے صدر منتخب ہوئے۔
1947۔ جان ٹریولٹا کی اداکاری والی فلم سیٹر ڈے نائٹ کا نیویارک میں پریمیر ہوا۔
1953۔ سابق ہندوستانی ٹینس کھلاڑی وجے امرت راج کا جنم ہوا۔
1960۔ اقتصادی تعاون اور ترقیاتی تنظیم کا قیام عمل میں آیا۔
1962۔ امریکہ نے نوادا میں نیوکلیائی تجربہ کیا۔
1967۔ لیباریٹری میں ڈی این اے شیل کا پتہ لگایا۔
1977 پاکستان کے لیگ اسپنر عبدالقادر نے بین الاقوامی کرکٹ میں آغاز کیا۔
1978۔ چین نے لوکنور میں نیوکلیائی تجربہ کیا۔
1978 سابق سوویت یونین نے مشرقی قزاخستان میں نیوکلیائی تجربہ کیا۔
1983۔ جنرل ایچ ایم ارشاد نے خود کو بنگلہ دیش کا صدر اعلان کیا۔
1988۔ امریکہ تنظیم آزادی فلسطین کے ساتھ بات چیت کیلئے پہلی مرتبہ راضی ہوا۔
1990۔ مرنے کے حق کے تحت نینسی کجان کی کھانے کی نلی ہٹائی گئی۔ اس کے بعد اس کی موت 12 دن کے بعد ہوئی تھی۔
1991۔ بحر احمر میں سمیل ایکسپریس جہاز کے ڈوبنے سے 476 مسافروں کی موت۔
1995۔ بوسنیا، سربیا اور کروشیا کے لیڈروں نے پیرس میں ڈیٹن معاہدے پر دستخط کرکے ساڑھے تین سال سے جاری بالکن جنگ ختم کی۔
1997۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی لانے پر دنیا کے سبھی ممالک نے اتفاق ظاہر کیا۔
1998۔ تیئسویں قاہرہ بین الاقوامی فلم فیسٹول میں تامل فلم 'ٹیررسٹ' میں بہترین اداکاری کے لئے آئشہ دھار کر کو جیوری کے بہترین ایوارڈ سے نوازا گیا۔
2003۔ امریکی صدر جارج ڈبلیو بش نے عراق کے معزول صدر صدام حسین کی گرفتاری کی تصدیق کی۔
2003۔ میکسکو کے میریدا میں پہلے انسداد بدعنوانی معاہدے پر 73 ممالک نے دستخط کیے۔
2007۔ شمالی اور جنوبی کوریا کے درمیان 50 برس بعد ریل خدمات دوبارہ سے شروع کی گئیں۔

قبائلی جنگجوؤں سے پارلیمنٹ اور پہلگام حملے تک

خصوصی تحریر: جینت رائے چودھری

نئی دہلی، 13 دسمبر (یو این آئی) ہندوستان نے دہشت گردانہ حملوں کی ایک طویل اور دردناک تاریخ دیکھی ہے جس کا آغاز حصول آزادی کے ساتھ ہی ہوا۔ 1947 میں جب مسلح قبائلی جنگجو کشمیر میں داخل ہوئے تو اسے دہشت گردی کی پراکسی جنگ اور منظم دہشت گردی کا بھی نقطہ آغاز قرار دیا جاسکتا ہے جس نے دہائیوں تک ہندوستان کی داخلی سلامتی کو چیلنج کیا۔ وقت کے ساتھ ساتھ ان حملوں کی نوعیت مزید پیچیدہ اور اختراعی ہوتی چلی گئی جس کے ذریعے نہ صرف سکیورٹی فورسز بلکہ عام شہریوں اور ملکی اداروں کو بھی نشانہ بنایا گیا۔

اس وقت کی ڈوگرا ریاست جموں و کشمیر پر ہوئے پہلے حملے سے ہندوستانی پارلیمنٹ کے دہشت گردانہ حملے تک اور حال ہی میں پہلگام جیسے سیاحتی مقام پر تشدد کی کارروائیوں جیسے واقعات نے بارہا ہندوستان کی داخلی سلامتی کا امتحان لیا ہے اور اس کی خودمختاری کو چیلنج کیا ہے۔ چوبیس سال پہلے آج ہی کے دن ہندوستانی پارلیمنٹ پر دہشت گردانہ حملہ ہوا تھا۔

پیش نظر ہے دہشت گردانہ حملوں کی ایک مختصر تاریخ جنہوں نے ملک کے استحکام اور خودمختاری کو مسلسل چیلنج کیا۔

نیشنل اسٹریٹیجک تھنک ٹینک (نیٹ اسٹارٹ) نے دہشت گردانہ حملوں کی اس تاریخ کو مرتب کرنے میں یو این آئی کی مدد کی جس کی ابتدا آزادی کے بعد کشمیر میں قبائلی حملوں سے ہوئی۔ یہ تاریخ بتاتی ہے کہ پاکستان نے کشمیر میں قبائلی جنگجوؤں کو ہندوستانی سرحد کے پار حملے کے لیے بھیجا تھا اور پھر یہ سلسلہ ایک طویل پراکسی جنگ میں تبدیل ہوگیا۔

دہشت گردانہ حملوں کا پہلا دور: 1947-1971

- 1947-1948 قبائلی حملہ: پاکستانی فوج کی پشت پناہی میں پختون قبائلی جنگجوؤں نے جموں و کشمیر پر حملہ کیا جس سے پہلی ہند-پاک جنگ شروع ہوئی۔

1960 سے-شمال مشرقی ہندوستان میں باغیوں کی حمایت: پاکستانی انٹیلی جنس نے مشرقی پاکستان میں ناگا اور میزو باغی گروپوں کو تربیت اور اسلحہ فراہم کرائی ہے جو اب تک جاری ہے۔

- 1965 آپریشن جبرالٹر: پاکستانی فوجیوں نے جموں و کشمیر میں عام شہریوں کے بھیس میں دراندازی کی جس سے اس شورش کا آغاز ہوا جو 1965 کی جنگ پر منتج ہوئی۔

- 1971 آپریشن چنگیز خان: پاکستان نے ہندوستانی ایئربیسز پر پیشگی فضائی حملے کیے جس سے 1971 کی جنگ شروع ہوئی اور بنگلہ دیش کا قیام عمل میں آیا۔

دہشت گردانہ حملوں کا دوسرا دور: 1972-1989

- 1971 ہندوستانی ایئرلائنز فلائٹ "گنگا" کا اغواء: سری نگر سے لاہور جانے والا طیارہ اغوا کیا گیا اور مسافروں کی رہائی کے بعد طیارہ تباہ کردیا گیا۔

- 1984 برطانیہ میں ہندوستانی سفارتکار رویندر مہاترے کا قتل: پاکستان سے وابستہ کشمیر لبریشن آرمی کے اراکین نے انہیں اغوا کرنے کے بعد قتل کردیا۔

- 1984 لاہور کو جارہی ہندوستانی ایئرلائن کا اغوا: سکھ علیحدگی پسندوں نے ایک گھریلو پرواز کو اغوا کیا جہاں بعد میں آئی ایس آئی کے ملوث ہونے کی بات سامنے آئی۔

- 1980 خالصتان تحریک کی حمایت: آئی ایس آئی نے پنجاب میں سکھ انتہا پسند گروپوں کو تربیت، اسلحہ اور مالی امداد فراہم کی۔

دہشت گردانہ حملوں کا تیسرا دور: 1990-2000

1989 سے-کشمیر کی شورش (کے ٹو پروجیکٹ): پاکستان نے جموں و کشمیر میں جے کے ایل ایف، حزب المجاہدین، لشکر طیبہ اور جیش محمد جیسے گروپوں کو شدت سے پراکسی جنگ میں ملوث کیا۔

- 1993 ممبئی سلسلہ وار بم دھماکے: سلسلہ وار بم دھماکوں میں 257 افراد ہلاک ہوئے ان دھماکوں میں آئی ایس آئی سے وابستہ ڈی کمپنی ملوث تھی۔

-1996 لاجپت نگر بم دھماکہ: دہلی کار بم دھماکے میں 13 شہری ہلاک ہوئے۔

- 1998 کوئمبٹور بم دھماکے: 12 دھماکوں میں 58 افراد ہلاک ہوئے۔

- 1999 کارگل جنگ: پاکستانی فوجیوں نے کشمیر کے لائن آف کنٹرول (ایل او سی) کے علاقے میں دراندازی کی۔

- 1999 آئی سی 814 طیارہ کا اغوا: قندھار کو جارہے ہندوستانی ایئرلائنز کا طیارہ اغوا کیا گیا اور یرغمال بنائے گئے مسافروں کو اس وقت رہا کیا گیا جب ہندوستان نے مسعود اظہر کو رہا کیا۔

- 2000 لال قلعہ پر حملہ: لشکر طیبہ کے دہشت گردوں نے لال قلعہ احاطہ میں سکیورٹی اہلکاروں کو قتل کیا۔

دہشت گردانہ حملوں کا چوتھا دور: 2001-2009

- 2001 ہندوستانی پارلیمنٹ پر حملہ: جیش محمد کے دہشت گردوں نے پارلیمنٹ کی عمارت پر حملہ کیا حملے نے ہندوستان اور پاکستان کو جنگ کے قریب پہنچادیا۔

- 2002 اکشردھام مندر پر حملہ: دہشت گردوں نے احمد آباد کے مندر احاطے میں 30 سے زائد عقیدتمندوں کو ہلاک کیا۔

- 2005 دہلی سلسلہ وار بم دھماکے: دیوالی کے دوران دھماکوں میں درجنوں افراد ہلاک ہوئے۔

- 2006 ممبئی لوکل ٹرین بم دھماکے: سلسلہ وار دھماکوں میں 180 سے زائد مسافر ہلاک ہوئے۔

- 2008 کابل میں ہندوستانی سفارتخانے پر بم دھماکہ: خودکش حملہ جس میں ہندوستانی سفارتی مشن کو نشانہ بنا گیا۔

26/11 - 2008 ممبئی دہشت گردانہ حملے: لشکر طیبہ کے مسلح افراد نے ممبئی کے کئی مقامات پر 166 افراد کو ہلاک کیا۔

دہشت گردانہ حملوں کا پانچواں دور: 2010-2025

- 2010 جرمن بیکری دھماکہ، پونے
- 2016 پٹھان کوٹ ایئربیس پر حملہ
- 2016 اُڑی فوجی کیمپ پر حملہ
- 2016 نگروٹا فوجی کیمپ پر حملہ
- 2019 پلوامہ خودکش حملہ: جیش محمد کے حملے میں 40 سی آر پی ایف اہلکار ہلاک ہوئے۔
- 2025 پہلگام دہشت گردانہ حملہ

(نیشنل اسٹریٹیجک تھنک ٹینک (نیٹ اسٹارٹ) ایک آزاد غیر منافع بخش ادارہ ہے جو اسٹریٹیجک اور سکیورٹی مسائل پر تحقیق کرتا ہے)

ہندوستان پر 50 فیصد تک ٹیرف عائد کرنے کے ٹرمپ کے فیصلے کے خلاف ایوانِ نمائندگان کے تین ارکان نے قرارداد پیش کی

واشنگٹن، 13 دسمبر (یو این آئی) امریکہ میں کانگریس (پارلیمنٹ) کے ایوانِ زیریں، ایوانِ نمائندگان کے تین ارکان نے صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی جانب سے ہندوستان سے درآمد کی جانے والی اشیا پر عائد کیے گئے 50 فیصد تک کے ٹیرف کو ختم کرنے کے لیے ایک قرارداد پیش کی ہے۔ امریکی ارکانِ پارلیمنٹ نے جمعہ کو پیش کی گئی اس قرارداد میں ان ٹیرف کو "غیر قانونی" قرار دیا اور کہا کہ اس سے امریکی مزدوروں اور صارفین کو نقصان پہنچے گا، نیز امریکہ-ہندوستان تعلقات میں بھی کشیدگی پیدا ہوگی۔ یہ قرارداد ری پریزنٹیٹیو ڈیبورا راس، مارک ویسی اور راجا کرشن مورتی نے پیش کی ہے۔ اس سے قبل سینیٹ میں برازیل پر عائد اسی نوعیت کے ٹیرف کو واپس لینے اور ہنگامی اختیارات کے تحت تجارتی محصولات عائد کرنے کے صدر کے اختیارات کو محدود کرنے کے لیے دونوں جماعتوں نے مل کر کوشش کی تھی۔ ایک سرکاری بیان کے مطابق، اس قدم کا مقصد 27 اگست کو ہندوستانی اشیا پر لگائے گئے اضافی 25 فیصد ٹیرف کو منسوخ کرانا ہے۔ واضح رہے کہ امریکہ نے بین الاقوامی ہنگامی اقتصادی اختیارات ایکٹ (آئی ای ای پی اے) کے تحت متعدد ہندوستانی مصنوعات پر ٹیرف بڑھا کر 50 فیصد کردیا ہے۔ محترمہ راس نے کہا کہ "شمالی کیرولینا کی معیشت تجارت، سرمایہ کاری اور ایک متحرک ہند نژاد امریکی برادری کے ذریعے ہندوستان سے گہرائی سے جڑی ہوئی ہے۔" انہوں نے بتایا کہ ہندوستانی کمپنیوں نے ریاست میں 100 کروڑ امریکی ڈالر سے زائد کی سرمایہ کاری کی ہے، جس سے لائف سائنسز اور ٹیکنالوجی جیسے شعبوں میں ہزاروں نوکریاں پیدا ہوئی ہیں، جبکہ شمالی کیرولینا کے کاروباری ادارے ہر سال ہندوستان کو ہزاروں ڈالر مالیت کا سامان فراہم کرتے ہیں۔ مسٹر ویسی نے کہا کہ "ہندوستان ایک اہم ثقافتی، اقتصادی اور اسٹریٹجک شراکت دار ہے اور یہ غیر قانونی ٹیرف شمالی ٹیکساس کے عوام پر ایک روزمرہ کا ٹیکس ہیں، جو پہلے ہی بڑھتی ہوئی قیمتوں کا سامنا کر رہے ہیں۔" ہند نژاد امریکی کانگریس رکن راجا کرشن مورتی نے ٹیرف کو "نقصان دہ" قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ سپلائی چین میں خلل ڈالتے ہیں، امریکی مزدوروں کو نقصان پہنچاتے ہیں اور صارفین کے لیے لاگت بڑھاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیرف کے خاتمے سے امریکہ-ہندوستان اقتصادی اور سلامتی تعاون مضبوط ہوگا۔ مسٹر کرشن مورتی نے کہا کہ "امریکی مفادات یا سلامتی کو آگے بڑھانے کے بجائے یہ ٹیرف انہیں کمزور کرتے ہیں۔ ان نقصان دہ اقدام کو ختم کرنے سے امریکہ کو ہندوستان کے ساتھ تعمیری طور پر جڑنے اور ہماری مشترکہ اقتصادی اور سلامتی ترجیحات کو آگے بڑھانے کا موقع ملے گا۔" یہ قرارداد کانگریسی ڈیموکریٹس کی جانب سے مسٹر ٹرمپ کے یکطرفہ تجارتی اقدامات کو چیلنج کرنے اور ہندوستان کے ساتھ کشیدہ تعلقات کو دوبارہ بہتر بنانے کی وسیع تر کوششوں کا حصہ ہے۔ اکتوبر کے آغاز میں محترمہ راس، مسٹر ویسی اور مسٹر کرشن مورتی نے کانگریس رکن رو کھنہ اور 19 دیگر ارکان کے ساتھ مل کر صدر سے ٹیرف پالیسی واپس لینے اور دوطرفہ تعلقات کو بہتر بنانے کی اپیل کی تھی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ "مسٹر ٹرمپ کے ہندوستان پر عائد ٹیرف کو ختم کرنا تجارت پر کانگریس کے آئینی اختیار کو بحال کرنے اور غلط تجارتی پالیسیوں کے نفاذ کے لیے ہنگامی اختیارات کے غلط استعمال کو روکنے کی وسیع تر کوشش کا حصہ ہے۔"

اسرائیل کا مغربی کنارے میں مقبوضہ 19 آبادیوں کو نئے منصوبے کے تحت قانونی حیثیت دینے کا فیصلہ

تل ابیب، 13 دسمبر (یو این آئی) اسرائیل کی سیکیورٹی کابینہ نے مقبوضہ مغربی کنارے میں 19 بستیوں کو قانونی حیثیت دینے کا منصوبہ منظور کرلیا۔ مقامی میڈیا نے جمعہ کو یہ اطلاع دی ہے۔ یہ فیصلہ وزیرِ خزانہ بزلئیل سموٹریک کی طرف سے مقبوضہ مغربی کنارے میں 19 غیر قانونی بستیوں کو رسمی حیثیت دینے کی تجویز پیش کرنے پر منعقدہ کابینہ کے اجلاس کے دوران کیا گیا۔ کچھ مقامات حال ہی میں قائم کیے گئے ہیں، جبکہ دیگر پہلے سے موجود تھے اور اب انہیں رسمی حیثیت دی جائے گی۔ چینل 14 نے رپورٹ کیا ہے کہ جن بستیوں کا ذکر کیا گیا ان میں غنیم اور قدیم بھی شامل ہیں، جنہیں 2005 میں اسرائیل کے علیحدگی منصوبے کے تحت خالی کرایا گیا تھا، جس میں غزہ سے بستیاں ہٹانا بھی شامل تھا۔ چینل 14 نے رپورٹ کیا کہ یہ فیصلہ مقبوضہ مغربی کنارے کے شمالی حصوں میں بستیوں کی طرف "مکمل واپسی" کو ظاہر کرتا ہے اور اس علاقے کو اس کے بائبل کے نام یعنی یہودیہ اور سامار یہ سے موسوم کرتا ہے۔ اس ادارے نے اس اقدام کو بستی پالیسی میں ایک بڑا موڑ قرار دیا اور کہا کہ یہ قدم سموٹریک کی قیادت میں اٹھایا گیا۔ رپورٹ کے مطابق سیاسی فیصلہ نافذ کرنے کے لیے اب تیز رفتار منصوبہ بندی کا عمل شروع ہوگا تاکہ کابینہ کی منظوری کے مطابق بستیوں کے قیام اور انہیں قانونی حیثیت دلائی جا سکے۔ اسرائیلی بائیں بازو کے گروپ پیس ناؤ کا کہنا ہے کہ تقریباً 500,000 غیر قانونی اسرائیلی آبادکار مقبوضہ مغربی کنارے کی مختلف بستیوں میں رہتے ہیں، جبکہ مزید 250,000 مشرقی یروشلم کے مقبوضہ حصے پر بنائی گئی بستیوں میں مقیم ہیں۔ اقوامِ متحدہ کی قراردادوں میں بیان کردہ مقبوضہ مغربی کنارے میں توسیع اور رسمی طور پر ضم کرنا دراصل دو ریاستی حل-ایک اسرائیلی اور ایک فلسطینی ریاست-کے نفاذ کے امکان کو ختم کر دے گا۔ اسرائیل 1948 میں فلسطینی سرزمین پر قائم ہوا، اور بعد ازاں اس نے باقی فلسطینی علاقوں پر قبضہ کرلیا۔ مسلسل آنے والی اسرائیلی حکومتوں نے ان علاقوں سے انخلاء اور دارالحکومت مشرقی القدس ہونے والی ایک آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کو مسترد کیا ہے۔

☆

یمن میں علیحدگی پسندوں کے حملے میں 30 سے زائد فوجی ہلاک

صنعا، 13 دسمبر (یو این آئی) مشرقی یمن کے حضرموت صوبے میں علیحدگی پسند فورسز کے حملے میں 30 سے زیادہ یمنی فوجی ہلاک ہوگئے۔ فوج کے جنرل اسٹاف نے سرکاری خبر رساں ایجنسی صنعا سے بات کرتے ہوئے علیحدگی پسند فورسز پر الزام لگایا کہ وہ بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے زخمیوں کو قتل کر رہے ہیں اور قیدیوں کو پھانسی دے رہے ہیں۔ جنرل اسٹاف نے جمعہ کے روز کہا کہ علیحدگی پسندوں کے حملے میں کم از کم 32 یمنی افسران اور فوجی ہلاک ہوئے، جبکہ 45 دیگر زخمی ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ کئی افسران اور فوجی اب بھی لاپتہ ہیں۔ جنرل اسٹاف نے علیحدگی پسندوں پر الزام لگایا کہ وہ حضرموت کو غیر مستحکم کرنے اور بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ حکام کے زیرِ کنٹرول علاقوں میں سیاسی عمل کو کمزور کرنے کے لیے تیل سے مالا مال مشرقی صوبے پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں۔ یمنی حکومت ذرائع نے بتایا کہ یمن کی بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ حکومت کے دارالحکومت عدن میں مشرقی یمن سے علیحدگی پسند فورسز کی واپسی پر گفتگو کے لیے ایک سعودی-اماراتی وفد آیا تھا۔ ذرائع نے بتایا کہ وفد نے یمن کی صدارتی قیادت کونسل (پی ایل سی) کے رکن عیدروس الزبیدی سے ملاقات کی۔ قابلِ ذکر ہے کہ مسٹر الزبیدی مشرقی یمن میں حضرموت اور المہرہ صوبوں پر علیحدگی پسند فورسز کے قبضے کے بعد پیدا ہونے والی کشیدگی کو قابو میں رکھنے کے لیے عبوری کونسل کی قیادت کر رہے ہیں۔ مقامی حکومت نے کہا کہ دسمبر کے آغاز میں علیحدگی پسند اتحاد کی فورسز نے المسیلہ کے تیل کے میدانوں پر قبضہ کر لیا تھا۔ اس سے قبل ایک برس سے زیادہ عرصے سے تعینات حضرموت قبائلی اتحاد کی یونٹوں کے ساتھ جھڑپیں ہوئیں، جن میں دونوں جانب کے 12 افراد ہلاک یا زخمی ہوئے۔ اس واقعے نے تیل کمپنی کو پیداوار روکنے پر مجبور کردیا۔

برطانیہ کے شاہ چارلس سوم کا عوام کو اپنی بیماری سے متعلق آگاہ

لندن، 13 دسمبر (یو این آئی) برطانیہ کے شاہ چارلس سوم نے ایک ویڈیو پیغام میں عوام کو اپنی صحت کے بارے میں ایک مثبت اپ ڈیٹ دیا ہے۔ یہ پیغام برطانوی میڈیا پر 'اسٹینڈ اپ ٹو کینسر' مہم کے دوران نشر کیا گیا، جس میں وہ کینسر کی ابتدائی تشخیص کی اہمیت پر زور دیتے نظر آئے۔ ویڈیو پیغام میں شاہ چارلس نے اپنے کینسر کے مرض، اس کی تشخیص اور علاج سے متعلق بتایا کہ قبل از وقت تشخیص نے میرا علاج آسان بنایا۔ شاہ چارلس نے کہا کہ برطانیہ کے عوام بھی کینسر اسکریننگ پروگرام میں حصہ لیں اور وقت سے پہلے تشخیصی عمل سے فائدہ اٹھائیں۔ دوسری جانب بکنگھم پیلس کے ترجمان نے تصدیق کی کہ شاہ چارلس علاج پر "غیر معمولی طور پر اچھا ردعمل" دے رہے ہیں، اور اب علاج "احتیاطی مرحلے" میں منتقل ہو جائے گا۔ تاہم، علاج مکمل طور پر ختم نہیں ہو رہا ان کی نگرانی جاری رہے گی۔ شاہ چارلس نے کینسر کی قسم یا مرحلے کی تفصیلات نہیں بتائیں (جیسا کہ پہلے بھی نہیں بتائی گئیں)، اور یہ واضح کیا کہ وہ تمام کینسر مریضوں کی حمایت کے لیے بات کر رہے ہیں۔ شاہ چارلس کو کینسر کی تشخیص فروری 2024 میں ہوئی تھی، جب وہ بڑھے ہوئے پروسٹیٹ کے علاج کے دوران اسپتال میں تھے۔

عدالت کی ترک ٹیچر کو جنسی ہراسانی پر 130 سال کی سزا

استنبول، 13 دسمبر (یو این آئی) ترکیہ میں ایک ٹیچر کو عدالت نے جنسی ہراسانی پر 130 سال کی سزا سنائی ہے۔ 6 طالبات کو ہراساں کیے جانے کے اس کیس نے پورے ملک کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ ترک میڈیا کے مطابق ترکیہ کی ریاست کوجالی کی پہلی کریمنل کورٹ نے ایک پرائیویٹ اسکول کے اندر چھ طالبات کے جنسی استحصال کے الزام میں ایک ٹیچر ماہر ارلپ کو 130 سال قید کی سزا سنائی ہے۔ اس کیس نے انسانی حقوق کے حلقوں کو ہلا کر رکھ دیا ہے اور اسے ملک کا ایک بڑا اسکینڈل قرار دیا گیا، انسانی حقوق کے محافظوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ملک میں نجی تعلیمی اداروں کی نگرانی کو لازمی کیا جائے۔ 45 سالہ ٹیچر ماہر ارلپ کی سزا میں عدالت نے کوئی رعایت نہیں کی، بتایا گیا کہ ملزم پر پہلے بھی بچوں کو دھمکانے کے الزامات لگے تھے تاہم وہ بری ہو گیا تھا، متاثرین کے وکلا نے بتایا کہ ملزم نے دو سال سے زیادہ عرصے تک بچوں کا استحصال کیا، وکلا نے ہر بچے کے لیے عائد زیادہ سے زیادہ الزامات کو لاگو کرنے اور سزا میں کوئی کمی نہ کرنے کا مطالبہ کیا۔ جس وقت ملزم کو سزا سنائی جا رہی تھی، عدالت میں متاثرہ طلبہ کے اہلِ خانہ بھی موجود تھے۔ انھوں نے آخری لمحات میں بھی کہا کہ ان کی شکایت برقرار ہے اور وہ ملزم کے لیے زیادہ سے زیادہ سزا کا مطالبہ کرتے ہیں۔ اس کیس میں سوشل میڈیا صارفین نے بھی زیادہ سے زیادہ سزا کا مطالبہ کیا۔ دوسری طرف ملزم کے وکلا نے عدالت سے استدعا کی کہ ان کی سابقہ درخواستوں پر دوبارہ غور کیا جائے، جن میں جائے وقوعہ پر تفصیلی تحقیقات اور گواہوں سے باقاعدہ جرح کا مطالبہ شامل ہے۔ وکلا کا مؤقف تھا کہ اگر یہ درخواستیں منظور نہیں کی جاتیں تو ملزم کو عائد الزامات سے بری کیا جائے۔ دوسری جانب ملزم نے تمام الزامات کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ پیش کی گئی کہانی حقائق پر مبنی نہیں اور اس کا کسی بھی شخص کے ساتھ جنسی تعلق نہیں رہا، اسے بدنام کیا جا رہا ہے، ملزم نے کہا میں ایک اچھا باپ، ایک اچھا شوہر اور ایک اچھا استاد ہوں، میں نے کوئی غلط کام نہیں کیا اور میرا ضمیر مطمئن ہے۔

برطانیہ کی بڑے پیمانے پر جنگی تیاری شروع امریکہ پر انحصار ختم کرنے کا اعلان

لندن، 13 دسمبر (یو این آئی) برطانیہ نے بڑے پیمانے پر جنگ کی تیاری شروع کردی، مسلح افواج کے وزیر کرنل ایسکاٹ کارنز نے کہا جنگ کے سائے یورپ کے دروازے پر دستک دے رہے ہیں، برطانیہ کو تیار ہونا ہوگا۔ ایک انٹرویو میں برطانوی وزیر کا کہنا تھا کہ برطانیہ کے خلاف دشمن انٹیلیجنس سرگرمیوں میں گزشتہ سال کے دوران پچاس فیصد سے زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ نیٹو ممالک کو جنگی تیاری کے لیے خرچ بڑھانا ہوگا، پچھلے پچاس ساٹھ سال سے برطانیہ نے اپنا دفاع امریکہ کو آؤٹ سورس کیا ہوا تھا لیکن اب برطانیہ کو اپنے دفاع کے لیے امریکہ پر انحصار ختم کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ رویہ ترک کرنا ہوگا اور اپنا دفاع خود کرنا ہوگا۔ حکومت نے نئی ڈیفنس کاؤنٹر انٹیلی جنس یونٹ قائم کرنے کا اعلان کیا ہے جو مخالف ریاستوں کی جاسوسی کارروائیوں کا سراغ لگانے اور انہیں ناکام بنانے کی صلاحیت کو بڑھائے گی۔ نیٹو کے سربراہ مارک روٹے نے یورپی اتحادیوں کو خبردار کیا کہ انہیں روس کے ساتھ ممکنہ بڑے تصادم کے لیے تیار رہنا چاہیے، ایسا تصادم جس کی شدت کا سامنا ماضی میں پہلی اور دوسری عالمی جنگوں میں کیا گیا تھا۔

ایران کا خلیج عمان میں ایندھن سے بھرا تیل بردار جہاز پر قبضہ

تہران، 13 دسمبر (یو این آئی) ایران کی جانب سے کی گئی بڑی کارروائی میں خلیج عمان میں ایک تیل بردار جہاز کو قبضے میں لیا گیا ہے۔ جہاز میں 6 ملین لیٹر غیر قانونی ڈیزل موجود تھا۔ جہاز کے عملے میں ہندوستان، سری لنکا اور بنگلہ دیش کے 18 افراد شامل تھے۔ غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق یہ جہاز ہرمزگان صوبے کے ساحل کے قریب سوار کیا گیا اور جہاز کے تمام نیویگیشن سسٹم معطل تھے۔ ایرانی فورسز اکثر خلیج میں ایسے جہازوں کی اطلاع دیتی ہیں جو غیر قانونی طور پر ایندھن منتقل کر رہے ہوں۔ رپورٹس کے مطابق ایران میں ریٹیل ایندھن کی قیمتیں دنیا میں سب سے کم ہیں، جس کے باعث اسے دیگر ممالک میں اسمگل کرنا انتہائی منافع بخش ثابت ہوتا ہے۔ رپورٹس کے مطابق یہ گرفتاری ایسے وقت میں 2 دن بعد سامنے آئی ہے جب امریکہ نے وینزویلا کے ساحل کے قریب ایک تیل سے بھرا جہاز ضبط کیا تھا۔ امریکی حکام کا کہنا تھا کہ ضبط شدہ جہاز کا کپتان وینزویلا اور ایران سے تیل منتقل کر رہا تھا، جبکہ 2022 میں امریکی محکمہ خزانہ نے وینزویلا پر ایران کی اسلامی انقلابی گارڈ کور اور حزب اللہ سے تعلقات کے الزام میں پابندیوں کی زد میں لے لیا تھا۔

امریکہ میں موجود 2 ہزار افغان شہریوں کا دہشت گرد تنظیموں سے روابط کا انکشاف

واشنگٹن، 13 دسمبر (یو این آئی) امریکہ میں موجود 2 ہزار افغان شہریوں کا دہشت گرد تنظیموں سے روابط کا انکشاف ہوا ہے۔ نیشنل انٹیلی جنس کی ڈائریکٹر تلسی گبارڈ نے امریکی میڈیا کو انٹرویو میں بائیڈن انتظامیہ کے دور میں امریکہ آنے والے افغان شہریوں کی جانچ کے سست عمل پر کڑی تنقید کی اور کہا کہ آپریشن الائیز ویلکم کے تحت 18 ہزار افغان شہری امریکہ میں داخل ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ بائیڈن انتظامیہ کے تحت امریکہ میں آنے والے افغان شہریوں کی صحیح جانچ نہیں کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ آپریشن الائیز ویلکم کے تحت آنے والے ہر ایک افغان شہری کا قریب سے جائزہ لیا جا رہا ہے اور اس حوالے سے تمام ادارے متحرک ہیں۔ تلسی گبارڈ نے انکشاف کیا کہ امریکہ آنے والے 18 ہزار میں سے 2 ہزار افغان شہریوں کے دہشت گرد تنظیموں سے براہ راست یا ممکنہ روابط ہیں۔

بنگلہ دیش میں عام انتخاب کا اعلان ہوتے ہی تشدد کا دور شروع، آزاد امیدوار کو شر پسندوں نے ماری گولی

بنگلہ دیش 13 دسمبر: بنگلہ دیش میں عام انتخاب کے لیے تاریخوں کا اعلان ہونے کے بعد سے سرگرمیاں عروج پر پہنچ گئی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی انتخابی تشدد کا نیا سلسلہ بھی شروع ہو گیا ہے، جس نے شفاف اور تشدد سے پاک انتخاب پر سوال کھڑے کر دیے ہیں۔ بنگلہ دیشی میڈیا کے مطابق 'انقلاب منچ' کے ترجمان اور ڈھاکہ-8 انتخابی حلقہ سے آزاد امیدوار شریف عثمان ہادی جمعہ کی دوپہر کو انتخابی تشہیر کے دوران گولی مار دی گئی۔ بنگلہ دیشی میڈیا یو این بی نے بتایا کہ ڈھاکہ میڈیکل کالج اور اسپتال میں انہیں علاج کے لیے داخل کرایا گیا ہے۔ پولیس کیمپ کے انچارج انسپکٹر محمد فاروق نے بتایا کہ تشہیر کے دوران دوپہر تقریباً 2.30 بجے بدمعاشوں نے انہیں گولی ماری۔ حالانکہ پولیس نے یہ صاف نہیں کیا کہ ان کے جسم پر گولی کہاں لگی ہے۔ 'دی ڈیلی اسٹار' کے مطابق آزاد امیدوار ہادی کو آج دوپہر ڈھاکہ کے پلٹن علاقہ میں رکشہ سے جاتے وقت گولی ماری گئی۔ چشم دیدوں نے بتایا کہ ہادی رکشہ پر بجوئے نگر کی طرف جا رہے تھے، تبھی موٹر سائیکل پر ہیلمٹ پہنے 2 لوگوں نے بیت السلام جامع مسجد کے سامنے ان پر گولیاں چلائیں اور موقع سے فرار ہو گئے۔ ڈھاکہ میٹروپولیٹن پولیس کے موتی جھیل ڈویژن کے ڈپٹی کمشنر ہارون الرشید نے بتایا کہ پولیس حملہ آوروں کی شناخت کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ جائے حادثہ کے پاس ڈی آر ٹاور کے سیکورٹی گارڈ ثاقب حسین نے کہا کہ جب گولیاں چلیں تو وہ بلڈنگ کے اندر تھے۔ پولیس افسران نے اس معاملے کی جانچ کی بات کہی ہے۔ اس واقعہ سے ایک دن قبل جمعرات کی شام 6 بجے الیکشن کمیشن نے بنگلہ دیش میں انتخاب کی تاریخوں کا اعلان کیا ہے۔ بنگلہ دیش میں 12 فروری 2026 کو عام انتخاب ہونے جا رہا ہے۔ پارلیمانی انتخاب کے لیے پرچہ نامزدگی 29 دسمبر 2025 تک داخل کیے جائیں گے۔ 30 دسمبر سے 4 جنوری 2026 تک پرچہ نامزدگی کی جانچ ہوگی۔ 20 جنوری نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ ہے، جبکہ 21 جنوری کو انتخابی نشانات کا الاٹمنٹ اور حتمی امیدواروں کی فہرست جاری ہوگی۔ اس کے ساتھ ہی 22 جنوری سے 10 فروری کی صبح 7.30 بجے تک انتخابی تشہیر کی اجازت ہوگی۔ واضح رہے کہ ملک میں انتخابی تشدد کا یہ پہلا معاملہ نہیں ہے۔ اس سے قبل بی این پی کے 2 گروپوں میں بھی تشدد کے معاملے دیکھنے کو ملے۔ بی این پی میں داخلی رنجش تھمنے کا نام نہیں لے رہا ہے۔ اکثر 2 گروپوں کے درمیان پُر تشدد واقعات پیش آ رہے ہیں۔ محمد یونس کی قیادت والی عبوری حکومت میں ملک بھر میں تشدد اور انارکی والے حالات دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ عالم یہ ہے کہ ملک بھر میں سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ حکومت کے حامیوں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے۔

ڈونلڈ ٹرمپ کے 100 ہزار ڈالر ایچ 1-بی ویزا فیس کے خلاف 20 ریاستوں کا مقدمہ

واشنگٹن، 13 دسمبر (یو این آئی) امریکہ کی 20 ریاستوں نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایچ 1-بی ویزا پر 100 ہزار ڈالر فیس عائد کرنے کے فیصلے کے خلاف وفاقی عدالت میں مقدمہ دائر کر دیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی ریاستوں کا مؤقف ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ کی یہ نئی پالیسی غیر قانونی ہے اور تعلیم، صحت اور دیگر ضروری عوامی خدمات کو شدید نقصان پہنچا سکتی ہے۔ یہ مقدمہ ہوم لینڈ سیکیورٹی ڈیپارٹمنٹ کی اس پالیسی کے خلاف ہے جس کے تحت ہنرمند غیر ملکی کارکنوں کے لیے ایچ 1-بی ویزا درخواستوں کی فیس میں غیر معمولی اضافہ کیا گیا۔ امریکی ریاستوں کا کہنا ہے کہ وفاقی حکومت کو اس قدر بھاری فیس عائد کرنے کا اختیار حاصل نہیں اور یہ فیصلہ انتظامی طریقۂ کار اور آئینی حدود کی خلاف ورزی ہے۔ ایچ 1-بی پروگرام سے متعلق فیس ہمیشہ صرف انتظامی اخراجات تک محدود رہی ہے۔ ریاستوں کا مؤقف ہے کہ اس فیصلے سے تعلیمی اداروں اور صحت کے شعبے میں پہلے سے موجود عملے کی کمی مزید سنگین ہو جائے گی۔ حالیہ تعلیمی سال کے دوران امریکہ کے 74 فیصد اسکولوں کو اساتذہ کی خالی آسامیوں پر تقرری میں مشکلات کا سامنا رہا۔ واضح رہے کہ ایچ ون بی ویزا پروگرام امریکی اسپتالوں، جامعات اور سرکاری اسکولوں میں بڑے پیمانے پر استعمال ہوتا ہے۔ ایچ 1-بی ویزا رکھنے والوں میں اساتذہ تیسرا بڑا پیشہ ور گروپ ہیں۔ اسی طرح صحت کے شعبے میں بھی اس پروگرام پر انحصار کیا جاتا ہے۔ نئی پالیسی کے تحت بھاری بھرکم فیس کا اطلاق 21 ستمبر 2025ء کے بعد دائر کی گئی درخواستوں پر کیا گیا جبکہ ہوم لینڈ سیکیورٹی کے سیکریٹری کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ کچھ درخواستوں کو فیس سے مستثنیٰ بھی قرار دے سکتے ہیں۔ اس سے قبل ایچ 1-بی ویزا کے لیے مجموعی سرکاری فیس 960 ڈالر سے 7 ہزار 595 ڈالر کے درمیان تھی۔ مالی سال 2024ء میں تقریباً 17 ہزار ایچ 1-بی ویزے طبی اور صحت کے شعبے کے لیے جاری کیے گئے تھے جن میں سے نصف کے قریب غیر ملکی افراد معالجین اور سرجن تھے۔ امریکی انتظامیہ کی نئی پالیسی کے تحت امریکہ کو 2036ء تک 86 ہزار ڈاکٹروں کی کمی کا سامنا ہو سکتا ہے۔ یہ مقدمہ کیلیفورنیا اور میساچوسٹس کی قیادت میں دائر کیا گیا ہے جس میں ایریزونا، کولوراڈو، کنیکٹیکٹ، ڈیلاویئر، ہوائی، الینوائے، میری لینڈ، مشی گن، مینیسوٹا، نیواڈا، نارتھ کیرولائنا، نیو جرسی، نیویارک، اوریگن، رہوڈ آئی لینڈ، ورمونٹ، واشنگٹن اور وسکونسن شامل ہیں۔ ایچ 1-بی ویزا پروگرام امریکا میں ہنرمند غیر ملکی کارکنوں کے لیے ایک اہم راستہ سمجھا جاتا ہے جس کے تحت بڑی تعداد میں پیشہ ور افراد ٹیکنالوجی، صحت اور تعلیمی تحقیق کے شعبوں میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔

ٹرمپ نے پھر تھائی لینڈ اور کمبوڈیا میں جنگ بندی کروادی

واشنگٹن، 13 دسمبر (یو این آئی) امریکی اسپیشل فورسز نے گزشتہ ماہ بحر ہند میں چین سے ایران جانے والے جہاز پر چھاپہ مار کر دفاعی سامان ضبط کرلیا۔ امریکی اخبار کی رپورٹ کے مطابق دفاعی سامان میں ایران کے روایتی ہتھیاروں کے پرزے شامل تھے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ایران جانے والے دفاعی سامان کو موقع پر تباہ کر دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق جہاز سری لنکا کے قریب سمندر میں روکا گیا اور اسے تلاشی کے بعد جانے کی اجازت دی گئی۔ امریکی حکام کا کہنا ہے کہ یہ کارروائی انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر عمل میں لائی گئی۔ ضبط کیے گئے سامان کی نوعیت اور مقدار کے بارے میں فوری طور پر مزید تفصیلات جاری نہیں کی گئیں۔

غزہ کی تکلیفوں میں اضافہ ہو گیا

غزہ، 13 دسمبر (یو این آئی) اسرائیلی بمباریوں کے بعد اب طوفانی بارشوں اور سخت سردی نے غزہ کی پٹی کو اپنی زد میں لے لیا ہے، جس سے 12 افراد جاں بحق اور 27 ہزار خیمے ڈوب گئے ہیں۔ غزہ کی پٹی میں گزشتہ دنوں ہونے والی موسلادھار بارشوں کے باعث ہلاکتوں کی تعداد بڑھ کر 12 ہو گئی ہے، فلسطینی ذرائع کے مطابق مرنے والوں میں بچے بھی شامل ہیں، اس دوران کم از کم 13 گھر منہدم ہو چکے ہیں۔ شدید بارشوں اور طوفانی سیلابی ریلوں نے ستائیس ہزار سے زیادہ بے گھر افراد کے خیمے پانی میں ڈبو دیے، اکھاڑ دیے یا بہا لے گئے، فلسطینی خبر رساں ادارے وفا کے مطابق بیت لاہیا کے علاقے بئر النعجہ میں ایک مکان گرنے سے 5 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہو گئے، جمعرات کو الشاطی کیمپ میں دیوار گرنے سے ایک شہری کی موت واقع ہوئی۔ جمعہ کی صبح غزہ کے مغربی علاقے الرمال میں بے گھر افراد کے خیموں پر ایک بڑی دیوار گرنے سے 2 شہری اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ دوسری طرف شدید سردی کے باعث ایک بچی، جب کہ الشاطی کیمپ میں ایک شیر خوار جاں بحق ہو گیا۔ غزہ کے علاقے التمادی میں ابو جبل کیمپ کے اندر خیمہ گرنے سے دو بچے زخمی ہوئے، غزہ کی پٹی کے جنوبی شہر خان یونس کے علاقے المواصی میں گزشتہ روز سخت سردی سے ایک شیر خوار بچی کی موت ہو گئی۔ طوفانی بارشوں کے باعث المواصی کیمپ میں پوری کی پوری خیمہ بستیاں پانی میں ڈوب گئیں، دیر البلح کے علاقے البصہ اور البرکہ، النصیرات میں مرکزی بازار اور غزہ شہر میں الیرموک اور المیناء کے علاقوں کو بھی شدید نقصان پہنچا۔ اقوام متحدہ کی امدادی ایجنسی برائے فلسطینی مہاجرین انروا نے جمعرات کے روز خبردار کیا کہ موسلادھار بارشوں اور خیموں کے بھیگنے سے پہلے ہی بگڑی ہوئی صحت و صفائی کی صورت حال مزید خراب ہو رہی ہے۔

اسرائیل اور اس کے سہولت کاروں کو غزہ کی تعمیر نو کا خرچہ اٹھانا چاہیے: اقوام متحدہ

واشنگٹن، 13 دسمبر (یو این آئی) فلسطین کے لیے اقوام متحدہ کی نمائندہ خصوصی نے کہا ہے کہ غزہ پر بمباری کے لیے اسرائیل کو اسلحہ مہیا کرنے والے ممالک امریکہ، جرمنی، برطانیہ اور اٹلی کو چاہیے کہ اب غزہ کی تعمیر نو پر خرچہ اٹھائیں۔ عرب میڈیا کے مطابق فلسطین کے لیے اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل کی رابطہ کار فرانسسکا البانیز نے کہا ہے کہ ان پر امریکہ کی جانب سے پابندیوں کی وجہ سے ان کی پیشہ ورانہ زندگی متاثر ہو رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وہ اب امریکہ کا سفر نہیں کر سکتیں اور انہیں اس وجہ سے مجرموں کی طرح سلوک کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ فرانسسکا البانیز نے کہا کہ اسرائیل نے جو فلسطینیوں کے ساتھ طریقہ کار اپنایا ہے وہ برطانوی نوآبادیاتی کالونی والا ہے جس میں فلسطینیوں کو حراست میں لینا اور تشدد کرنا عام سی بات ہے۔

ڈپٹی میئر ابھیجیت گھٹک کا ہاٹن روڈ کو جام سے پاک بنانے کیلئے دورہ

آسنسول: 13ر دسمبر، (عوامی نیوز سروس): آسنسول میونسپل کارپوریشن کے ڈپٹی میئر ابھیجیت گھٹک نے ہفتہ کو آسنسول کے ہاٹن روڈ علاقے کا دورہ کیا۔ ان کے ساتھ آئی این ٹی یو سی آسنسول نارتھ بلاک 1 کے صدر راجو اہلووالیہ، محکمہ ٹریفک کے وشواجیت ساہا، آسنسول ساؤتھ ٹریفک گارڈ انچارج سنجے منڈل اور محکمہ ٹریفک کے دیگر افسران بھی تھے۔ انہوں نے ٹریفک کی بھیڑ کو کم کرنے اور سڑک پر کھڑے ٹوٹوس (کاروں) کے مسافروں کو اٹھانے اور اتارنے کے رواج کو ختم کرنے کے بارے میں تبادلہ خیال کیا ابھیجیت گھٹک نے کہا کہ ہاٹن روڈ ٹریفک جام ٹوٹوس (کاروں) کے مسافروں کو سڑک پر اٹھانے اور اتارنے کی وجہ سے ہوتا ہے اس لیے آج علاقے کا دورہ کیا گیا اور میونسپل پارکنگ لاٹ کو ٹوٹو اور آٹو اسٹینڈ میں تبدیل کر دیا جائے گا انہوں نے کہا کہ اگلے چند دنوں میں ہاٹن روڈ چوراہے پر جو ٹوٹوس (کاریں) سڑک پر کھڑی ہوتی تھیں، وہ پارکنگ میں کھڑی ہو جائیں گی اور وہاں سے مسافروں کو اٹھا کر اتاریں گی اس سے سڑک پر ٹریفک جام ختم ہو جائے گا، اور گاڑیاں معمول کے مطابق کھڑی رہیں گی۔ راجو اہلووالیا نے کہا کہ ہاٹن روڈ پر ٹریفک جام کے مسئلے سے نمٹنے کے لیے مغربی بردوان ضلع کے میئر اور INTTUC صدر ابھیجیت سنگھٹن نے آج ہاٹن روڈ علاقے کا دورہ کیا۔ انہوں نے ٹریفک جام کو کم کرنے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہاٹن روڈ کو جلد ٹریفک جام سے پاک کر دیا جائے گا۔

☆☆☆

سودھ پور میں یوتھ ترنمول کارکنوں کی کانفرنس

آسنسول: 13ر دسمبر، (عوامی نیوز سروس): مغربی بردوان ضلع کے آسنسول کے کلٹی ٹاؤن بلاک-1 میں سہ پہر 3 بجے یوتھ ترنمول کانگریس کی جانب سے سیاسی کارکنوں کی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ معلوم ہوا ہے کہ یہ کانفرنس آئندہ 2026 کے انتخابات کے لیے تنظیم کو مزید مضبوط بنانے کے مقصد سے منعقد کی گئی تھی اس موقع پر یوتھ ترنمول کانگریس کے ضلع صدر پارتھا دیواسی، ترنمول کانگریس مغربی بردوان ضلع کے چیئرمین ہریرام سنگھ، آسنسول میونسپل کارپوریشن کے ڈپٹی میئر ابھیجیت گھٹک سمیت بلاک لیڈران، کارکنان اور حامی موجود تھے۔

نعمت پور: نوجوانوں کے ذریعہ طالب علم کی پٹائی، ایک گرفتار

آسنسول 13 دسمبر (عوامی نیوز سروس) نعمت پور چوراہے پر ٹیکسی اسٹینڈ کے قریب ایک پرائیویٹ اسکول کے طالب علم کو تقریباً 5-6 نوجوانوں نے پیٹا جس سے علاقے میں افراتفری پھیل گئی۔ اسکول کے طالب علم کو 5-6 لوگوں کی پٹائی کرتے دیکھ کر مقامی ٹیکسی ڈرائیور اور دکاندار اسکول کے طالب علم کو بچانے کے لیے بھاگے اور ان نوجوانوں کو پکڑنے کی کوشش کی۔ لیکن ایک کے سوا سب بھاگ گئے مقامی لوگوں نے ایک نوجوان کو پکڑ کر نعمت پور پولس کو اطلاع دی۔ پولس نے موقع پر پہنچ کر اسکول کے طالب علم کو بچایا اور پکڑے گئے نوجوان کو اپنے ساتھ نعمت پور تھانے لے گئے۔ واقعہ دیکھتے ہی لوگوں کی بڑی تعداد جمع ہوگئی۔ مقامی عینی شاہدین نے بتایا کہ وہ وہاں کھڑے تھے جب انہوں نے دیکھا کہ کچھ نوجوانوں نے قریبی اسکول کی طالبہ کو گھیر لیا اور اسے بے دردی سے مارنا شروع کر دیا ڈرائیوروں اور دیگر لوگوں نے مداخلت کر کے لڑائی کو پرسکون کرنے کی کوشش کی ان میں سے ایک کو گرفتار کر لیا گیا تاہم باقی فرار ہو گئیان کا کہنا تھا کہ انتظامیہ واقعے کی تحقیقات کرے گی۔

مختلف مطالبات کو لے کر سلان پور بلاک آفس کے سامنے بارہ بونی کے بی ایل اوز کا احتجاج

آسنسول: 13ر دسمبر، (عوامی نیوز سروس): بارہ بونی اسمبلی حلقہ کے بوتھ لیول آفیسرز (بی ایل او) نے مختلف مطالبات کو لے کر صبح سلان پور بلاک بی ڈی او آفس کے سامنے دھرنا دیا۔ دریں اثناء بارہ بونی بلاک کے بی ایل اوز نے بارہ بونی اسمبلی کے ای آر او افسر کو ایک تحریری میمورنڈم پیش کیا جس میں موبائل ایپ کے ذریعے نتائج جمع کرانے کی آخری تاریخ میں توسیع پر توجہ دلائی گئی۔ صبح سلان پور بلاک کے تقریباً 143 بی ایل اوز نے پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے اور الیکشن کمیشن کی مسلسل تبدیلیوں اور کام کے بوجھ میں اضافے پر شدید عدم اطمینان کا اظہار کیا اضافی کام کے بوجھ اور نئی ایپ کی مخالفت کرنے والے احتجاج کرنے والے بی ایل اوز کی بنیادی شکایت یہ ہے کہ ایس آئی آر کے تمام کام مکمل کرنے کے بعد بھی الیکشن کمیشن انہیں نئی موبائل ایپلیکیشن کے ذریعے کام دوبارہ کرنے کا حکم دے رہا ہے۔ ایک BLO نے کہا کہ ہمیں پہلے SIR فارم تقسیم کرنے اور جمع کرانے کے لیے کہا گیا، پھر ہم نے انہیں اپ لوڈ کیا۔ اب، ہمیں ناقص فارموں کی تصدیق کرنے، معلومات جمع کرنے اور دوبارہ جمع کرانے کی ہدایت کی جا رہی ہے۔ "BLOs" نے زور دیا کہ وہ پہلے ہی SIR کام مکمل کرنے کے لیے انتہائی مشکل حالات میں کام کر چکے ہیں۔ ایک بی ایل او نے اپنی مشکلات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے بہت محنت اور بڑی مشکل سے کام کیا ہے، اگر آخری لمحات میں ہم پر مزید کام مسلط کیا گیا تو یہ کرنا ہمارے لیے ممکن نہیں ہوگا۔ احتجاج کے بعد بی ایل اوز نے زبانی طور پر بلاک ڈیولپمنٹ آفیسر کو اپنی مشکلات سے آگاہ کیا اور ان سے مداخلت کی درخواست کی۔ انہوں نے اضافی بوجھ سے بچنے کے لیے SIR کے عمل کے لیے جاری کیے گئے مسلسل بدلتے اور اضافی احکامات کو واپس لینے کی درخواست کی۔ بی ایل اوز کا احتجاج اس بات پر روشنی ڈالتا ہے کہ کس طرح ملازمین کو انتظامی احکامات میں مسلسل تبدیلیوں کی وجہ سے الیکشن سے متعلق کام مکمل کرنے کے لیے شدید دباؤ کا سامنا ہے۔ سلان پور کے بی ڈی او دیبنجن بسواس نے کہا کہ اس معاملے کو اعلیٰ حکام کی توجہ میں لایا جائے گا۔

☆☆

پینے کے پانی کی عدم دستیابی پر علاقہ مکینوں کی سڑک بلاک کر کے احتجاج

